www.dailybolan.com
MEMBER APNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED | حب، کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا روزنامہ
Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
فون و فیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760
صفحات 8 | قیمت 20 روپے
جلد 37 | پیر 28 ستمبر 2026، بمطابق 15 ربیع الثانی 1448ھ | شمارہ 289

دہشتگردوں کو آخری انجام تک پہنچا کر رہیں گے — سرفراز بگٹی

وزیر اعلیٰ بلوچستان نے ضلع کوئٹہ کے علاقے شعبان سمیت نوشکی اور مند میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں کو سراہا

سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو مؤثر انداز میں نشانہ بنا کر مقامی آبادی کو درپیش خطرات میں نمایاں کمی کی ہے، سرفراز بگٹی

ہر شہری کے معلومات تک رسائی کے آئینی حق کے لیے پرعزم ہیں، صدر مملکت

درست اور قابلِ اعتماد معلومات تک رسائی ایک باخبر جمہوریت کے لیے نہایت اہم ہے

آصف زرداری کا معلومات تک ہمہ گیر رسائی کے عالمی دن پر پیغام

اسلام آباد (این این آئی) صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے ہر (بقیہ 4 صفحہ 7پر)

وسطی کرم میں مارٹر گولے آبادی پر گرنے سے خاتون جاں بحق، دس سالہ بچہ زخمی

کوہاٹ (این این آئی) قبائلی ضلع کرم کی وسطی تحصیل کے علاقوں (بقیہ 3 صفحہ 7پر)

پاکستان جانچ پڑتال سے نہیں گھبراتا، ہم شواہد کا مطالبہ کرتے ہیں، طارق فضل چوہدری

کنڑ اور نورستان میں ہلاک یا گرفتار افراد کی پاکستان کے ساتھ وابستگی کے ٹھوس شواہد سامنے لائے جائیں

محض الزامات کو حقائق کے طور پر پیش نہیں کیا جاسکتا، پاکستان افغان سرزمین سے سرگرم دہشت گرد نیٹ ورکس کے خطرے کی مسلسل نشاندہی کرتا رہا ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7پر)

وزیراعظم شہباز شریف سے سعودی وزیر خارجہ ملاقات کر رہے ہیں

دہشتگردوں کیخلاف آپریشن تیز، 71 خوارج ہلاک

شابان، کوئٹہ میں سکیورٹی فورسز نے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن کیا، جس میں اب تک 33 بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشتگرد ہلاک کیے جاچکے ہیں

سکیورٹی فورسز نے دہشتگردوں کے متعدد ٹھکانے کلیئر کر دیئے، جبکہ کارروائی کے دوران بڑی تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکا خیز مواد بھی برآمد کرلیا

کوئٹہ/راولپنڈی (این این آئی) بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز کی دہشتگردوں نے بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے خلاف آپریشن تیز کر دیا ہے، 96 گھنٹوں میں 71 دہشتگرد مارے گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق شابان، کوئٹہ میں سیکیورٹی فورسز نے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن کیا، جس میں اب تک 33 بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشتگرد ہلاک کیے جا چکے ہیں۔ سکیورٹی فورسز نے دہشتگردوں کے متعدد ٹھکانے کلیئر کر دیئے، (بقیہ 5 صفحہ 7پر)

پاک بحریہ کی آبدوز ہنگور کی پہلی کامیاب لائیو ویپن فائرنگ، اینٹی شپ کروز میزائل فائر

پی این ایس /ایم ہنگور نے طویل فاصلے تک مار کرنے والا اینٹی شپ کروز میزائل کامیابی سے فائر کیا، آئی ایس پی آر

زیر آب جنگی صلاحیتوں میں مسلسل اضافہ آپریشنل تیاری اور قابل اعتماد دفاعی صلاحیت کے لیے ناگزیر ہے، نیول چیف

راولپنڈی/اسلام آباد (این این آئی) پاک بحریہ کی آبدوز ہنگور نے شمالی بحیرہ عرب میں پہلی لائیو ویپن فائرنگ کامیابی سے مکمل کرلی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پاک بحریہ کی آبدوز ہنگور نے شمالی بحیرہ عرب میں پہلی لائیو ویپن فائرنگ کامیابی سے مکمل کی اور پی این ایس /ایم ہنگور نے طویل فاصلے تک مار کرنے والا اینٹی شپ کروز میزائل کامیابی سے فائر کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق اینٹی شپ کروز میزائل نے مقررہ ہدف کو انتہائی درستگی سے نشا(بقیہ 6 صفحہ 7پر)

امریکہ کیساتھ ہماری جنگ ختم نہیں ہوئی، ایرانی آرمی چیف

ایران کسی بھی بیرونی دباؤ یا خطے میں طاقت کے استعمال کو قبول نہیں کرے گا

ایران جنگ میں کامیاب رہا ہے، تاہم اس کامیابی کو مستحکم کرنا ضروری ہے، تقریب سے خطاب

تہران (این این آئی) ایرانی فوج کے سربراہ میجر جنرل امیر حاتمی نے کہا ہے کہ امریکہ کے ساتھ جنگ ابھی ختم نہیں ہوئی بلکہ یہ اس وقت ایک اہم اور فیصلہ کن مرحلے میں داخل ہوچکی ہے۔ انہوں نے ایرانی فوج کو مزید ممکنہ حملوں کے لیے تیار رہنے کی ہدایت بھی کی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق (بقیہ نمبر 7 صفحہ 7پر)

پاکستان کا افغانستان کو ڈی مارش، نورستان جھڑپ پر افغان الزامات مسترد

پاکستانی حدود میں دہشت گردی کے واقعات اور سرحدی خلاف ورزیوں کو برداشت نہیں کیا جائے گا، پاکستان کا واضح پیغام

حالیہ ڈی مارش کے ذریعے دہشت گرد حملوں اور سرحدی واقعات پر پاکستان کے تحفظات افغان حکام تک پہنچائے گئے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے 23 ستمبر کو پاکستانی فضائی حدود کی خلاف ورزی اور افغانستان سے ہونے والے حالیہ دہشت گردی کے واقعات پر افغان طالبان حکومت کو سخت احتجاج ریکارڈ کراتے ہوئے ڈی مارش حوالے کردیا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان کی جانب سے یہ ڈی مارش گزشتہ روز افغان حکام کے حوالے کیا گیا جس میں افغان سرزمین سے دہشت گردی کے حالیہ واقعات، سرحدی دراندازی اور پاکستانی فضائی حدود کی خلا(بقیہ 8 صفحہ 7پر)

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے چین کے سفیر ملاقات کررہے ہیں

محسن نقوی کا سائبر جرائم کے خلاف کارروائیاں تیز کرنے کا حکم

این سی سی آئی اے ہیڈکوارٹرز کا دورہ

سائبر کرائم کرنے والا چاہے کہیں بھی بیٹھا ہو، اسے قانون کی گرفت میں لانا ہے، محسن نقوی

وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت خصوصی اجلاس بھی ہوا۔ دورانِ اجلاس سائبر کرائم نیٹ ورکس کے خلاف کریک ڈاؤن مزید تیز کرنے کا فیصلہ کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ سائبر کرائم کرنے والا چاہے کہیں بھی بیٹھا ہو، اسے قانون کی گرفت میں لانا ہے۔ اتوار کو وزیر داخلہ محسن نقوی نے این سی سی آئی اے سینٹرل زون ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کیا۔ محسن نقوی نے سائبر کرائمز کے خلاف جاری آپریشنز اور تحقیقات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے شہریوں کی شکایات سے لے کر تفتیش اور ملزمان کے خلاف کارروائی تک نظام کا معائنہ کیا اور سائبر جرائم کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کرنے کا حکم دیا اس حوالے سے وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت خصوصی اجلاس بھی ہوا۔ دورانِ اجلاس سائبر کرائم نیٹ ورکس کے خلاف کریک ڈاؤن (بقیہ 9 صفحہ 7پر)

وفاقی وزیر رانا تنویر حسین اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان کی ترقی و خوشحالی ہماری سیاست کا محور ہے

حاجی علی مدد جتک

پیپلز پارٹی جب بھی اقتدار میں آئی، بلوچستان میں ترقی کے نئے راستے کھلے ہیں، صوبائی وزیر

مشرقی بائی پاس کی تعمیر و توسیع کا منصوبہ علاقے کی ترقی اور عوام کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی میں اہم سنگِ میل ثابت ہوگا،

کوئٹہ (بولان بیورو) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے کہا ہے کہ ہماری سیاست کا محور عوام کی ترقی، خوشحالی اور ان کے طرزِ زندگی میں بہتری ہے، پیپلز پارٹی جب بھی اقتدار میں آئی، بلوچستان میں ترقی کے نئے راستے کھلے ہیں۔ ان خیالات کا اظہا(بقیہ 16 صفحہ 7پر)

خیبر پختونخوا حکومت دہشت گردی کے خاتمے کیلئے سنجیدہ نہیں، امیر مقام

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کو اپنی آئینی ذمہ داریوں کا کوئی خیال نہیں، اختیار ولی خان

موجودہ حالات میں وزیر اعلیٰ کے پی کی غیر سنجیدگی قابل مذمت ہے، ثمر ہارون بلور

صوبے کی پولیس کو بے یارومددگار چھوڑ دیا گیا، ہمارا سوال یہ ہے کہ 804 ارب روپے کہاں گئے، علی خان یوسفزئی

بد قسمتی سے ہمارے صوبے پر نااہل حکومت مسلط ہے، انتشاری ٹولے سے صوبے کے عوام کو نجات دلائی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر امیر مقام نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا حکومت دہشت گردی کے خاتمے کے لیے سنجیدہ نہیں ہے۔ اپنے بیان میں انجینئر امیر مقام نے خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کی مذمت کی۔ اپنے بیان میں وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر اختیار ولی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخو(بقیہ 14 صفحہ 7پر)

حکومت نا اہلی چھپانے کیلئے بوجھ عوام پر منتقل کر رہی ہے — نعیم الرحمن

کراچی میں کے الیکٹرک، نادرا اور بحریہ ٹاؤن سمیت مختلف عوامی مسائل پر آواز اٹھائی گئی جس کے نتیجے میں مسائل حل ہونا شروع ہوئے

آئی پی پیز کے ظالمانہ معاہدوں سے نجات، مہنگائی و بے روزگاری کا خاتمہ اور عوام کو حقیقی ریلیف دیا جائے، امیر جماعت اسلامی

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ پٹرولیم لیوی، بھتہ ٹیکس، آئی پی پیز کے ظالمانہ معاہدوں اور مہنگائی کے خلاف جماعت اسلامی کی احتجاجی تحریک جاری ہے، پورے پاکستان میں احتجاجی کیمپ قائم کیے گئے ہیں، عوام کی رائے کے ساتھ اسلا(بقیہ 10 صفحہ 7پر)

جنرل اسمبلی اجلاس، جرمنی اور روس کی 2022 کے بعد سے پہلی میٹنگ

روس، جرمنی، یورپ اور نیٹو کے ساتھ کشیدگی بڑھانے کا راستہ ترک کرے، جرمن وزیر خارجہ

نیویارک (این این آئی) جرمنی اور روس کے وزرائے خارجہ کے درمیان 2022 میں یوکرین پر روسی حملے کے بعد پہلی بار براہِ راست ملاقات ہوئی ہے۔ یہ ملاقات 26 ستمبر 2026 کو نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے موقع پر ہوئی۔ جرمن وزیر خارجہ یوہان وادے فل اور روسی وزیر خارجہ سرگئی لاوروف نے تقریباً 20 منٹ تک بات چیت کی۔ جرمنی نے روس پر زور دیا کہ وہ جرمنی، یورپ او(بقیہ 17 صفحہ 7پر)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں عدم تشدد کا عالمی دن دو اکتوبر کو منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں عدم تشدد کا عالمی دن دو اکتوبر کو منایا جائے گا۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے ہر سال 2 اکتوبر کو مہاتما گاندھی کی سالگرہ کے موقع پر عدم تشدد کا عالمی دن منانے کا اعلان کیا تھا۔ اس دن کو منانے کا مقصد مختلف ممالک کے درمیا(بقیہ 18 صفحہ 7پر)

وزیر خزانہ کی ڈی آئی خان میں کسٹمز جوائنٹ چیک پوسٹ پر دہشتگرد حملے کی مذمت

دہشتگردی کے خلاف پوری قوم متحد ہے، امن و سلامتی کے لیے کوششیں جاری رہیں گی، سینیٹر اورنگزیب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے ڈی آئی خان کے امان میلہ میں کسٹمز جوائنٹ چیک پوسٹ پر دہشتگرد حملے اور کسٹمز و دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں کی شہادت کی شدید مذمت کرتے ہوئے دہشتگرد حملے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ وزارتِ خزانہ کے مطابق سینیٹر محمد اورنگزیب نے (بقیہ 15 صفحہ 7پر)

پاکستان میں 8 برسوں کے دوران زیر زمین پانی میں 5.66 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان میں 8 برسوں کے دوران زیر زمین پانی میں 5.66 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق پنجاب کا 22.84 فیصد حصہ زیر زمین پانی سے محروم ہو چکا، جبکہ 36.17 فیصد زمین بھی جلد بے آب ہو جا(بقیہ 13 صفحہ 7پر)

ریلوے سسٹم میں موجود تمام سکریپ کو 31 دسمبر تک ڈسپوز کرنے کا فیصلہ

وزیر ریلوے کی زیر صدارت اجلاس، فیڈرل گورنمنٹ انسپکٹر کی جانب سے ٹریک سے متعلق بریفنگ، تجاویز پیش کی گئیں

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کی زیر صدارت اہم اجلاس ہوا جس میں فیڈرل گورنمنٹ انسپکٹر کی جانب سے ریلوے ٹریک سے متعلق تفصیلی بریفنگ اور تجاویز پیش کی گئیں۔ اجلاس میں وزیر ریلوے نے تمام ڈی ایس کو 20 اکتوبر تک تجاویز پر عملدرآمد کی ہدایت کردی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ 25 دسمبر تک روہڑی جنکشن کی اپ گریڈیشن مکمل کردی جائے گی۔ اجلاس میں 3(بقیہ 11 صفحہ 7پر)

روس اور یوکرین میں پھر خونریز جھڑپیں، 16 افراد ہلاک

روسی حملوں میں سومی، زاپوریژیا اور دنیپرو پیٹرووسک میں 6 افراد مارے گئے

یوکرینی حملوں میں کراسنودار اور بیلگورود کے علاقوں میں 4 افراد ہلاک ہوئے، روسی حکام

کیف/ماسکو (این این آئی) روس اور یوکرین کے درمیان جاری (بقیہ 21 صفحہ 7پر)

پی ٹی آئی مارچ کی تاریخ پھر تبدیل ہوگی، یہ تاریخ پر تاریخ والا معاملہ ہے، گورنر خیبر پختونخوا

سہیل آفریدی جارہے ہیں یا کوئی اور آرہا ہے، پارٹی ترجمان ہی بتا سکتے ہیں، فیصل کریم کنڈی

روزانہ لاشیں اٹھا رہے ہیں، ایسے حالات میں اسلام آباد پر چڑھائی مناسب نہیں، اسلام آباد پر چڑھائی کا نتیجہ صفر ہوگا، گفتگو

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ(بقیہ 12 صفحہ 7پر)

21 ویں نیشنل ورکشاپ نوجوانوں کیلئے مثبت زینہ ہے

گورنر بلوچستان

بلوچستان پاکستان کو وسطی ایشیا، جنوبی ایشیا اور مشرقِ وسطیٰ کے خطوں سے جوڑنے کی جغرافیائی صلاحیت رکھتا ہے، جعفر خان مندوخیل

گوادر اور دیگر ساحلی علاقوں سے لے کر معدنی اور زرعی خطوں تک، صوبے کے مختلف حصے پاکستان کی معاشی ترقی اور خطے کی رابطہ کاری میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں، گورنر بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے اکیسویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان سے خطاب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس ورکشاپ میں آپ نے ماہرین کے(بقیہ 19 صفحہ 7پر)

پاکستان کی چیئرمین شپ میں ایس سی او کے قومی کوارڈی نیٹرز کا 3 روزہ اجلاس (آج) ہوگا

اجلاس میں ایس سی او کے باہمی تعاون اور رابطہ کاری سے متعلق مختلف امور کا جائزہ لیا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی زیر صدارت شنگھائی تعاون تنظیم کے قومی کوارڈی نیٹرز کا پہلا اجلاس 28 سے 30 ستمبر تک اسلام آباد میں ہوگا جس میں تنظیم کے(بقیہ 22 صفحہ 7پر)

اسلام آباد پر چڑھ کر کسی کو آزاد نہیں کرایا جاسکتا، ریاست کمزور نہیں، وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک

10 ماہ تک یہ نظام چلانا پڑا تو حکومت بجٹ سے 400 سے 500 ارب روپے کم کر کے عوام پر خرچ کریگی

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ پاکستان سے بڑھ کر کسی کا وجود ہے اور نہ سیاست ہے، اگر کوئی یہ سمجھتا ہے کہ اسلام آباد پر چڑھ کر کسی کو آزاد (بقیہ 20 صفحہ 7پر)

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کی تبدیلی کی خبریں بے بنیاد ہیں، بیرسٹر گوہر

بانی پی ٹی آئی نے سہیل آفریدی کو ہٹانے کی ہدایت نہیں کی، چیئرمین پی ٹی آئی

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل خان آفریدی کو بانی پی ٹی آئی کا مکمل اعتماد حاصل ہے

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی نے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کے خلاف نہ کوئی پیغام بھیجا اور نہ ہی انہیں عہدے سے ہٹانے کی ہدایت کی ہے۔ اپنے بیان میں بیرسٹر گوہر نے واضح کیا کہ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل خان آفریدی کو بانی پی ٹی آئی کا مکمل اعتماد حاصل ہے اور پی ٹی آئی بھی ان کی مکمل حمایت کرے گی۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ سب کو سمجھنا ہوگا کہ یہ حالات کو خراب کرنے کا وقت نہیں، اس وقت سب کو کوشش کرنی چاہیے کہ ملک کے حالات بہتر ہوں۔ انہوں نے کہا کہ صورتحال کو مزید خراب ہونے سے بچانے کے لیے کوششیں کی جارہی ہیں۔

وفاقی وزیر احسن اقبال تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

حکومت اقتصادی صورتحال کو بہتر کر رہی ہے — سیدال ناصر

سیاحت کا فروغ ملکی معیشت، روزگار کے مواقع اور مقامی آبادی کی خوشحالی میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے

اجتماعی کوششوں سے پاکستان کو ایک خوبصورت، پرامن اور سیاح دوست ملک کے طور پر دنیا کے سامنے اجاگر کیا جاسکتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا ہے کہ پاکستان قدرتی حسن، تاریخی ورثے، ثقافتی تنوع اور دلکش سیاحتی مقامات سے مالا مال ہے، جنہیں موثر انداز میں دنیا کے سامنے اجاگر کرنے کی ضرورت ہے۔ اتوار کو عالمی یوم سیاحت کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ سیاحت کا فروغ ملکی معیشت، روزگار کے مواقع اور مقامی آبادی کی خوشحالی میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔ پاکستان کے تاریخی، ثقافتی اور مذہبی مقامات عالمی سیاحوں کے لیے خصوصی کشش رکھتے ہیں۔ سیدال خان ناصر نے کہا کہ سیاحت کے فروغ کے لیے بنیادی ڈھانچے، مواصلاتی سہولیات اور سیاحتی (بقیہ 23 صفحہ 7پر)

حنیف عباسی کا بلوچستان میں دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

بلوچستان میں امن کے دشمنوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی اور دہشتگردوں کو اپنے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے بلوچستان میں دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں امن کے دشمنوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی اور دہشتگردوں کو اپنے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ اتوار کو اپنے بیان میں وفاقی وزیر نے کہا کہ پوری قوم بلوچستان میں دہشتگردو(بقیہ 30 صفحہ 7پر)

گلوبل ساؤتھ کو ٹیکنالوجی کے شعبے میں صرف صارف نہیں بلکہ فیصلہ سازی کا حصہ بننا ہوگا، بلال بن ثاقب

نیویارک (این این آئی) وزیر مملکت برائے ورچوئل اثاثہ جات بلال بن ثاقب نے کہا ہے کہ گلوبل ساؤتھ کو ٹیکنالوجی کے شعبے میں صرف صارف نہیں بلکہ فیصلہ سازی کا (بقیہ 28 صفحہ 7پر)

ایف بی آر کی منی لانڈرنگ سے متعلق لاہور ہائیکورٹ کے فیصلے سے متعلق وضاحت

منی لانڈرنگ ٹیکس کیس سے الگ جرم ہے، دونوں کارروائیاں ساتھ چل سکتی ہیں، ایف بی آر

اسلام آباد (این این آئی) ایف بی آر کی منی لانڈرنگ سے متعلق لاہور ہائیکورٹ کے فیصلے سے متعلق وضاحت سامنے آگئی جس میں کہا گیا ہے کہ ٹیکس کیس زیرِ التوا ہونے کی بنیاد پر منی لانڈرنگ کی کارروائی نہیں روکی جاسکتی۔ ایف بی آر کے مطابق لاہور ہائیکورٹ نے قرار دیا ہے کہ منی لانڈرنگ کی تحقیقات کیلئے ٹیکس کیس ختم ہونے کا انتظار کرنا ضروری نہیں، منی لانڈرنگ ٹیکس کیس سے الگ جرم ہے، (بقیہ 26 صفحہ 7پر)

فیصل کریم کنڈی کا سہیل آفریدی کو اسلام آباد لانگ مارچ ختم کرنے کا مشورہ

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کو اسلام آباد لانگ مارچ ختم کرنے کا مشورہ دے دیا۔ ایک انٹرویو میں فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ صوبے کو دہشت گردوں کے رحم و کرم پر (بقیہ 25 صفحہ 7پر)

افغان طالبان کے نورستان میں مبینہ تشدد کو پاکستان سے جوڑنے کے الزامات بے بنیاد ہیں، وزارت اطلاعات

پاکستان سے تعلق جوڑنے کی کوششیں افغان سرزمین پر دہشتگردوں کی موجودگی نہیں چھپا سکتیں، اعلامیہ جاری

اسلام آباد (این این آئی) وزارت اطلاعات و نشریات نے فیکٹ چیک کرتے ہوئے افغان طالبان رجیم کے نورستان میں مبینہ تشدد کو پاکستان سے جوڑنے کے الزامات کو بے بنیاد قرار دیدیا۔ وزارت اطلاعات کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ افغان طالبان رجیم کے نورستان میں مبینہ تشدد کو پاکستان سے جوڑنے کے الزامات بے بنیاد ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ پاکستان افغان سیکیورٹی فورسز(بقیہ 24 صفحہ 7پر)

وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

بھارت، بندر شراب کی دکان میں گھس کر شراب پی کر مدہوش، ویڈیو وائرل

نئی دہلی (این این آئی) بھارت میں ایک بندر شراب کی دکان میں گھس کر شراب پی کر مدہوش ہوگیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق یہ دلچسپ واقعہ بھارتی ریاست جھارکھنڈ کے شہر رانچی میں پیش آیا۔ میڈیا رپورٹس میں بتایا گیا ہے کہ مادہ بندر ایک شراب کی دکان میں داخل ہوئی اور دکان میں تھوڑی دیر گھومنے کے بعد اس نے شراب کی ا(بقیہ 29 صفحہ 7پر)

مہنگائی کی شرح میں پھر اضافہ، اشیائے ضروریہ کی قیمتیں بڑھ گئیں

ملک بھر میں مہنگائی کا طوفان، سبزیوں، پھلوں اور گوشت کی قیمتیں بڑھ گئیں

مٹن کی سرکاری قیمت 2100 روپے کے مقابلے میں 3000 روپے فی کلو تک پہنچ گئی

لاہور (این این آئی) ملک بھر میں مہنگائی کا طوفان، سبزیوں، پھلوں اور گوشت کی قیمتیں بڑھ گئیں۔ لاہور میں سبزیوں کی قیمتیں قابو میں نہ آسکیں، سرکاری نرخ نامے کے باوجود شہری مہنگے داموں سبزیاں خریدنے پر مجبور ہیں، پیاز کا سرکاری ریٹ 195 روپے، مارکیٹ (بقیہ 27 صفحہ 7پر)

وفاقی وزیر شیزہ فاطمہ خواجہ اجلاس سے خطاب کر رہی ہیں

امن و امان کی صورتحال ابتر حکومت رٹ قائم رکھنے میں ناکام ہے، مولانا عبدالواسع

ریاست عوام کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنائے کوئٹہ خوف اور عدم تحفظ کی علامت بن چکا ہے

بلوچستان میں اسلحہ کلچر اور مسلح جتھوں نے عوام کو عدم تحفظ سے دوچار کر دیا

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر محسن بلوچستان سینیٹر مولانا عبدالواسع سے جمعیت کے صوبائی نائب امیر و ضلعی امیر کوئٹہ شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق کی سربراہی میں ضلعی مجلسِ عاملہ کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے ملاقات کی وفد میں ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، ضلعی مجلسِ عاملہ کے دیگر اراکین شامل تھیں جبکہ اس موقع پر جمعیت کے صوبائی جنرل سیکرٹری آغا محمود شاہ بھی موجود تھے۔ ملاقات میں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کو درپیش سنگین امن و امان کی صورتحال، انتظامی بدحالی، عوام کو لاحق جان و مال کے خطرات، شہری مسائل، جماعتی سرگرمیوں اور دیگر اہم امور پر تفصیلی اور سیر حاصل تبادلہ خیال کیا گیا۔ رہنماؤں نے کوئٹہ کی موجودہ صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آج کوئٹہ عملی طور پر خوف، عدم تحفظ اور انتظامی بے بسی کی تصویر بنا ہوا ہے۔ شہر کے چاروں اطراف پہاڑوں پر مسلح گروہوں کی موجودگی، ان کی کھلے عام نقل و حرکت، شہریوں اور قبائل کو دھمکیاں دینا، بھتہ خوری اور خوف و ہراس پھیلانا اس امر کا ثبوت ہے کہ حکومتی رٹ بری طرح کمزور ہو چکی ہے۔ یہ صورتحال نہ صرف صوبائی حکومت بلکہ ریاستی اداروں کی کارکردگی پر ایک سنگین سوالیہ نشان ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ عوام کی جان، مال، عزت اور بنیادی حقوق کا تحفظ ریاست کی اولین آئینی و قانونی ذمہ داری ہے، لیکن افسوسناک امر یہ ہے کہ متعلقہ ادارے اپنی بنیادی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کرنے میں ناکام دکھائی دے رہے ہیں، جس کے نتیجے میں شہری شدید عدم تحفظ، اضطراب اور بے یقینی کا شکار ہیں۔ انہوں نے حکومت اور متعلقہ ریاستی اداروں کو دوٹوک انداز میں متنبہ کرتے ہوئے کہا کہ اگر فوری، مؤثر اور بلاامتیاز کارروائی کے ذریعے مسلح جتھوں کا خاتمہ، قانون کی عملداری اور شہریوں کے تحفظ کو یقینی نہ بنایا گیا تو حالات مزید سنگین ہو سکتے ہیں، جس کی تمام تر ذمہ داری حکومت اور متعلقہ اداروں پر عائد ہوگی۔ عوام مزید غفلت اور ناکام پالیسیوں کا بوجھ برداشت کرنے کے لیے تیار نہیں۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام ایک عوامی، نظریاتی اور ذمہ دار سیاسی جماعت ہونے کے ناطے خاموش تماشائی نہیں بن سکتی۔ ہم حکومت کو خبردار کرتے ہیں کہ وہ عوام کے جان و مال، عزت و آبرو اور بنیادی شہری حقوق کے تحفظ کو ہر قیمت پر یقینی بنائے، بصورت دیگر عوام کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو سکتا ہے، جس کے نتائج کی ذمہ داری بھی حکومت پر ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری دفاتر اور انتظامی اداروں کی ناقص کارکردگی نے عوام کو شدید مشکلات سے دوچار کر رکھا ہے۔ بنیادی سہولیات، ترقیاتی منصوبے، شہری خدمات اور امن و امان کا نظام مسلسل زوال کا شکار ہے، جبکہ فارم 47 کے ذریعے مسلط حکمران عوامی مسائل کے حل کے بجائے اقتدار کے تحفظ اور کرپشن میں مصروف ہیں، جس کے باعث کوئٹہ مسائل کے انبار تلے دب چکا ہے۔ صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے ضلع کوئٹہ کی تنظیمی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ضلعی جماعت نے عوامی خدمت، تنظیمی استحکام، دعوتی سرگرمیوں اور عوامی مسائل کے حل کے لیے قابلِ قدر کردار ادا کیا ہے۔ کارکنان کا اخلاص، نظم و ضبط، محنت اور جماعتی وابستگی دیگر اضلاع کے لیے بھی ایک روشن مثال ہے۔

موجودہ پُرفتن دور میں علماء کی صحبت و رہنمائی ہی نجات کا ذریعہ ہے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

نوجوان غیر کی اندھی تقلید سے بچیں اسلاف و اکابر کے نقشِ قدم کو اپنائیں، امیر جماعت اسلامی کوئٹہ

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، ڈپٹی سیکرٹری جنرل حاجی بشیر احمد کاکڑ، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، حافظ شبیر احمد مدنی، سید حاجی عبدالواحد آغا، حافظ مسعود احمد، حاجی محمد قاسم خلجی، حاجی ولی محمد بڑیچ، صفی اللہ مینگل اور شاہ زاہد مشوانی نے کہا ہے کہ کارکنان جماعتی فکر و پیغام کو عام کرنے کے لیے گھر گھر رابطہ کریں اور عوام تک جمعیت علماء اسلام کا پیغام پہنچائیں۔ موجودہ پُرفتن دور میں علماء کرام اور اہلِ حق کی صحبت و رہنمائی انسان کے لیے ہدایت اور نجات کا ذریعہ ہے اس لیے نوجوان نسل غیر اسلامی تہذیب و افکار کی اندھی تقلید کے بجائے اپنے اسلاف و اکابر کے نقشِ قدم کو اپنائے۔ انہوں نے کہا کہ جماعتی نظم و ضبط باہمی رابطے اور فکری تربیت کے ذریعے کارکنان اپنی ذمہ داریوں کو بہتر انداز میں ادا کر سکتے ہیں موجودہ حالات میں نوجوانوں کی دینی و اخلاقی تربیت اور انہیں اکابر کی روشن روایات سے وابستہ رکھنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ دریں اثناء جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ترجمان کی جانب سے جاری اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ ضلعی مجلسِ عاملہ کا اجلاس آج دوپہر 12 بجے جبکہ تحصیلوں اور یونٹوں کے امراء و نظماء کا نمائندہ اجلاس شام 4 بجے ہوگا

جعفرآباد، ڈپٹی کمشنر خالد خان پولیس تھانے کے تعمیراتی کام کا جائزہ لے رہے ہیں

سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کی تعداد 4 کروڑ 57 لاکھ سے تجاوز کر گئی، مریم نواز

بچوں، امراض جلد کے مریضوں میں 9،9 فیصد، ای این ٹی کے مریضوں میں 7 فیصد اضافہ، کینسر، کارڈیک میڈیسن کے 21 لاکھ سے زائد پارسل مل گئے

وزیراعلیٰ کی زیرصدارت سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن کے خصوصی اجلاس میں سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کی آمد اور علاج سے متعلق تفصیلی رپورٹ پیش

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ پنجاب کے سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کی تعداد میں اضافے کا قابل قدر رجحان دیکھا گیا ہے۔ بڑے سرکاری ٹرشری ہسپتالوں میں مریضوں کی تعداد میں 16 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ سرکاری ہسپتالوں کی او پی ڈی میں 21 فیصد، آئی پی ڈی (داخلہ) 11 فیصد اور ایمرجنسی مریضوں میں 9 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ پنجاب کے بڑے ہسپتالوں میں مریضوں کی تعداد 4 کروڑ 57 لاکھ سے بڑھ گئی ہے۔ انٹرنل میڈیسن کے مریضوں میں 26 فیصد، کارڈیالوجی کے مریضوں میں 12 فیصد اور سرجری کے مریضوں میں 10 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ سرکاری ہسپتالوں میں بچوں اور امراض جلد کے مریضوں میں 9،9 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ سرکاری ہسپتالوں میں آنے والے ای این ٹی کے مریض 7 فیصد بڑھ گئے۔ کینسر اور کارڈیک میڈیسن کے 21 لاکھ سے زائد پارسل مریضوں کو مل گئے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیرصدارت سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن کے خصوصی اجلاس میں سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کی آمد اور علاج سے متعلق تفصیلی رپورٹ پیش کی گئی۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے عالمی یوم سیاحت پر اپنے پیغام میں سیاحت کے پرعزم جذبے رکھنے والوں کو سلام پیش کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے بھی انسان کو زمین پر چلنے پھرنے اور غور و فکر کی دعوت دی۔ سیاحت انسان کی فطری صلاحیتوں کو جلا بخشتی اور فکر و تدبر میں معاونت کرتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے پاک سرزمین کو بے پناہ سیاحتی خوبصورتیوں سے نوازا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ شنگھائی تعاون تنظیم کا رواں سال لاہور کو سیاحتی اور ثقافتی دارالحکومت قرار دینا خوش آئند ہے۔ پنجاب میں ٹورازم کا بے پناہ پوٹینشل ہے، سیاحت کے فروغ کے لئے ممکنہ وسائل بروئے کار لائیں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ قدرتی حسن سے مالا مال پنجاب کے علاقے کسی سے ترقی یافتہ ملک سے کم نہیں۔ پنجاب کا تاریخی، ثقافتی اور قدرتی ورثہ دنیا بھر کے سیاحوں کے لیے باعث کشش ہے۔ پنجاب میں مذہبی سیاحت کے فروغ کے لیے پائیدار اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ قدیمی قلعے، مذہبی مقامات، دلکش وادیاں سیاحت کے لیے نہایت موزوں ہیں۔ مری گلاس ٹرین سیاحوں کے لئے نئی دلکشی پیدا کرے گی۔ مری مال روڈ سمیت دیگر روڈ کی تعمیر و توسیع کی جا رہی ہے۔ کوٹلی ستیاں بھی نیا سیاحتی مقام بن کر ابھر رہا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ سیاحت سے بین الاقوامی سطح پر پاکستان کا مثبت امیج اُجاگر کرنے کے لئے پرعزم ہیں۔ ٹورازم ڈویلپمنٹ سے عالمی سطح پر پاکستان کا مثبت تاثر اُبھرے گا۔ پاکستان کے خوبصورت چہرے کو دنیا بھر میں روشناس کرانا ہے۔ پنجاب کے تاریخی، ثقافتی اور سیاحتی ورثے کو اجاگر کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے

ماسکو میں عالمی مذہبی اجتماع، حسین محی الدین قادری پاکستان کی نمائندگی کریں گے، تقریب (آج) ہوگی

ماسکو (این این آئی) روس کی مسلم روحانی اسمبلی کی دسویں سالگرہ کے موقع پر ماسکو میں بین الاقوامی علمی و عملی کانفرنس اور خصوصی ثقافتی تقریب (آج) پیر 28 ستمبر کو منعقد ہوگی جس میں پاکستان سے پروفیسر ڈاکٹر حسین محی الدین قادری بھی شرکت کریں گے۔ تقریبات میں پاکستان سمیت دنیا کے 40 ممالک کے وفود اور روس کے 60 سے زائد علاقوں کے نمائندوں کی شرکت متوقع ہے۔

ملتان کے نواحی علاقہ چوک میتلا کے قریب گاڑی میں ویلڈنگ کے کام کے دوران اچانک آگ بھڑک اٹھی

ریسکیو اہلکار آگ کو مزید پھیلنے سے روکنے اور اس پر مکمل قابو پانے کی جدوجہد میں دو گھنٹے تک مصروف رہے تاہم دونوں گاڑیاں مکمل طور جل گئیں

ملتان (نمائندہ بولان) ملتان کے نواحی علاقہ چوک میتلا کے قریب گاڑی میں ویلڈنگ کے کام کے دوران اچانک آگ بھڑک اٹھی، دو گاڑیوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا دونوں گاڑیاں مکمل طور پر جل گئی تفصیل کے مطابق ملتان کے نواحی علاقہ چوک میتلا کے قریب آئل مل رکن پور مارکیٹ میں گاڑی کی ویلڈنگ کا کام کیا جا رہا تھا کہ اس دوران اچانک گاڑی میں خوفناک آگ بھڑک اٹھی، جس نے دیکھتے ہی دیکھتے قریب کھڑی ایک اور گاڑی کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 ٹبہ سلطان پور کا عملہ فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گیا اور آگ پر قابو پانے کے لیے امدادی کارروائیاں شروع کر دیں۔ ریسکیو اہلکار آگ کو مزید پھیلنے سے روکنے اور اس پر مکمل قابو پانے کی جدوجہد میں دو گھنٹے تک مصروف رہے

تھانہ اے سیکشن پولیس کا فحاشی کے اڈے پر چھاپہ، چار نائیکوں سمیت تین مرد گرفتار

سکھر: سائیٹ ایریا میں پولیس مقابلہ، زخمی ڈاکو گرفتار، دو ساتھی فرار

روہڑی (رپورٹ اسلم سومرو) تھانہ اے سیکشن پولیس کا فحاشی کے اڈے پر چھاپہ، چار نائیکوں سمیت تین مرد گرفتار، مقدمہ درج، خبر کے مطابق سکھر کے تھانہ اے سیکشن کی حد قاسم آباد مارکیٹ بیراج روڈ پر تھانہ اے سیکشن پولیس نے فحاشی کے اڈے پر چھاپہ مار کر تین افراد (1) معشوق علی ولد بشیر احمد مہر سکنہ پنوعاقل ضلع سکھر (2) محمد صفیان ولد محمد طاہر صدیقی سکنہ نسیم ہوٹل روہڑی ضلع سکھر (3) عبدالحمید ولد حبیب اللہ مہر سکنہ پنوعاقل ضلع سکھر اور چار خواتین (1) مونا ولد عطاء محمد شیخ (2) میھوش ولد محمد ظہور کھوکھر (3) پروین زوجہ خوشی محمد میراثی (4) نادیہ ولد محمد صدیق پٹھان سکنہ قاسم آباد سکھر کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر دیا گیا۔ تھانہ سائیٹ ایریا کی حدود تھیم چوک کے قریب دورانِ گشت پولیس اور مبینہ ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا، جس کے نتیجے میں پولیس نے ایک مبینہ ڈاکو کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا، جبکہ اس کے دو ساتھی موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ پولیس کے مطابق گرفتار زخمی ملزم کی شناخت عمران شیخ کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس حکام کے مطابق پولیس اہلکار علاقے میں معمول کے مطابق گشت کر رہے تھے کہ تھیم چوک کے قریب مبینہ طور پر جرم کی نیت سے موجود مسلح افراد نے پولیس کو دیکھ کر فائرنگ کر دی۔ پولیس نے جوابی کارروائی کی، جس کے نتیجے میں ایک ملزم زخمی ہو گیا، جسے موقع پر گرفتار کر لیا گیا، جبکہ اس کے دو ساتھی فائرنگ کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہو گئے۔

سکھر چیمبر کی تقریب میں ملک محمد رضوان الحق کو اپریسیشن ایوارڈ

صنعت کاروں، تاجروں اور معزز شخصیات نے شرکت کی تقریب کے موقع پر ملک محمد رضوان الحق نے شرکا سے ملاقاتیں کیں

روہڑی (رپورٹ: اسلم سومرو) سکھر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی جانب سے منعقدہ تقریب میں سابق صدر سکھر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور لوکل باڈیز اینڈ کوآرڈینیشن کمیٹی ڈسٹرکٹ سکھر کے کنوینر ملک محمد رضوان الحق کو بہترین کارکردگی پر اپریسیشن ایوارڈ سرٹیفکیٹ 2026 سے نوازا گیا تقریب کے دوران سکھر کے تاجروں کے رہنما، وائس چیف پیٹرن و سابق صدر سکھر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور وائس پریزیڈنٹ ایف پی سی سی آئی سندھ ریجن بلال وقار خان جبکہ سکھر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر محمد خالد کاکڑی نے ملک محمد رضوان الحق کو اپریسیشن ایوارڈ سرٹیفکیٹ پیش کیا اس موقع پر محمد خالد کاکڑی اور ان کے بھائیوں کی جانب سے محمد خالد کاکڑی کی صاحبزادی کے ہاتھ سے تیار کردہ خوبصورت پینٹنگ بھی ملک محمد رضوان الحق کو بطور تحفہ پیش کی گئی۔ تقریب میں شہزاد شیوانی، گرداس وادوانی، کامل فاروقی سمیت دیگر صنعت کاروں، تاجروں اور معزز شخصیات نے شرکت کی تقریب کے موقع پر ملک محمد رضوان الحق نے شرکا سے ملاقاتیں کیں اور کاروباری برادری، سکھر کی ترقی اور باہمی تعاون سے متعلق مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔

موسیٰ خیل، ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نجک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مرکزی مسلم لیگ کراچی کا انٹرا پارٹی الیکشن کے ساتویں مرحلے کا انعقاد

کراچی (این این آئی) مرکزی مسلم لیگ کراچی کے تحت انٹرا پارٹی انتخابات کے ساتویں مرحلے کا انعقاد کیا گیا جس میں تنظیمی ڈھانچے کو مزید مضبوط بنانے اور نچلی سطح تک قیادت کے انتخاب کا حق مقامی کارکنان کو دیا گیا۔ اس موقع پر مرکزی مسلم لیگ کراچی کے صدر احمد ندیم اعوان نے کہا کہ جب تک قیادت عوام کے ووٹ سے منتخب ہو کر نہیں آئے گی، اس وقت تک عام آدمی کے حقیقی مسائل سے مکمل آگاہی ممکن نہیں ہو سکتی۔ عوامی مسائل کے حل کے لیے اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی ناگزیر ہے

گھارو BYD پلانٹ میں چینی انجینئر حادثے کا شکار

گھارو میں زیر تعمیر BYD پلانٹ میں بلندی پر کام کے دوران ایک چینی انجینئر حادثے کا شکار ہو گیا

ٹھٹھ (رپورٹ واحد شورو) گھارو BYD پلانٹ میں چینی انجینئر حادثے کا شکار، ایمرجنسی سہولیات پر سوالات اٹھ گئے گھارو میں زیر تعمیر BYD پلانٹ میں بلندی پر کام کے دوران ایک چینی انجینئر حادثے کا شکار ہو گیا، جسے زخمی حالت میں رورل ہیلتھ سینٹر گھارو منتقل کیا گیا، جہاں ڈاکٹروں نے اسے ابتدائی طبی امداد فراہم کی۔ زخمی انجینئر کو مزید علاج کے لیے کراچی منتقل کرنے کی ضرورت تھی، تاہم تقریباً دو گھنٹے تک ایمبولینس کا انتظار کرنا پڑا۔ 1122 ایمبولینس بھی بروقت نہ پہنچ سکی، جس کے بعد بالآخر زخمی انجینئر کو نجی ایمبولینس کے ذریعے کراچی کے اسپتال منتقل کیا گیا۔ واقعے کے بعد BYD پلانٹ میں موجود ایمرجنسی اور طبی سہولیات کے حوالے سے اہم سوالات اٹھ رہے ہیں۔ گھارو میں قائم ہونے والا BYD منصوبہ 73.4 ایکڑ پر مشتمل ہے، جس میں گاڑیوں کی اسمبلی، ٹیسٹنگ اور جدید صنعتی سرگرمیاں شامل ہیں۔ سوال یہ ہے کہ اتنے بڑے صنعتی منصوبے میں کام کرنے والے مزدوروں اور افسران کے لیے کیا کمپنی کے پاس اپنی ایمرجنسی ایمبولینس، فرسٹ ایڈ سینٹر اور مناسب طبی عملے کی سہولت موجود ہے؟ اگر کسی مزدور یا انجینئر کو کام کے دوران اچانک سنگین حادثہ پیش آئے

موسیٰ خیل، ڈی جی پی ڈی ایم اے جہانزیب خان اور ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نجک زلزلے سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کر رہے ہیں

ساحلی پٹی کے مستحق خاندانوں میں 300 راشن پیکٹ تقسیم

ساحلی پٹی کے غریب اور مستحق خاندانوں کی مدد کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا

ٹھٹھ (رپورٹ واحد شورو) ساحلی پٹی کے مستحق خاندانوں میں 300 راشن پیکٹ تقسیم ٹھٹھہ/سجاول: ساحلی پٹی کے غریب اور مستحق خاندانوں کی مدد کے لیے Helping Hands Welfare Trust کے تعاون سے راشن تقسیم کرنے کی سماجی مہم کا انعقاد کیا گیا، جس کے دوران ضلع ٹھٹھہ کے تعلقہ کیٹی، ڈھانڈو اسٹاپ اور ضلع سجاول کے تعلقہ شاہ بندر کے گاں آتھرکی میں مستحق خاندانوں میں 300 راشن پیکٹ تقسیم کیے گئے۔ راشن کی تقسیم Helping Hands Welfare Trust کے چیئرمین غلام اکبر پنہون عقیلی کی قیادت میں کی گئی۔ اس موقع پر خالد آرائیں، حاجی یمن مرکھر اور دیگر ساتھیوں و رضاکاروں نے شرکت کی اور مستحق خاندانوں تک راشن پہنچانے میں اپنا کردار ادا کیا۔ اس موقع پر منتظمین کا کہنا تھا کہ ساحلی پٹی کے غریب اور مستحق خاندانوں کی مدد کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت اور ضرورت مند خاندانوں کی مدد ہی حقیقی سماجی خدمت ہے۔ یہ امدادی سرگرمی خدمتِ خلق، انسانیت سے محبت اور معاشرے کے محروم طبقات کی مدد کی ایک خوبصورت مثال ہے۔

ملک کے مختلف علاقوں میں گرج چمک کے ساتھ بارش کی پیشگوئی

اسلام آباد (این این آئی) محکمہ موسمیات نے ملک کے مختلف علاقوں میں گرج چمک کے ساتھ بارش کی پیش گوئی کر دی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ 24 گھنٹے کے دوران اسلام آباد، کشمیر میں کہیں کہیں بارش، تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش متوقع ہے۔ بھکر، ڈی جی خان، خوشاب اور میانوالی میں بھی کہیں کہیں موسلا دھار بارش کا امکان ہے۔

سردارزادہ شہزاد صالح بھوتانی کی حب آمد

مختلف سیاسی و سماجی شخصیات سے ان کے پیاروں کے انتقال پر تعزیتیں کیں

حب (نمائندہ بولان) سردارزادہ شہزاد صالح بھوتانی کی حب آمد، مختلف سیاسی و سماجی شخصیات سے ان کے پیاروں کے انتقال پر تعزیتیں کیں، کپڑے کے دکان کا افتتاح کیا، بھوتانی عوامی کارواں کے رہنماؤں سے ملاقاتیں کی اور موجودہ سیاسی صورت حال تبادلہ خیال کیا اتوار کے روز سردارزادہ شہزاد صالح بھوتانی نے حب آمد کے موقع پر بھوتانی کارواں کے رہنما نوید لاڈلہ رند کاروباری شخصیت سراج رند کے چچی، اور رند قبائل کی معروف و ممتاز شخصیت رئیس وزیر خان رند کی والدہ محترمہ کے انتقال پر، غلام نبی رند کے بھائی سلیم رند کے انتقال پر، بھوتانی عوامی کارواں کے رہنما حاجی عبدالرحمٰن بزنجو کے بھائی مولوی عبدالستار بزنجو کے انتقال پر، گلزار بلوچ سے ان کے والد نذیر حسین بلوچ انتقال پر محمد جان سے ان کے والد ماسٹر غلام محمد کے کزن محمد یعقوب بلوچ کے انتقال پر، بھوتانی کارواں کے رہنما غلام محمد خاصخیلی اور غلام نبی خاصخیلی کے والد کے انتقال پر، عبدالوارث اور شعیب کی والدہ حامد اور حاجی شعیب کھوسہ کی چچی کے انتقال پر، نواز فقیر سے ان کے بھائی ریاض فقیر کے انتقال پر تعزیت و فاتحہ خوانی کی اور مرحومین کے ایصال ثواب کے لیئے دعائے مغفرت کی اس موقع پر علی محمد فقیر امام بخش فقیر رمضان فقیر خلیفہ شریف فقیر فیصل فقیر واحد فقیر زاہد فقیر عباس فقیر عرفان فقیر، غلام رسول رونجھو سید سمیع اللہ شاہ بخاری بشیر احمد رونجھو عبدالرحمان رونجھو سہیل رونجھو اکبر رونجھو کامریڈ عبدالغنی بلوچ حاجی فیض محمد حنیف کمانڈو ریاض عظیم خیر جان شعیب غنی ماجد بلوچ، اللہ بخش ل زنجو خیر محمد بلوچ عبدالوہاب بزنجو عبدالقادر بزنجو ماسٹر ثناء اللہ بزنجو عنایت اللہ بزنجو غلام رسول بزنجو محمد حسن بزنجو رحمت اللہ بزنجو ماسٹر ہدایت اللہ بزنجو عبیداللہ بزنجو سمیت بھوتانی عوامی کارواں کے رہنماؤں اور علاقائی معززین کی کثیر تعداد موجود تھی، علاوہ ازیں سردارزادہ شہزاد صالح بھوتانی نے ایک کپڑے کے دکان کا فیتہ کاٹ کر افتتاح کیا اس موقع پر سردارزادہ شہزاد صالح بھوتانی نے علاقائی معززین، سیاسی و سماجی شخصیات سے ملاقاتیں بھی کیں

اٹک، غازی بھروٹھا نہر میں ڈوبنے والے پولیس کانسٹیبل کی لاش نہ مل سکی

اٹک (این این آئی) غازی بھروٹھا نہر میں ڈوبنے والے پولیس کانسٹیبل کی لاش نہ مل سکی۔ غازی بھروٹھا نہر میں ڈوبنے والے پولیس کانسٹیبل زین عباس کی لاش تاحال نہ مل سکی، تلاش کیلئے جاری آپریشن کا دائرہ جہلم تک وسیع کر دیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق کانسٹیبل زین عباس منڈی بہاؤالدین سیلانگ مارچ کی ڈیوٹی کیلئے اٹک آیا ہوا تھا، جہاں پاؤں پھسلنے کے باعث غازی بھروٹھا نہر میں گر کر ڈوب گیا۔ پولیس کے مطابق زین عباس سی 16، تحصیل ملکوال، ضلع منڈی بہاؤالدین کا رہائشی تھا۔ ریسکیو اور دیگر امدادی ٹیمیں کانسٹیبل کی تلاش میں مصروف ہیں۔

کانگل سومرو کی جانب سے گوٹھ کی مسجد شریف میں سالانہ عظیم الشان جلسہ میلاد النبی ﷺ

تقریب مولانا ڈاکٹر حافظ سید شاہ سکندر علی کاظمی قادری محمودی کی صدارت میں انتہائی عقیدت و احترام کے ساتھ منعقد ہوئی

ٹھٹھ (رپورٹ واحد شورو) گھمپیر شہر کے قریب گوٹھ علی محمد سومرو کے رہائشی عبدالشکور عرف کانگل سومرو کی جانب سے گوٹھ کی مسجد شریف میں سالانہ عظیم الشان جلسہ میلاد النبی ﷺ اور گیارہویں شریف کی محفل کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب مولانا ڈاکٹر حافظ سید شاہ سکندر علی کاظمی قادری محمودی کی صدارت میں انتہائی عقیدت و احترام کے ساتھ منعقد ہوئی۔ محفل سے خطاب کرتے ہوئے مولانا ڈاکٹر حافظ سید شاہ سکندر علی کاظمی قادری محمودی، قبلہ سید محسن شاہ ٹمیاری، حافظ ابوبکر نظامانی، حافظ نثار جت، علی خان جانگ اور دیگر علمائے کرام نے مسلمانوں کو اللہ تعالیٰ اور اس کے آخری نبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی تعلیمات پر عمل کرنے کی تلقین کی۔ مقررین نے پانچ وقت نماز کی پابندی، بڑوں کا ادب اور چھوٹوں سے محبت کرنے پر زور دیا۔ اس موقع پر ملک کی سلامتی، خوشحالی اور امن و امان کے لیے خصوصی دعائیں بھی کی گئیں۔ مقررین نے کہا کہ ملک میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کے باعث مہنگائی میں بھی اضافہ ہو رہا ہے، جس سے غریب عوام شدید پریشانی کا شکار ہیں۔ مہنگائی نے عوام کی کمر توڑ دی ہے، جبکہ حکمرانوں کو غریب عوام کی مشکلات کا احساس نہیں۔

سیکرٹری مواصلات بابر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سوراب میں ایک ہی رات متعدد مبینہ ڈکیتی کی وارداتیں

شہریوں میں خوف و ہراس پولیس کی کارکردگی پر سوالیہ نشان

سوراب (نامہ نگار) سوراب شہر اور گردونواح میں چوری و ڈکیتی کی وارداتوں کا سلسلہ تھم نہ سکا۔ گزشتہ شب مختلف مقامات پر مبینہ طور پر مسلح افراد کی جانب سے شہریوں کو لوٹنے اور موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش کے واقعات سامنے آئے، جس کے باعث شہریوں اور تاجر برادری میں خوف و ہراس پایا جا رہا ہے۔ اطلاعات کے مطابق گزشتہ شب تقریباً 9:30 بجے ایوب شاپنگ سینٹر کے قریب واقع نیو بولان بیکری کو مبینہ طور پر مسلح افراد نے اسلحے کے زور پر لوٹ لیا اور واردات کے بعد موقع سے فرار ہو گئے۔ متاثرہ بیکری کے مالک کے مطابق ملزمان نے ان سے 92 ہزار روپے نقدی جبکہ بیکری کی کیش سے تقریباً 25 ہزار روپے لے لیے۔ دکاندار کے مطابق ملزمان نے بیکری سے ہزاروں روپے مالیت کا مختلف سامان بھی لوٹ لیا، جس میں 5 کلو والے گھی کے ڈبے، سگریٹ، پرفیوم اور دیگر قیمتی اشیا شامل ہیں۔ دوسری جانب سرخ کے علاقے میں بھی گزشتہ شب مبینہ ڈکیتی کی متعدد وارداتوں کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ اطلاعات کے مطابق عبدالرحمٰن ولد امید خان سرخ کے دکان سے نقد رقم اور ایک موبائل فون چھین لیے گئے، جبکہ شبیر احمد ولد جمعہ خان سرخ سے بھی نقدی اور دیگر سامان چھیننے کی اطلاع ہے۔ اسی دوران نعمان علی ولد علی حسن سرخ سے مبینہ طور پر موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش کی گئی

لاہور میں سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں 67 فیصد کمی، پولیس ریکارڈ

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور رواں سال سال سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں 67 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق گزشتہ سال کے پہلے 8 ماہ میں 2818 مقدمات درج ہوئے جبکہ رواں سال اسی عرصے میں 907 وارداتیں رپورٹ ہوئیں۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق سٹی ڈویژن میں گزشتہ سال سٹریٹ کرائم کے 352 مقدمات درج ہوئے تھے، رواں سال یہ تعداد 154 رہی کینٹ ڈویژن میں گزشتہ سال 652 مقدمات درج ہوئے جبکہ رواں سال 232 وارداتیں رپورٹ ہوئیں۔

پی سی بی وائی جے اسپورٹس زون چار انٹر کلب کرکٹ ٹورنامنٹ میں رائزنگ اسٹار کرکٹ کلب کی کامیابی

روشان حیدر کی شاندار ناقابل شکست سینچری، محمد معاذ کی آل راؤنڈ کارکردگی

کراچی (اسپورٹس رپورٹر) ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی زون چار کے زیر اہتمام منعقد کردہ پی سی بی وائی جے اسپورٹس زون چار انٹر کلب کرکٹ ٹورنامنٹ میں گزشتہ روز رائزنگ اسٹار کرکٹ کلب نے الیون اسٹار کرکٹ کلب کو باآسانی 109 رنز سے شکست دے دی۔ رائزنگ اسٹار کرکٹ کلب نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 267 رنز بنائے۔ سید روشان حیدر نے شاندار بیٹنگ کرتے ہوئے 15 چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے ناقابل شکست 114، محمد معاذ نے 3 چوکوں کی مدد سے 43، کاشف اقبال نے 4 چوکوں ایک چھکے کی مدد سے 31 اور محمد اسامہ نے 21 رنز بنائے۔ فرمان اللہ نے 27 رنز دیکر 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ جواب میں الیون اسٹار کرکٹ کلب 158 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔

حیدرآباد، سائن بورڈ کا کام کرتے ہوئے ایک شخص بجلی کا کرنٹ لگنے سے جاں بحق

حیدرآباد (این این آئی) آٹو بھان روڈ پر بالیوارڈ مال کے باہر سائن بورڈ کا کام کرتے ہوئے ایک شخص بجلی کا کرنٹ لگنے سے جاں بحق ہو گیا۔ معلوم ہوا ہے کہ مذکورہ شخص عمارت کی پانچویں منزل پر سائن بورڈ کا کام کر رہا تھا کہ اچانک بجلی کی تاروں سے اسے کرنٹ لگا، اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 حیدرآباد کی ٹیم جائے وقوعہ پر پہنچی،

حب۔ سردارزادہ شہزاد صالح بھوتانی حب میں مختلف سیاسی و سماجی شخصیات سے ان کے پیاروں کے انتقال پر تعزیتیں کر رہے ہیں

شہریوں کی کروڑوں روپے کی جائیداد کے معاملات تعطل و التوا کا شکار

جائیداد کی خرید و فروخت سے وابستہ شہریوں، تاجروں اور کھاتیداروں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے

بدین (نامہ نگار) ضلعی ہیڈکوارٹر بدین میں بدین شہر کی مختلف دیہہ، جن میں بدین، پاٹار، سونہیر اور دیگر دیہہ شامل ہیں، کے انتقالِ اراضی کے رجسٹر گزشتہ کئی ماہ سے بورڈ آف ریونیو حیدرآباد سے نہ پہنچنے کے باعث پلاٹ، زمینوں اور دیگر جائیداد کی خرید و فروخت سے وابستہ شہریوں، تاجروں اور کھاتیداروں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ انتقالِ اراضی کا عمل رکنے کے باعث متعدد جائیداد کے سودے بھی تعطل کا شکار ہو گئے ہیں۔ شہریوں اور زمینداروں کا کہنا ہے کہ انتقال کے رجسٹر دستیاب نہ ہونے کے باعث زمینوں کی خرید و فروخت سے متعلق قانونی کارروائی مکمل نہیں ہو پا رہی، جس کے نتیجے میں کروڑوں روپے مالیت کے معاملات پھنس گئے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ طویل تاخیر کے باعث بعض فریقین کے درمیان طے پانے والے سودے منسوخی کے قریب پہنچ گئے ہیں، جبکہ متاثرہ افراد اپنے مسائل کے حل کے لیے عدالتوں سے رجوع کرنے پر بھی مجبور ہیں۔ اس سلسلے میں بدین کی دیہہ گاگھڑو کے ایک کھاتیدار نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ وہ بیرونِ ملک مقیم ہونے کے باوجود بدین میں زمینوں میں سرمایہ کاری کرتا ہے، تاہم انتقال کے رجسٹر ختم ہونے اور نئے رجسٹر بروقت فراہم نہ کیے جانے کے باعث زمینوں سے متعلق معاملات میں شدید رکاوٹیں پیدا ہو رہی ہیں۔ متاثرہ افراد کے مطابق اس صورتحال سے نہ صرف زمینداروں اور سرمایہ کاروں کو مالی نقصان پہنچ رہا ہے بلکہ علاقے کی کاروباری سرگرمیاں بھی متاثر ہو رہی ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ زمینوں کے انتقال میں تاخیر کے باعث حکومت کو حاصل ہونے والی رجسٹریشن فیس اور دیگر متعلقہ محصولات کی وصولی بھی متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ متاثرہ افراد کے مطابق سارے معاملات اور مسائل کی وجہ کرپشن بدانتظامی، غفلت اور لاپرواہی ہے انہوں نے الزام عائد کیا کہ بدین کے پٹواری ہر کام پر بھاری رشوت وصول کرتے ہیں جبکہ اس رشوت کی تقسیم میں بدین اور حیدرآباد بورڈ آف ریونیو کے افسران اور اہلکاروں میں اختلافات کی وجہ سے انتقال اراضی رجسٹر ہی غائب ہو چکا ہے، انہوں نے ضلعی انتظامیہ اور محکمہ ریونیو سے مطالبہ کیا ہے کہ معاملے کا فوری نوٹس لے کر نئے انتقال رجسٹر فراہم کیے جائیں تاکہ کئی ماہ سے رکے ہوئے زمینوں کے معاملات کو جلد آگے بڑھایا جا سکے۔ دوسری جانب تپو بدین میں مقرر تپیدار ایاز جویجو کے حوالے سے بھی شہریوں کی شکایات سامنے آئی ہیں۔ شہریوں کا الزام ہے کہ تپیدار ایاز جویجو کئی برس سے بدین میں تعینات ہیں، جس کے باعث مختلف ریونیو معاملات میں شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے

نیو کراچی صنعتی ایریا، کچی آبادی میں گھر سے خاتون کی گلا کٹی لاش برآمد

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے نیو کراچی صنعتی ایریا کی کچی آبادی میں گھر سے خاتون کی گلا کٹی لاش ملی ہے۔ مقتولہ کی شناخت سویرا کے نام سے ہوئی ہے، پولیس کے مطابق قتل کے محرکات جاننے کے لیے تفتیش جاری ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ مقتولہ کا شوہر سرفراز موبائل فون قسطوں پر دینے کا کاروبار کرتا ہے، پولیس کو دیے گئے ابتدائی بیان میں شوہر کے مطابق وہ کاروبار کے سلسلے میں گھر سے باہر گیا ہوا تھا، رات پونے 9 بجے واپس آیا تو بیوی کو خون میں لت پت پایا۔

ڈھوڈہ شریف روڈ کی تعمیر مکمل، وزیر قانون آفتاب عالم نے باقاعدہ افتتاح کر دیا

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے وزیر قانون آفتاب عالم نے سابق چیئرمین عابد خان، پاکستان تحریک انصاف کے مقامی رہنماؤں اور کارکنوں کے ہمراہ ڈھوڈہ روڈ کی تعمیر و بحالی کے کام کا افتتاح کر دیا۔ یہ روڈ گزشتہ 25 سالوں سے تعمیر و مرمت کا منتظر تھا۔ خستہ حالی کے باعث علاقے کے مکینوں کو طویل عرصے سے آمدورفت میں مشکلات کا سامنا تھا۔

نصیرآباد، کمشنر صلاح الدین نورزئی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پولیس میں آفر آرڈر نہ ملنے پر امیدواروں کا بدین پریس کلب کے سامنے احتجاج

دیگر اضلاع میں ویٹنگ لسٹ میں شامل امیدواروں کو آفر آرڈر دیے جا رہے ہیں

بدین (نامہ نگار) پولیس میں کانسٹیبل کی بھرتی کے لیے تحریری اور جسمانی ٹیسٹ پاس کرنے کے باوجود آفر آرڈر نہ ملنے کے خلاف امیدواروں نے بدین پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق بدین میں پولیس کانسٹیبل کی بھرتی کے امیدواروں قربان سومرو، ذوالفقار سومرو اور دیگر نے بدین پریس کلب کے سامنے احتجاج کرتے ہوئے صحافیوں کو بتایا کہ انہوں نے 2024 میں پولیس کانسٹیبل کی آسامیوں کے لیے تحریری اور جسمانی ٹیسٹ کامیابی سے پاس کیے تھے۔ بعدازاں ان سے تمام تعلیمی اسناد، پولیس ویریفکیشن اور میڈیکل فٹنس سمیت دیگر مطلوبہ دستاویزات بھی حاصل کی گئیں۔ امیدواروں کے مطابق بعد میں نشستیں کم ہونے کا جواز پیش کرتے ہوئے انہیں ویٹنگ لسٹ میں شامل کر دیا گیا، تاہم کئی سال گزرنے کے باوجود انہیں آفر آرڈر جاری نہیں کیے گئے۔ ان کا کہنا تھا کہ دیگر اضلاع میں ویٹنگ لسٹ میں شامل امیدواروں کو آفر آرڈر دیے جا رہے ہیں، جبکہ بدین کے امیدواروں کو مسلسل نظرانداز کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آفر آرڈر جاری نہ ہونے کے باعث متعدد امیدوار میرٹ پر ٹیسٹ پاس کرنے کے باوجود عمر کی مقررہ حد سے تجاوز کر رہے ہیں، جس سے ان کے مستقبل کے روزگار کے مواقع بھی متاثر ہو رہے ہیں۔

قمبر شہدادکوٹ پولیس کی بڑی کارروائی سول جج کے گھر سے چوری کا معمہ انتہائی قلیل مدت میں حل

حسن سردار احمد خان نیازی کی جانب سے ایس ایچ او قمبر سٹی بمع ٹیم کو شاباشی کا پیغام ساتھ ہی تعریفی اسناد دینے کا اعلان کیا ہے

شہدادکوٹ (رپورٹ: شبیر کمبوہ) قمبر شہدادکوٹ پولیس کی بڑی کارروائی سول جج کے گھر سے چوری کا معمہ انتہائی قلیل مدت میں حل ایس ایس پی قمبر شہدادکوٹ حسن سردار احمد خان نیازی کے احکامات پر تھانہ قمبر سٹی پولیس کی دبنگ کارروائی سول جج کے گھر سے چوری شدہ کیش رقم اور سونے کے زیورات برآمد کر کے ملزم کو گرفتار ایس ایچ او تھانہ قمبر سٹی سب انسپکٹر عبدالغفار پھلپوٹو بمع اسٹاف نے خفیہ اطلاع پر کارروائی میں دو روز قبل سول جج محمد رمضان گوپانگ کے گھر سے سونے کے زیورات اور کیش رقم چوری ہو گئے تھے قمبر سٹی پولیس نے ایس ایچ او قمبر سٹی کی سربراہی میں ٹیکنیکل اور خفیہ اطلاع پر کارروائی کر کے واقعے میں ملوث مرکزی ملزم حسنین گوپانگ کو گرفتار کر کے چوری شدہ سونے کے زیورات اور کیش رقم برآمد کر لی ہے گرفتار ملزم کے خلاف ضابطے کی کارروائی بھی عمل میں لائی جا رہی ہے ایس ایس پی قمبر شہدادکوٹ حسن سردار احمد خان نیازی کی جانب سے ایس ایچ او قمبر سٹی بمع ٹیم کو شاباشی کا پیغام ساتھ ہی تعریفی اسناد دینے کا اعلان کیا ہے۔

مولانا محمد عمر عادل جمعیت علمائے اسلام تحصیل سونمیانی وندر کے سینئر نائب امیر منتخب باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری

مولانا محمد عمر عادل جمعیت علمائے اسلام کے سینئر اور تجربہ کار رہنما ہیں جنہوں نے طویل عرصے سے جماعتی سرگرمیوں میں اپنا کردار ادا کیا

سونمیانی وندر (نمائندہ بولان) مولانا محمد عمر عادل جمعیت علمائے اسلام تحصیل سونمیانی وندر کے سینئر نائب امیر منتخب باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری۔ تفصیلات کے مطابق جمعیت علمائے اسلام کے سینئر رہنما مولانا محمد عمر عادل کو جمعیت علمائے اسلام تحصیل سونمیانی وندر کا سینئر نائب امیر منتخب کر دیا گیا۔ تحصیل جماعت کی جانب سے ان کی تقرری کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔ اس موقع پر جے یو آئی تحصیل سونمیانی وندر کے رہنماؤں کا کہنا ہے کہ مولانا محمد عمر عادل جمعیت علمائے اسلام کے سینئر اور تجربہ کار رہنما ہیں جنہوں نے طویل عرصے سے جماعتی سرگرمیوں میں اپنا کردار ادا کیا ہے۔ انہیں سینئر نائب امیر کی اہم ذمہ داری سونپے جانے پر جماعتی رہنماؤں میں خوشی کا اظہار کیا جا رہا ہے

حب۔ سابق صوبائی وزیر بلدیات سردار محمد صالح بھوتانی سے بھوتانی عوامی کارواں کے سینئر رہنماؤ چیئرمین ساکران غلام رسول واہورہ، وڈیرہ جان محمد خاصخیلی، حاجی برادو واہورہ، اصغر علی بزنجو اور دوست محمد بندیجہ کا ملاقات کے موقع پر لیا گیا گروپ فوٹو

ملک میں موجودہ بوسیدہ نظام اور اقتدار کی رسیاں کرپٹ حکمرانوں اور نااہل قیادت کے پاس ہے۔

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں پر عائد لیوی اور ٹیکسوں بھتہ کے خلاف جدوجہد جاری رکھیں گے۔ محمد یوسف کا بدین میں عہدیداران سے خطاب

بدین (نامہ نگار) جماعت اسلامی سندھ کے جنرل سیکریٹری محمد یوسف نے کہا ہے کہ ملک میں موجودہ بوسیدہ نظام اور اقتدار کی رسیاں کرپٹ و نااہل قیادت کے ہاتھوں میں رہنے تک حالات میں بہتری نہیں آ سکتی۔ عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے نظام کی اصلاح اور حقیقی عوامی خدمت کو یقینی بنانا ہوگا۔ بدین میں جماعت اسلامی کے عہدیداران سے خطاب کرتے ہوئے محمد یوسف نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات پر عائد لیوی اور اضافی ٹیکسوں کے خاتمے تک جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ عوام پہلے ہی مہنگائی کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں، ایسے میں مزید ٹیکس اور لیوی عوامی مشکلات میں اضافہ کر رہے ہیں۔ انہوں نے بدین میں امن و امان کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ضلع بدین ایک پرامن علاقہ سمجھا جاتا تھا، مگر آج یہاں بوری بند لاشیں مل رہی ہیں، جو انتظامیہ اور منتخب نمائندوں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔ انہوں نے سوال کیا کہ یہ کہاں کا انصاف ہے؟ انتظامیہ کہاں ہے اور وہ منتخب نمائندے کہاں ہیں جو انتخابات کے دوران عوام کی خدمت کے دعوے کرتے ہیں۔ محمد یوسف نے بدین میں منشیات کے مبینہ بڑھتے ہوئے کاروبار پر بھی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا

ڈاکٹر دانش امان پی ایل جی ایم ای اے کے چیف کوآرڈینیٹر مقرر

کراچی (این این آئی) پاکستان لیدر گارمنٹس مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن (PLGMEA) نے ڈاکٹر دانش امان کو 2024 تا 2026 کی مدت کیلئے چیف کوآرڈینیٹر مقرر کر دیا ہے۔ اپنی نئی ذمہ داریوں کے تحت ڈاکٹر دانش امان ایسوسی ایشن کی قیادت اور اراکین کے ساتھ مل کر پاکستان کی لیدر گارمنٹس صنعت کے فروغ، ملکی و عالمی منڈیوں میں اس کی موجودگی مستحکم کرنے اور مینوفیکچررز و ایکسپورٹرز کو درپیش مسائل کے حل کے لیے کام کریں گے۔

حب۔ سردارزادہ شہزاد صالح بھوتانی حب میں کپڑے کی دکان کا فیتہ کاٹ کر افتتاح کر رہے ہیں

پانچویں فیس بک لائیو سیشن، گھریلو ملازمین کی پولیس تصدیق بارے اہم پیغام

وزیراعظم کا عالمی فورم پر حرمین شریفین کو ریڈ لائن قرار دینا خوش آئند ہے، محمد اشرف قریشی

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
فون و فیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113780
قیمت 20 روپے
پیر 28 ستمبر 2026، بمطابق 15 ربیع الثانی 1448ھ

ہر قیمت پر عوام کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنانا ہے، جعفر مندوخیل

دہشت اور وحشت پر مبنی ذہنیت کے تہہ تک پہنچنے اور اسکے خاتمے کو یقینی بنانے کا وقت آ پہنچا ہے۔ ہمارے پرامن اور انسان دوست صوبے میں خوف اور افراتفری پھیلانے کی کوئی گنجائش نہیں ہے

عوامی تحفظ کو یقینی بنانے اور سرکاری املاک کو نقصان سے بچانے کیلئے ہمارے قانون نافذ کرنے والے ادارے بالخصوص زیادہ ٹریفک والے علاقوں، عوامی مقامات، قومی شاہراہوں اور بس اڈوں پر ہر وقت اور ہر جگہ چوکس رہیں

کوئٹہ (انٹرنیوز) ۔ گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ دہشت اور وحشت پر مبنی ذہنیت کے تہہ تک پہنچنے اور اسکے خاتمے کو یقینی بنانے کا وقت آ پہنچا ہے۔ ہمارے پرامن اور انسان دوست صوبے میں خوف اور افراتفری پھیلانے کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ پائیدار امن ہی ایک تہذیب یافتہ معاشرہ کا رہنما اصول ہے جو معاشرت، معیشت اور عوامی سیاست کو سچی بنیادیں فراہم کر کے ہمارے آگے کے راستے کو روشن کرسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی تحفظ کو یقینی بنانے اور سرکاری املاک کو نقصان سے بچانے کیلئے ہمارے قانون نافذ کرنے والے ادارے بالخصوص زیادہ ٹریفک والے علاقوں، عوامی مقامات، قومی شاہراہوں اور بس آڈوں پر ہر وقت اور ہر جگہ چوکس رہیں اور پائیدار امن کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھائیں۔ ہمیں ہر قیمت پر اپنے عوام کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنانا ہے تا کہ عام آدمی خوف و ڈر کی فضا سے آزاد ہوکر اپنے بچوں کیلئے دو وقت کی روٹی روزی کمانے میں مشغول رہے۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ یہ ہر شہری کا قومی فریضہ بنتا ہے کہ وہ امن و امان کی صورتحال کو بہتر بنانے میں ہمارا ساتھ دیں تا کہ ہمارا صوبہ پورے خطے میں امن و آشتی کا مثالی گہوارہ بن جائے۔

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے وفد ملاقات کر رہا ہے

عمران خان سے ملاقات میں سہولت فراہمی ملک کیلئے مثبت عمل تھا، اعظم سواتی

آئین وقانون کی پاسداری چاہتے ہیں، خوش فہمی نہیں جلسہ منسوخی سے ہمیں رعایت ملے گی، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (انٹرنیوز) رہنماء پی ٹی آئی اعظم سواتی نے کہا ہے کہ عمران خان سے ملاقات میں سہولت فراہمی ملک کیلئے مثبت عمل تھا، آئین وقانون کی پاسداری چاہتے ہیں، خوش فہمی نہیں جلسہ منسوخی سے ہمیں رعایت ملے گی۔ تفصیلات کے مطابق سپریم کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رہنماء پی ٹی آئی اعظم سواتی نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کیلئے جس نے بھی سہولت فراہم کی وہ پاکستان کیلئے مثبت عمل تھا۔

پاکستان ترقی کی راہ پر گامزن ہو گیا، مہنگائی کی شرح 4 فیصد تک آ گئی، احسن اقبال

2014 میں بھی دھرنا، سول نافرمانی کی کال دی تھی، آج بھی تخریبی ایجنڈے پر عمل پیرا ہیں' وفاقی وزیر

جس شخص نے کبھی یونین کونسل نہیں چلائی 2018 میں کچھ ججوں اور جرنیلوں نے اپنے بچوں کے کہنے پر اسے ملک پر مسلط کیا

نارووال (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی احسن اقبال نے کہا ہے کہ ترقی کیلئے پاکستان کو امن سکون اور استحکام دینا ہوگا، تحریک انصاف فسادی اور انتشاری ٹولے کے ہاتھوں یرغمال بن چکی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ''سڑکیں بحال پنجاب خوشحال پروگرام'' کے تحت قلعہ کالروالہ بدوملہی روڈ کی بحالی و مرمت کے کام کے افتتاح پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا مسلم لیگ (ن) کی حکومت میں ہر طرف تعمیر وترقی نظر آرہی ہے، 4 سال برسر اقتدار رہنے والوں نے اپنے دور میں کیا کیا؟۔ تبدیل کا مہاتما آج اڈیالہ جیل کے اسی سیل میں قید ہے جہاں انہوں نے اپنے دور میں مجھے رکھا ہوا تھا۔ اڈیالہ میں دیسی مرغ کھانے اور سوپ پینے کے بعد بھی اس کی چیخیں نکل رہی ہیں۔ امریکی کانگریس کے ممبران سے عافیہ صدیقی کی رہائی اور کشمیر کی آزادی کی بجائے اپنی رہائی کیلئے دستخط کروا رہا ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ اسلام آباد میں پولیس اور رینجرز کا قتل عام ہوا ہے، کون سی سیاسی جماعت ہے جو آنسو گیس اور جدید ہتھیاروں سے لیس ہوکر پولیس پر حملہ آور ہوتی ہے۔ 2014 میں بھی دھرنا اور سول نافرمانی کی کال دی تھی اور پاکستان کے پاسپورٹ کو جلایا گیا تھا اور آج بھی یہ اپنے تخریبی ایجنڈے پر عمل پیرا ہیں۔ وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا کہ پی ٹی آئی والے چاہتے ہیں کہ پاکستان میں کوئی سرمایہ کاری نہ کرے، جس شخص نے کبھی یونین کونسل نہیں چلائی 2018 میں کچھ ججوں اور جرنیلوں نے اپنے بچوں کے کہنے پر اسے ملک پر مسلط کیا، اپنی نا اہلی کی وجہ سے اس نے پاکستان کی معیشت کی اینٹ سے اینٹ بجا کے رکھ دی، 12 جماعتوں نے مل کر جب حکومت سنبھالی تو ہمیں مشکل ترین فیصلے کرنے پڑے، ہمیں اپنی سیاست سے زیادہ ریاست عزیز ہے، عمران خان نے آئی ایم ایف کے ساتھ جو معاہدے کیے اس کے نتیجے میں پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں کو مہنگا کرنا پڑا۔ اس مہنگائی کی لہر سے لوگ صبر سے گزرے اور کوئی احتجاج نہیں ہوا کیونکہ لوگوں کو علم تھا کہ اس کڑوی گولی کا ذمے دار وہ شخص ہے جو پاکستان کو بیماری میں مبتلا کر گیا ہے۔ انہوں نے کہا آج ہماری سٹاک مارکیٹ بہتر انداز میں کام کر رہی ہے، آج سرمایہ داروں کا پاکستان پر اعتماد بحال ہو رہا ہے، ترقی کیلئے پاکستان کی دھرتی کو امن سکوں اور استحکام دینا ہوگا، یہ جماعت فسادی اور انتشاری ٹولے کے ہاتھوں یرغمال بن چکی ہے، ان کے پیچھے موجود اسرائیلی لابی چاہتی ہے کہ دنیا کی توجہ فلسطین سے ہٹ کر پاکستان پر لگ جائے، یہ پاکستان سے دوستی کی بجائے دشمنی کر رہے ہیں، ہم نے پاکستان کے نوجوانوں کو گالی گلوچ کی بجائے کمپیوٹر اور آئی ٹی کی تعلیم دینی ہے، پی ٹی آئی نے اپنے دور میں نارووال میں کونسا تعلیم کا منصوبہ لگایا اور کون سا تعمیراتی منصوبہ بنایا۔

ملک کو امت محمدی اور شریعت محمدی کا پاکستان بنا کر خاندانی نظام کو ختم کریں گے، سراج الحق

اس ملک میں اسلامی نظام۔ جمہوریت کی بقا اور عادلانہ نظام کے قیام کی جدوجہد میں مصروف عمل ہیں

ظلم کا خاتمہ، کفر کا خاتمہ، سودی نظام کا خاتمہ، مخلوط نظام تعلیم کا خاتمہ کر کے عدالتوں میں اسلامی نظام لائیں گے پھر ہی خوشحال اور ترقی یافتہ ملک کا تصور پورا ہوگا

سرگودھا (جی این ایم) جماعت اسلامی پاکستان نے ملک کو مسلک، لسانیت، قومیت، علاقائیت سے نکال کر پاکستان کو شریعت اور امت محمدی کے مطابق بنا کر ظلم، کفر، سود، مخلوط نظام تعلیم کے خاتمہ کا عزم کرتے ہوئے عدالتوں میں اسلامی نظام کو لانے کا اعلان کر دیا۔ جماعت اسلامی کے سابق مرکزی امیر سینیٹر سراج الحق سابق نے جماعت اسلامی پاکستان 83 ویں یوم تاسیس پر سرگودھا استحکام پاکستان کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک کو امت محمدی اور شریعت محمدی کا پاکستان بنا کر خاندانی نظام کو ختم کریں گے جس سے ظلم کا خاتمہ، کفر کا خاتمہ، سودی نظام کا خاتمہ، مخلوط نظام تعلیم کا خاتمہ کر کے عدالتوں میں اسلامی نظام لائیں گے پھر ہی خوشحال اور ترقی یافتہ ملک کا تصور پورا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اس ملک میں اسلامی نظام۔ جمہوریت کی بقا اور عادلانہ نظام کے قیام کی جدوجہد میں مصروف عمل ہیں اور اس جدوجہد کو تکمیل تک جاری رکھیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس ملک کو ایسا ملک بنائیں گے جہاں قانون کی بالادستی ہو، انصاف کی حکمرانی ہو، ہر بچہ تعلیم حاصل کرئے، کسان کو اس کا حق ملے اور وسائل کی منصفانہ تقسیم ہو۔ انہوں نے کہا کہ اس ملک سے مہنگائی، بے روزگاری، ناانصافی، ٹیکسز کی بھرمار اور بنیادی حقوق سمیت تمام مسائل کا حل صرف اسلامی نظام حکومت میں مضمر ہے اور اس کام کے لئے جماعت اسلامی کوشاں ہے۔ انہوں نے کہا جماعت اسلامی پاکستان کی سب سے منظم دیانت دار اور جمہوری جماعت ہے جس کی تاریخ امانت دیانت اور خدمت کی گواہ ہے۔ اس تقریب سے امیر جماعت اسلامی پنجاب شمالی ڈاکٹر طارق سلیم، امیر ضلع میاں اویس قاسم تلہ۔ نائب امیر عامر چیمہ امیر شہر اختر رسول چوہدری اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے جماعت اسلامی کے مشن اور جدوجہد کو جاری رکھنے کا عزم کرتے ہوئے پاکستان کا مطلب کیا لا الہ الا اللہ کے نعرے کو بلند رکھا۔

وزیر خزانہ کا مشیر اکنامک اینڈ فنانشل ریفارمز مقرر کرنے کا فیصلہ

کامیاب امیدوار کو سپیشل پروفیشنل پے سکیل ون کے برابر تنخواہ ملے گی جو 15 سے 20 لاکھ روپے مقرر ہے

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے مشیر برائے اکنامک اینڈ فنانشل ریفارمز مقرر کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق خزانہ ڈویژن نے بتایا ہے کہ مشیر اکنامک اینڈ فنانشل ریفارمز کے خواہش مند امیدواروں سے 9 ستمبر 2024 تک درخواستیں طلب کی گئی ہیں، خواہشمند امیدواروں کو عہدے کے لیے نیشنل جاب پورٹل کے ذریعے آن لائن درخواست دینا ہوگی، کامیاب امیدوار کو سپیشل پروفیشنل پے سکیل ون کے برابر تنخواہ ملے گی۔ معلوم ہوا ہے کہ سپیشل پروفیشنل پے سکیل کی تنخواہ 15 سے 20 لاکھ روپے مقرر ہے، اسامی کے لیے کم از کم تعلیمی قابلیت فنانس، اکنامکس یا متعلقہ فیلڈ میں ماسٹر ڈگری مقرر کی گئی ہے، شارٹ لسٹڈ امیدواروں کو طے شدہ قواعد کے تحت انٹرویو کے لیے بلایا جائے گا، مشیر کی تقرری دو سال کے لیے اکنامک اینڈ فنانشل ریفارمز یونٹ میں کی جائے گی، دو سالہ کنٹریکٹ جاب والے مشیر کو کارکردگی کی بنیاد پر توسیع مل سکے گی۔

اے سی چمن امتیاز بلوچ شہر میں منشیات فروشوں کیخلاف کاروائی کر رہے ہیں

مرغی کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ، عوام پر مہنگائی کا بم گرا دیا گیا

سویابین کی قیمت میں 50 روپے کمی کے باوجود فیڈ کی قیمت کم نہیں کی گئی' فارمرز کا احتجاج

لاہور (این این آئی) برائلر گوشت کی قیمت میں اضافہ کی بنیادی وجہ سامنے آ گئی، پولٹری انڈسٹری کی بنیادی اکائی چوزے کی قلت کی وجہ سے بحران کی صورتحال پیدا ہوئی، پنجاب میں چوزے کی قیمت بلند ترین سطح پر پہنچ گئی۔ بتایا گیا ہے کہ نجی کمپنیوں کی اجارہ داری کی وجہ سے مارکیٹ میں چوزہ نہ صرف مہنگا ہے بلکہ اس کی قلت بھی پیدا ہوگئی ہے، چوزے کی قیمت کم ہوئے بغیر مرغی کے گوشت کی قیمت میں کمی ممکن نہیں، مرغی کے چوزے کی قیمت میں غیر معمولی اضافہ ہوا ہے تاہم مارکیٹ میں اب مہنگا چوزہ بھی دستیاب نہیں، کئی روز سے چوزہ نہ ملنے کی وجہ سے فارمز میں نیا چوزہ نہیں ڈالا گیا جس وجہ سے مرغی کی نئی کھیپ بھی متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ مزید بتایا گیا ہے کہ سرکاری نرخنامے میں برائلر گوشت کی قیمت 595 روپے مقرر ہے تاہم گزشتہ روز بھی مختلف مقامات پر اس کی 700 سے 720 روپے کلو تک فروخت کی گئی۔ فارمرز کا کہنا ہے کہ فیڈ کی قیمت کم کرنے کا مطالبہ مسترد کر دیا گیا ہے، ہمارا مطالبہ تھا کہ سویابین کی قیمت میں کمی کے ذریعے مرغی کی فیڈ کی قیمت میں کمی کی جائے، سویابین کی قیمت میں پچاس روپے کمی کی گئی جس سے سویابین کی قیمت 230 روپے سے کم ہو کر 180 روپے کلو ہوگئی، سویابین کی قیمت میں کمی کے باوجود فیڈ کی قیمت کم نہیں کی گئی۔ ادھر مہنگائی کا جن بے قابو ہوگیا، پاکستان کے تیسرے بڑے شہر فیصل آباد میں سبزیاں سرکاری نرخوں کے برعکس مہنگے داموں فروخت کی جانے لگیں۔ سرکاری ریٹ لسٹ میں پیاز کا کی قیمت 140 روپے فی کلو مقرر ہے جبکہ مارکیٹ میں پیاز 160 روپے کلو فروخت ہو رہا ہے۔ ٹماٹر کے سرکاری نرخوں میں پانچ روپے کمی کے بعد قیمت 180 روپے کلو مقرر کی گئی ہے لیکن مارکیٹ میں ٹماٹر 220 روپے، آلو 70 روپے کے بجائے 80 روپے فی کلو میں بیچا جا رہا ہے۔

امسال انسٹیٹیوٹ آف کڈنی ڈیزیز کی او پی ڈی میں 149893 مریضوں کا معائنہ کیا گیا

پشاور (این این آئی) امسال انسٹیٹیوٹ آف کڈنی ڈیزیز کی او پی ڈی میں 149893 مریضوں کا معائنہ کیا گیا جبکہ ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے 26836، نیفرالوجی کے 40873۔ یورولوجی کے 82184 مریضوں کو ہسپتال کی تمام سہولیات فراہم رہیں۔ میڈیا سیل ایم ٹی آئی ایچ ایم سی پشاور کے مطابق ہسپتال میں 7149 مریضوں کو داخل کیا گیا اور 7940 مریضوں کی چھوٹے بڑے اپریشنز کیے گئے۔ لیبارٹری کے 433698 اور ریڈیالوجی 57357 مریضوں کو سہولیات دستیاب رہیں۔ علاوہ ازیں 27369 مریضوں کو ڈائیلیسس کی مفت سروسز فراہم کی گئی

پرتشدد رویوں کو قطعی طور پر حقوق کی جنگ نہیں کہا جاسکتا، سابق وزیر اعلیٰ میر علی مردان خان ڈومکی

بلوچستان میں پائیدار قیام کے لئے اقدامات کو بار آور بنانے کے لئے مشترکہ کوششوں کی ضرورت ہے

کوئٹہ (آن لائن) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر علی مردان خان ڈومکی نے مستونگ کھڈ کوچہ سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں گزشتہ شب پیش آنے والے پرتشدد واقعات کی سخت مذمت کرتے ہوئے بے گناہ افراد کے قتل پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے اپنے ایک بیان میں سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر علی مردان خان ڈومکی کا کہنا تھا کہ پرتشدد رویوں کو قطعی طور پر حقوق کی جنگ نہیں کہا جاسکتا، گزشتہ روز کے جانی و مالی نقصانات سے ہر ذی شعور کو دلی دکھ اور افسوس ہوا ہے ایسے واقعات سے پاکستان کی مختلف اکائیوں میں نفرتیں تو پیدا ہوسکتی ہیں لیکن اس سے کسی قسم کے حقوق حاصل نہیں ہوسکتے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی اپنی قبائلی ومہمان نوازی کی روایات ہیں لیکن حالیہ واقعات سے یہاں کی روایات کو بھی ذک پہنچی ہے اور صوبے کا روایتی وقبائلی تشخص مجروح ہوا ہے سابق وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان ہم سب کی سرزمین ہے جس پر ہمارے آباواجداد کی قبریں ہیں اور ہمارا رہن سہن اسی دھرتی سے وابستہ ہے بلوچستان میں پائیدار قیام کے لئے اقدامات کو بار آور بنانے کے لئے مشترکہ کوششوں کی ضرورت ہے، پرتشدد ولسانی بنیادوں پر نفرتوں کے بجائے امن وترقی کے لئے وسیع الجہتی پارلیمانی جدوجہد کی ضرورت ہے جس میں سیاسی ڈائیلاگ کا فروغ انتہائی ضروری ہے

تاجر دوست اسکیم کو مسترد کرتے ہیں بلکہ یہ تاجر دشمن اسکیم ہے، کاشف چوہدری

تمام جائز مطالبات کے حصول اور ناروا ٹیکسز کے خلاف 28 اگست کو ملک بھر میں شٹر ڈاؤن ہڑتال ہوگی

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے صدر کاشف چوہدری نے کہا ہے کہ تاجر دوست اسکیم کو مسترد کرتے ہیں بلکہ یہ تاجر دشمن اسکیم ہے حکومت تاجر دوست اسکیم کی واپسی اور بجلی کے بلوں پر لگائے گئے ٹیکسز کو ختم کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کرے اور آئی پی پیز کے ظالمانہ معاہدے ختم کرنے کا واضح لائحہ عمل طے تو پھر چارٹر آف ڈیمانڈ کے دیگر نکات پر مذاکرات پر غور کر سکتے ہیں۔ تمام جائز مطالبات کے حصول اور ناروا ٹیکسز کے خلاف 28 اگست کو ملک بھر میں شٹر ڈاؤن ہڑتال ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سوموار کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا اس موقع پر تنظیم تاجران پاکستان و بلوچستان کے مرکزی جنرل سیکرٹری سید عبدالقیوم آغا، مرکزی انجمن دکانداران کے صدر امر دین آغا، چیئرمین مرکزی انجمن تاجران بلوچستان حاجی خدائے دوست، مرکزی سیکرٹری انجمن تاجران بلوچستان کے جنرل رحیم آغا گروپ ولی افغان، تاجر اتحاد بلوچستان کے صدر سید حیدر آغا، حاجی میر حمزہ خلجی، حاجی محمد زاہد، نکری عبدالحمید بنگلزئی، قسیم آغا، سیف الدین نثار، کاشف حیدری، امیر محمد، سید عبدالمنان، سعد اللہ سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان تجارت کے حوالے سے اہم اور معدنیات سے مالا مال صوبہ ہے۔ بلوچستان میں صنعتیں نہ ہونے کی وجہ سے بے روزگاری انتہا کو پہنچ چکا ہے صحت کی سہولیات ناپید ہے۔ انڈسٹریل زون قائم کر کے روزگار کی فراہمی اور تجارت کے فروغ کے لئے اقدامات کئے جائیں۔

بلوچستان حکومت دہشت گردوں اور انکے سہولت کاروں کا پیچھا کریگی، عبید گورگیج

کوئٹہ (آن لائن) رکن صوبائی اسمبلی حاجی میر عبیداللہ گورگیج نے موسی خیل کے قریب پیش آنے والے دہشت گردی کے بدترین واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ حاجی میر عبیداللہ گورگیج نے 23 افراد کے جاں بحق ہونے کے واقعہ پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ رکن صوبائی اسمبلی حاجی میر عبیداللہ گورگیج نے دہشتگردوں کی بزدلانہ کارروائی میں جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی و تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ موسی خیل کے قریب دہشتگردوں نے معصوم لوگوں کو نشانہ بنایا۔ حاجی میر عبیداللہ گورگیج نے کہا کہ بلوچستان حکومت دہشت گردوں اور انکے سہولت کاروں کا پیچھا کریگی۔

انٹرنیٹ کی کم اسپیڈ وزراء پی ٹی اے بیانات میں تضاد ہے، اسلام آباد ہائیکورٹ

آئی ٹی بارے کام انٹرنیٹ کی مرہون منت، وزراء کے متضاد بیانات سے قوم کنفیوژن کا شکار ہے

اب یہ پرانا دور نہیں جب ایک فون خراب ہوتا تھا تو خراب ہی ہے، عدالت جاننا چاہتی ہے یہ ہو کیا رہا ہے؟، چیف جسٹس عامر فاروق کے ریمارکس

اسلام آباد (انٹرنیوز) اسلام آباد ہائیکورٹ نے پی ٹی اے کی جانب سے انٹرنیٹ کی سست روی پر تسلی بخش جواب نہ دینے پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے 3 ستمبر کو حکومت سے تفصیلی رپورٹ، ممبر ٹیکنیکل وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی کو ذاتی حیثیت میں طلب کرلیا جبکہ ریمارکس دیئے ہیں کہ آئی ٹی سے متعلق کام انٹرنیٹ کی مرہون منت ہیں، وزراء کے متضاد بیانات سے قوم کنفیوژن کا شکار ہے، اب یہ پرانا دور نہیں جب ایک فون خراب ہوتا تھا تو خراب ہی ہے، عدالت جاننا چاہتی ہے یہ ہو کیا رہا ہے؟۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیف جسٹس عامر فاروق نے فائر وال کی تنصیب اور انٹرنیٹ کی سست رفتار سے متعلق سینئر صحافی حامد میر کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار کی جانب سے وکیل ایمان مزاری عدالت میں پیش ہوئیں۔ چیف جسٹس نے وکیل آئی ٹی سے استفسار کیا کہ انٹرنیٹ سلو کیوں ہے؟، وکیل آئی ٹی نے جواب دیا مجھے اس سے متعلق معلومات نہیں ہیں جس پر عدالت نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اگر آپ کو علم نہیں تو روسٹرم چھوڑ دیں، اس موقع پر اسسٹنٹ اٹارنی جنرل نے عدالت کو بتایا کہ سب میرین کیبل خراب ہوئی ہے۔ چیف جسٹس نے کہا کہ کیا ہماری ہی کیبل خراب ہونی ہے؟، یہاں نہ درخواست گزار کو علم ہے نہ ہی کورٹ میں آئے لوگوں کو معلوم ہے ہو کیا رہا ہے؟، اگر کیبل خراب ہے تو اس کو ٹھیک کرنے کی ذمہ داری کس کی ہے۔ پی ٹی اے وکیل نے عدالت میں بتایا کہ یہ بہت سی کمپنیوں کی ذمہ داری ہے۔ چیف جسٹس نے کہا کہ باقی باتیں چھوڑیں، آئی ٹی سے متعلق کام انٹرنیٹ کی مرہون منت ہیں، انٹرنیٹ سے جڑا معاشی نقصان ہوا ہے، فری لانسنگ بہت نوجوانوں کا ذریعہ معاش ہے جو انٹرنیٹ نہ ہونے سے متاثر ہو رہا ہے، آپ ایک طرف سے کہتے ہیں پاکستان میں انٹرنیٹ بینکنگ کریں دوسری طرف انٹرنیٹ نہیں چل رہا۔ اٹارنی جنرل نے عدالت کو بتایا پہلے ایک سب میرین کیبل کٹی تھی جو 28 کو ٹھیک ہوئی، پھر دوسری کیبل کٹی جس کو ٹھیک ہونے میں مہینہ لگے گا رات کو ایک میسج آیا ایک اور سب میرین کٹ گئی ہے، چیف جسٹس نے کہا کہ لاہور میں بھی ایسی درخواست ہے، نہ وہاں کوئی ذمہ داری قبول کر رہا نہ یہاں۔ وکیل پی ٹی اے نے کہا کہ اگر مجھے صحیح بریف نہ کیا گیا تو میں ان کو ریپریزنٹ نہیں کروں گا۔ چیف جسٹس نے کہا کہ اگر کیبل کٹی ہوئی ہے تو مجھے چھوڑیں آپ نے عوام کو کیوں نہیں بتایا، عدالت نے اٹارنی جنرل سے کہا پچھلے دس دن کے اخبارات دیکھیں، وزراء اور پی ٹی اے کے چیئرمین کے بیانات میں تضاد ہے، کبھی فائر وال ہے کبھی فائر وال نہیں ایک وزیر ایک دن ایک، دوسرے دن دوسرا بیان دیتا ہے پوری قوم کنفیوژ ہے، کاروباری کمیونٹی پچھلے دس دن سے شکایت کر رہی ہے، حکومت کہہ رہی ہے خراب ہے بس خراب ہے، اب یہ پرانا دور تو نہیں جب ایک فون خراب ہوتا تھا تو خراب ہی ہے۔ وکیل درخواست گزار ایمان مزاری نے بتایا کہ مخصوص موبائل ایپلی کیشنز کے فنکشنز کام نہیں کر رہے، مثلاً وائس ایپ پر تصویر اور وائس نوٹ نہیں سینڈ ہوتے جس کا سب میرین کیبل سے کوئی تعلق نہیں، اس پر عدالت نے کہا آپ عوام کو مس لیڈ کر رہے ہیں سمجھ نہیں آ رہی عوام کس کا یقین کریں، قوم جاننا چاہتی ہے کہ ہو کیا رہا ہے۔ چیئرمین پی ٹی اے نے کہا ہے

محفوظ النبی، رونق حیات کی زیر صدارت قائداعظم اور عزم سیمینار

ہم نے وہ قرض بھی اتار دیا جو واجب بھی نہیں تھا۔ جسٹس ضیا، ڈاکٹر افتخار، نصرت سلطانہ

کراچی (این این آئی) دہشت گردی کے خاتمے، پائیدار امن اور معاشی و سیاسی استحکام کے بغیر ملکی ترقی و خوش حالی ناممکن ہے سیاسی استحکام ہوا تو نیا سال ملکی ترقی و استحکام، مقبوضہ کشمیر و فلسطین کی آزادی کا سال ہوگا ملک جس دور سے گزر رہا ہے اس میں امن و استحکام کے لیے کام کرنے کی بہت اشد ضرورت ہے ان خیالات کا اظہار محب قومی سماجی کونسل) ایم کیو ایس سی (پاکستان کے زیر اہتمام قائداعظم اکیڈمی پاکستان، کراچی کے اشتراک سے اکیڈمی کے جناح ہال میں قائداعظم اور سال نو پر ملکی استحکام کے لیے عزم کے عنوان سے منعقدہ سیمینار و محفل مشاعرہ سے مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کیا سیمینار کے مہمانان خصوصی میں جسٹس ضیا پرویز، ڈاکٹر افتخار ملک ایڈوکیٹ، صاحبزادی بابائے پرچم نصرت سلطانہ اور اعزازی مہمانان خاص میں اسد آئی اے خان، سید نسیم شاہ ایڈوکیٹ، ڈاکٹر رانا خالد محمود قیصر، پروفیسر ساجدہ ظہیر شامل تھیں اور شعرائے کرام میں الحاج نجمی، قمر الزماں صدیقی، کیپٹن ہادی رضوی، صدف اظہار، عشرت حبیبہ، شبانہ سحر و دیگر تھی جبکہ صدر سیمینار سول سوسائٹی کی معروف شخصیت محفوظ النبی خان اور صدر سیمینار ممتاز شاعر رونق حیات تھے اور سیمینار کی نظامت عاصم نیاز خان اور مشاعرے کی نظامت کے فرائض سید عبد الباسط نے انجام دئے

بھارتی حکومت کا چین کے ساتھ متنازع علاقے لداخ میں پانچ نئے اضلاع بنانے کا اعلان

وزیراعظم مودی کا ماننا ہے لداخ میں نئے اضلاع کے قیام سے بہتر انتظامیہ اور خوشحالی آئے گی

نئی دہلی (جی این ایم) بھارتی حکومت نے چین کے ساتھ متنازع علاقے لداخ میں پانچ نئے اضلاع بنانے کا اعلان کیا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر ایک پیغام میں بھارتی وزیر داخلہ امت شاہ نے بتایا ہے کہ بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کے ایک ترقی یافتہ اور خوشحال لداخ کی تعمیر کے وژن کو آگے بڑھاتے ہوئے وزارت داخلہ نے مرکز کے زیر انتظام علاقے میں پانچ نئے اضلاع بنانے کا فیصلہ کیا ہے انہوں نے بتایا کہ نئے اضلاع کے نام زنسکار، دراس، شام، نوبرا اور چانگتھانگ ہیں امت شاہ نے کہا کہ مودی حکومت لداخ کے لوگوں کے لیے بڑے پیمانے پر مواقع پیدا کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ وزیر داخلہ کی پوسٹ شیئر کرتے ہوئے نریندر مودی کا ماننا ہے کہ لداخ میں پانچ نئے اضلاع کا قیام بہتر انتظامیہ اور خوشحالی کی طرف ایک بڑا اقدم ہے

ترقیاتی منصوبوں میں کرپشن کا کیس، چوہدری پرویز الٰہی پر فرد جرم عائد

سابق وزیراعلیٰ پنجاب کا صحت جرم سے انکار احتساب عدالت نے نیب کے گواہان کو شہادت کیلئے طلب کرلیا

احتساب عدالت کا تحریری حکم میں کہنا ہے کہ عدالت کسی قسم کی مزید تاخیر نہیں کرتی، اس سے پچھلی تاریخ پر محمد خان بھٹی کی میڈیکل گراونڈ پر حاضری معافی تھی

لاہور (جی این ایم) مبینہ کرپشن کیس میں سابق وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی پر فرد جرم عائد کردی گئی۔ تفصیلات کے مطابق احتساب عدالت لاہور میں گجرات ترقیاتی منصوبوں میں مبینہ کرپشن ریفرنس پر سماعت کے دوران چوہدری پرویز الٰہی پر فرد جرم عائد کی گئی تو سابق وزیراعلیٰ پنجاب نے صحت جرم سے انکار کیا، جس پر احتساب عدالت نے نیب کے گواہان کو شہادت کیلئے طلب کرلیا اور مزید سماعت 21 جنوری تک ملتوی کردی گئی، عدالت نے حاضری کیلئے چوہدری پرویز الٰہی کی جگہ انوار حسین کو پلیڈر مقرر کردیا کیوں کہ ان کی جانب سے خرابی صحت کے باعث حاضری سے مستقل معافی کی درخواست دائر کی گئی تھی۔ بتایا گیا ہے کہ احتساب عدالت لاہور نے تحریک انصاف کے صدر چوہدری پرویز الٰہی سمیت دیگر کے خلاف ترقیاتی منصوبوں میں مبینہ کرپشن ریفرنس میں فرد جرم عائد کرنے کے لیے سابق وزیراعلیٰ پنجاب کو 7 جنوری کو طلب کیا تھا، عدالت نے محمد خان بھٹی سمیت دیگر پر فرد جرم عائد کرنے کا تحریری حکم جاری کیا تھا، عدالت نے تحریری حکم میں کہا کہ ملزمان کی حاضری مکمل کرنے میں کافی دشواری ہے، تاریخ پر تمام ملزمان حاضر ہوتے اور عدالت فرد جرم عائد کرتی ہے، انصاف کے تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے عدالت محسوس کرتی ہے حاضر ملزمان پر فرد جرم عائد کی جائے۔ بتایا جا رہا ہے کہ احتساب عدالت لاہور کے جج زبیر شہزاد کیانی نے پی ٹی آئی رہنما چوہدری پرویز الٰہی و دیگر کے خلاف ترقیاتی منصوبوں میں مبینہ کرپشن اور کک بیکس لینے کے ریفرنس کی سماعت کی تاہم سابق وزیراعلیٰ پنجاب بیماری کی وجہ سے عدالت پیش نہ ہوئے۔ احتساب عدالت کا تحریری حکم میں کہنا ہے کہ عدالت کسی قسم کی مزید تاخیر نہیں کرتی، اس سے پچھلی تاریخ پر محمد خان بھٹی کی میڈیکل گراونڈ پر حاضری معافی تھی

ورلڈ بینک ماحول دوست پبلک ٹرانسپورٹ، زرعی مشینری کیلئے 40 کروڑ ڈالرز قرض دیگا

قرض 1.5 فیصد مارک اپ پر ملے گا، 25 سال میں واپسی، گریس پریڈ 5 سال رکھا گیا ہے

لاہور (این این آئی) ورلڈ بینک نے پنجاب میں ماحول دوست پبلک ٹرانسپورٹ اور زرعی مشینری کی فراہمی کیلئے 40 کروڑ ڈالرز کا سوفٹ لون دینے پر آمادگی ظاہر کردی۔ ذرائع کے مطابق ورلڈ بینک اور پنجاب حکومت کے درمیان معاہدہ طے پا گیا، ورلڈ بینک نے پبلک ٹرانسپورٹ وزرعی مشینری کی فراہمی کیلئے 40 کروڑ کے قرض کو ایگزیکٹو بورڈ کو بھجوا دیا، ورلڈ بینک کے ایگزیکٹو بورڈ کی میٹنگ میں شیڈول ہے۔ پنجاب حکومت نے ورلڈ بینک سے سوفٹ لون کے حصول کیلئے وفاق کی منظوری بھی حاصل کرلی۔

فیصل کریم کنڈی سے سکھ کمیونٹی خیبر پختونخوا کے نمائندہ وفد کی ملاقات

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے سکھ کمیونٹی خیبر پختونخوا کے نمائندہ وفد نے گورنر ہاؤس میں ملاقات کی ہے۔ بابا جی گروپال سنگھ کی قیادت میں وفد نے گورنر کو سکھ کمیونٹی کو درپیش مسائل ومشکلات سے آگاہ کیا۔ سکھ کمیونٹی کے وفد نے گورنر خیبر پختونخوا کو روایتی چادر بھی پہنائی۔ وفد نے شمشان گھاٹ اٹک اور شمشان گھاٹ باڑہ روڈ کی تعمیر کیلئے گورنر سے کردار ادا کرنیکی درخواست کی

قلات، گزشتہ شب مسلح افراد کے ساتھ جھڑپ میں شہید ہونیوالے پولیس ولیویز جوانوں کی نماز جنازہ ادا کی جا رہی ہے

جے آئی نے ہمیشہ مظلوم کی حمایت وظالم کیخلاف آواز بلند کی ہے' عائشہ سید

پشاور (این این آئی) حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان صوبہ خیبر پختونخوا کی ناظمہ عائشہ سید نے جماعت اسلامی پاکستان کے یوم تاسیس کے موقع پر خصوصی بیان میں کہا ہے کہ جماعت اسلامی کی جہد مسلسل کا تسلسل کئی دہائیوں سے جاری ہے

سعودی عرب میں ہائیڈروجن سے چلنے والی پہلی عوامی بس کا افتتاح

ہائیڈروجن بس کی وجہ سے کاربن کے اخراج پر کافی حد تک قابو پایا جاسکے گا، سعود بن طلال

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے کمشنر الاحسا شہزادہ سعود بن طلال بن بدر نے مملکت کی سطح پر پہلی ہائیڈروجن سے چلنے والی عوامی بس کا تجرباتی افتتاح کر دیا۔ عرب ٹی وی کے مطابق ہائیڈروجن سے چلنے والی بس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر الاحسا نے بتایا کہ بس کو چارج کرنے کے حوالے سے بھی آگاہی فراہم کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ ہائیڈروجن بس کی وجہ سے کاربن کے اخراج پر کافی حد تک قابو پایا جاسکے گا جس سے ماحولیاتی تحفظ کو بھی یقینی بنانے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ بس ایک بار چارج ہونے کے بعد 635 کلومیٹر تک سفر کرسکتی ہے۔

دہشت گرد نسلی بنیادوں پر عوام کو تقسیم کرنے کی سازش کر رہے ہیں، راحیلہ ٹوانہ

بلوچستان میں ہونے والی دہشت گرد کاروائیوں میں ملوث دہشت گردوں کا تعلق نہ کسی مذہب سے ہے اور نہ کسی قومیت سے

جیکب آباد (این این آئی) سابق صوبائی وزیر و ڈپٹی اسپیکر سندھ اسمبلی اور پاکستان اسٹڈی سرکل کی چیئرپرسن راحیلہ ٹوانہ نے بلوچستان کے موجودہ حالت پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردوں نے ہمارے فوجی جوانوں اور عام پاکستانیوں کو جس انداز میں نشانہ بنایا ہے اس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے، بلوچستان میں ہونے والی دہشت گرد کاروائیوں میں ملوث دہشت گردوں کا تعلق نہ کسی مذہب سے ہے اور نہ کسی قومیت سے وہ صرف دہشت گرد ہیں جن کے ساتھ سختی سے نمٹا جائے، بلوچستان میں بے گناہ لوگوں کو قتل کرنے والے اصل میں بلوچ قوم کے بھی دشمن ہیں، دہشت گرد بلوچستان کی ترقی میں رکاوٹ پیدا کر کے دشمن کو خوش کر رہے ہیں، حقوق کے حوالے دیگر دہشت گردی کرنے والے ملک وقوم کے دشمن ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈسٹرکٹ پریس کلب جیکب آباد کے سابق صدر عبدالغنی کھوسہ کی قیادت میں ملنے والے صحافیوں کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ سابق ڈپٹی اسپیکر سندھ اسمبلی راحیلہ ٹوانہ نے مزید کہا

اورکزئی، صفائی کی ناقص صورتحال ومبینہ طور پر غفلت برتنے پر محکمہ زراعت کا ڈائریکٹر معطل

کوہاٹ (این این آئی) کمشنر کوہاٹ ڈویژن سید معتصم باللہ شاہ نے محکمہ زراعت توسیعی پروگرام کے زیر انتظام قبائلی ضلع اورکزئی میں واقع نرسریوں میں 50 ہزار سے زائد قابل کاشت پودے کاشت نہ کرنے، صفائی کی ناقص صورتحال اور مبینہ طور پر غفلت برتنے پر محکمہ کے متعلقہ ڈائریکٹر کو معطل کر دیا

شامی اپوزیشن گروپ حمص شہر پر حملے کی راہ ہموار کرنے میں مصروف

اپوزیشن گروپوں کی کسی بھی پیش قدمی کو ایران کی حمایت یافتہ حزب اللہ کی فورس کا سامنا ہوگا، شامی فوج

دمشق (این این آئی) شام میں مسلح اپوزیشن گروپوں کے اس اعلان کے ساتھ کہ وہ حمص کے وسطی حصے کے قریب پہنچ گئے ہیں، شہر کی فضاں میں ڈرون طیاروں کے جھنڈ دیکھے گئے۔ عرب ٹی وی کے ذرائع نے آج ہفتے کے روز بتایا کہ اپوزیشن گروپ "شاہین" ڈرون طیاروں کے ذریعے شہر پر حملے کی راہ ہموار کر رہے ہیں۔ تحریر الشام تنظیم نے گذشتہ شام ٹیلی گرام پر اپنی پوسٹ میں بتایا تھا کہ "اس کی فورسز نے حمص شہر کے کنارے آخری گاں پر قبضہ کر لیا ہے"۔ اس سے قبل اپوزیشن گروپوں نے حمص صوبے کے شمالی دیہی علاقے پر کنٹرول حاصل کرلیا تھا۔

تاجر دوست سکیم کے نام پر ٹیکس نفاذ کیخلاف تاجر تنظیموں کا ایکا

پشاور (این این آئی) تاجر دوست سکیم کے نام پر نئے ٹیکس کے نفاذ کے خلاف تاجر تنظیموں کے بعد سیاسی جماعتوں نے بھی حکومت کو ٹف دینے کیلئے تاجروں کی حمایت کا اعلان کر دیا

4 سالہ بچی زیادتی کے بعد قتل، ملزم گرفتار

ملزم نے قتل کر کے ہاتھ پاؤں رسیوں سے باندھ کر لاش کھیتوں میں پھینک دی

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں 4 سالہ بچی کو زیادتی کے بعد قتل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق لاہور کے علاقے باٹا پور میں ملزم عبدالرزاق نے 4 سالہ بچی کو زیادتی کا نشانہ بنایا اور اس کے بعد قتل کر کے ہاتھ پاؤں رسیوں سے باندھ کر لاش کھیتوں میں پھینک دی۔ پولیس حکام نے بتایا ہے کہ ملزم عبدالرزاق کو گرفتار کرلیا گیا ہے، ملزم کی نشاندہی کے بعد بچی کی لاش کو بھی تلاش کرلیا گیا، کینٹ ڈویژن جینڈر سیل نے ملزم کا جسمانی ریمانڈ حاصل کرلیا۔ واضح رہے کہ چند روز قبل بھی باٹا پور کے علاقے میں ہی ایک بچی کو اغوا کے بعد قتل کر دیا

پی ٹی اے نے موبائل نمبر کے ذریعے وی پی این رجسٹریشن کی سہولت متعارف کرادی

اتھارٹی کی جانب سے فراہم کردہ اس سہولت سے اسٹیٹک آئی پی نہ رکھنے والے فری لانسرز فائدہ اٹھاسکیں گے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے موبائل نمبر کے ذریعے ورچوئل پرائیویٹ نیٹ ورک (وی پی این) رجسٹریشن کی سہولت متعارف کرادی ہے۔ ترجمان پی ٹی اے نے بتایا کہ اتھارٹی کی جانب سے فراہم کردہ اس سہولت سے اسٹیٹک آئی پی نہ رکھنے والے فری لانسرز فائدہ اٹھا سکیں گے۔ ترجمان پاکستان کمیونیکیشن اتھارٹی نے کہا کہ فری لانسرز وی پی این رجسٹریشن کے لیے اپنے موبائل نمبر رجسٹرڈ کروا سکیں گے اور فری لانسرز اپنے موبائل ڈیٹا پر وی پی این استعمال کرسکیں گے۔ ترجمان نے بتایا کہ فری لانسرز کے لیے وی پی این رجسٹریشن کا عمل آئی ٹی کی ترویج کے لیے کیا گیا ہے، یہ عمل پی ٹی اے نے وی پی این رجسٹریشن کے عمل کو آسان بنانے کے لیے کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب تک پی ٹی اے کے ساتھ

صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

سیکرٹری صوبائی محتسب بلوچستان محمد قسیم خان کاکڑ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بولان

BOLAN HUB روزنامہ بولان حب

موبائل حب : 0336-6113760

فون حب : 0853-310202

فیکس حب : 0853-310202

موبائل کوئٹہ : 0300-8380280

موبائل اسلام آباد : 0309-7900035

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد الیاس کمبوہ نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بولان آر سی ڈی روڈ بولان مارکیٹ حب سے شائع کیا۔

Email:dailybolanhub@gmail.com

شہر کراچی کا المیہ

کراچی شہر کی حالت زار کی ایک بہت افسوس ناک کہانی ہے، کبھی یہ شہر اس ملک کا دارالحکومت ہوا کرتا تھا اور بانی پاکستان کی جائے پیدائش کی وجہ سے اس کی بہت اہمیت تھی۔

...ہے جیسے پہلے ہوا کرتا تھا۔ اندرون سندھ کے کئی تعلیمی ادارے جانوروں کے اصطبل بنے ہوئے ہیں۔ بچوں کو پڑھانے والے استادوں اور ٹیچروں کی اپنی قابلیت میٹرک کے طالب...

قومی سلامتی میں نوجوانوں اور فوج کا مشترکہ کردار

تحریر: محمد سعید آرائیں

کیا ستی کی رسم ختم ہو چکی ہے؟

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا کامیاب دورہ لورالائی

تحریر: امیر جان لونی

ہم کوئی غلام ہیں؟

تحریر: خزیمہ انصاری الباندہ

درآمدی اشیا پر ڈیوٹی

پنجاب میں تاریخ رقم، پاکستان کی پہلی ایئر ایمبولینس کا آغاز

تحریر: خواجہ عامر اقبال

نو مئی کا واقعہ فسطائی سوچ تھی

تحریر: جاوید قاضی

بجلی کی مہنگائی خوفناک حالات کا پیش خیمہ بن سکتی ہے

تحریر: انصاری

چینی صنعتوں کی پاکستان منتقلی

تحریر: حاجی مسعود پاریکھ

وفاقی تعلیمی بورڈ کا انٹرمیڈیٹ پارٹ ون اور ٹو کے سالانہ نتائج کا اعلان

وفاقی وزیر مملکت تعلیم وجیہہ قمر کی تقریب میں شرکت، نمایاں پوزیشن حاصل کرنیوالے طلبا و طالبات کو مبارکباد دی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی تعلیمی بورڈ نے انٹرمیڈیٹ پارٹ ون اور ٹو کے سالانہ نتائج کا اعلان کر دیا۔ وفاقی وزیر مملکت برائے تعلیم وجیہہ قمر نے بطور مہمان خصوصی تقریب میں شرکت کی اور نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبا و طالبات کو مبارکباد پیش کی۔ وفاقی تعلیمی بورڈ کی جانب سے اعلان کردہ نتائج کے مطابق پری میڈیکل گروپ میں علی طارق نے 1071 نمبر لے کر پہلی پوزیشن حاصل کی، وردہ سرفراز نے 1070 نمبر کے ساتھ دوسری جب کہ عروہ ملک اور مناہل مرتضیٰ نے تیسری پوزیشن مشترکہ طور پر حاصل کی۔ پری انجینئرنگ گروپ میں پہلی پوزیشن مزمل ساجد نے 1063 نمبر کے ساتھ حاصل کی، محمد سمیع نے 1059 نمبر لے کر دوسری اور عائشہ نعیم نے 1054 نمبر کے ساتھ تیسری پوزیشن اپنے نام کی۔ گیارہویں جماعت کے امتحان میں 97 ہزار 928 طلبا و طالبات شریک ہوئے جن میں سے 60 ہزار 794 کامیاب قرار پائے۔ بارہویں جماعت میں 96 ہزار 521 امیدوار شریک ہوئے، جن میں سے 79 ہزار 881 نے کامیابی حاصل کی۔ انٹرمیڈیٹ کا مجموعی نتیجہ 83.19 فیصد رہا، طلبا کی کامیابی کا تناسب 75.85 فیصد جب کہ طالبات کی کامیابی کا تناسب 88.91 فیصد ریکارڈ کیا گیا۔ پری میڈیکل گروپ میں کامیابی کا تناسب 94.04 فیصد جب کہ پری انجینئرنگ گروپ میں 88.89 فیصد رہا۔

ہم پاکستان کی معیشت کو ترقی دینے کیلئے پرعزم ہیں، ایس ایم تنویر

پاکستان معدنی وسائل سے مالا مال ہے، اس کی برآمدات کو پہلے مرحلے میں کم از کم 100 بلین امریکی ڈالر تک بڑھایا جا سکتا ہے

مکوآنہ (این این آئی) یونائیٹڈ بزنس گروپ (یو بی جی) کے سرپرست اعلیٰ ایس ایم تنویر نے کہا کہ کاروباری برادری حکومت کا ساتھ دینے کے لیے پرعزم ہے اور ہم پاکستان کی معیشت کو ترقی دینے کے لیے پرعزم ہیں۔ وہ فیصل آباد وومن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے زیراہتمام پاکستان کی 78ویں یوم آزادی کی تقریبات اور پاکستان کی مسلح افواج کو خراج تحسین پیش کرنے کے حوالے سے منعقدہ تقریب کے شرکا سے خطاب کر رہے تھے۔ تقریب میں ایف پی سی سی آئی کی مرکزی قیادت نے بھی شرکت کی۔ مسٹر ایس ایم تنویر نے کہا کہ ایف پی سی سی آئی حکومت کی ہر طرح سے حمایت کرے گا اور پاکستان کی معیشت کی ترقی کے لیے اپنے اقدامات کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے خاص طور پر حالیہ پاک بھارت تنازعہ میں پاکستان کی مسلح افواج کے کردار کی تعریف کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان معدنی وسائل سے مالا مال ہے، اس کی برآمدات کو پہلے مرحلے میں کم از کم 100 بلین امریکی ڈالر تک بڑھایا جا سکتا ہے جس میں مزید اضافے کی صلاحیت ہے۔ انہوں نے خواتین کو بااختیار بنانے پر مزید زور دیا اور خاص طور پر محترمہ روبینہ امجد، بانی صدر فیصل آباد وومن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کو اس سلسلے میں انتہائی تعمیری کردار ادا کرنے پر سراہا۔

لاہور، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور پولیس ملازمین کے اہلخانہ سے ملاقات کر رہے ہیں

فیلڈ مارشل عاصم منیر کے کلیدی کردار کے سبب مسئلہ کشمیر کو پہلی بار جرأت سے اٹھایا گیا، چوہدری طارق فاروق

اوورسیز پاکستانی اپنی محنت اور محبت سے وطن کی عزت و وقار میں اضافہ کر سکتے ہیں، سیکرٹری جنرل پاکستان مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر

ٹیکساس (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کے جنرل سیکرٹری چوہدری طارق فاروق نے کہا ہے کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کے کلیدی کردار کے سبب مسئلہ کشمیر کو پہلی بار جرأت سے اٹھایا گیا ہے، اوورسیز پاکستانی اپنی محنت اور محبت سے وطن کی عزت و وقار میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ امریکا کی ریاست ٹیکساس کے شہر ڈیلس میں پاکستانی اور کشمیری کمیونٹی کیلئے ایک شاندار اور یادگار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ ممتاز تاجر، سیاسی و سماجی رہنما اور وزیراعظم آزاد کشمیر کے سابق کوآرڈینیٹر ملک عابد حسین نے اپنی رہائش گاہ پر پاکستان مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کے جنرل سیکرٹری اور حکومت آزاد کشمیر کے سابق سینئر وزیر چوہدری طارق فاروق کے اعزاز میں پرتکلف عشائیے کا اہتمام کیا۔ تقریب سے گفتگو کرتے ہوئے چوہدری طارق فاروق نے میزبان ملک عابد حسین کا خصوصی شکریہ ادا کیا اور کہا کہ اوورسیز کمیونٹی میں اس طرح کی تقریبات اتحاد اور یگانگت کو فروغ دیتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) عوامی خدمت اور ترقیاتی منصوبوں کے ذریعے ہمیشہ وطن عزیز کو مضبوط بنانے میں پیش پیش رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اوورسیز پاکستانی اپنی محنت اور محبت سے وطن کی عزت اور وقار میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ انہوں نے مسئلہ کشمیر پر بھی بات کرتے ہوئے کہا کہ کشمیری عوام کی قربانیوں نے ہمیشہ حق کے معرکے میں سرفخر سے بلند کیے ہیں، حالیہ بھارت سے جنگ میں فیلڈ مارشل عاصم منیر اور پاک افواج کا کردار اور وزیراعظم شہباز شریف کی کاوشیں قابل فخر ہیں، اس جنگ میں فتح نے پوری قوم کا سر دنیا بھر میں فخر سے بلند کیا۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کے جنرل سیکرٹری نے کہا کہ پہلی بار عالمی سطح پر جس جرأت اور مضبوط موقف کے ساتھ مسئلہ کشمیر کو بھی اٹھایا گیا، اس میں فیلڈ مارشل عاصم منیر کا کردار کلیدی رہا۔

دالبندین، کلی ہو مئے کے معتبرین کا ریکوڈک پروجیکٹ کے کمیونٹی چیف ملک لیاقت علی محمد زئی کے ہمراہ گروپ فوٹو

پنجاب پبلک سروس کمیشن نے مختلف محکموں کی اسامیوں کے تحریری، حتمی نتائج کا اعلان کر دیا

10 مختلف نتائج کا اعلان کیا گیا، سیکرٹری پبلک سروس کمیشن نے کامیاب امیدواروں کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا

لاہور (این این آئی) پنجاب پبلک سروس کمیشن نے قانون و پارلیمانی امور، سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن، ہاؤسنگ اربن ڈویلپمنٹ اینڈ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، پنجاب اسمال انڈسٹریز کارپوریشن اور پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر ڈیپارٹمنٹ سمیت مختلف محکموں کی اسامیوں کے تحریری اور حتمی نتائج کا اعلان کر دیا۔ ان محکموں میں کل 10 مختلف نتائج کا اعلان کیا گیا۔ سیکرٹری پنجاب پبلک سروس کمیشن افضال احمد نے کامیاب امیدواروں کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ پنجاب پبلک سروس کمیشن کے ترجمان کے مطابق: قانون و پارلیمانی امور ڈیپارٹمنٹ میں ریسرچ آفیسر کی ایک آسامی کے لیے تحریری امتحان کا نتیجہ جاری کیا گیا جس میں ایک امیدوار انٹرویو کے لیے کامیاب قرار پایا۔ آبپاشی محکمہ میں ضلع سرگودھا کے لیے ضلعدار کی 11 آسامیوں پر 55 امیدوار تحریری امتحان میں کامیاب قرار پائے جبکہ ساہیوال ڈویژن کے لیے ضلعدار کی 17 آسامیوں پر 82 امیدوار تحریری امتحان میں کامیاب ہوئے۔ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ میں اسسٹنٹ پروفیسر کمیونٹی میڈیسن کی ایک آسامی پر ایک امیدوار کو حتمی طور پر کامیاب قرار دیا گیا۔ اسی محکمہ میں اسسٹنٹ پروفیسر ڈرماٹولوجی اور اسسٹنٹ پروفیسر پلاسٹک سرجری کی ایک، ایک آسامیوں پر بھی امیدواروں کو حتمی طور پر کامیاب قرار دیا گیا۔ راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی (واسا) میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر انجینئرنگ / سب ڈویژنل آفیسر (سول) کی آسامیوں کے لیے تین امیدواروں کو حتمی طور پر کامیاب قرار دیا گیا

پانی کے قدرتی راستوں پر غیرقانونی اور بے ہنگم تعمیرات کے خطرناک نتائج سے بچنا ممکن نہیں، سیکرٹری سیرا

ہم نے 2005ء کے قیامت خیز زلزلہ، 2011ء بعد ازاں 2022ء میں آنیوالے تباہ کن سیلابوں سے کوئی سبق نہیں سیکھا، خالد محمود مرزا

مظفرآباد (این این آئی) سیکرٹری سیرا خالد محمود مرزا نے کہا ہے کہ پانی کے قدرتی راستوں پر غیرقانونی اور بے ہنگم تعمیرات کے خطرناک نتائج سے بچنا ممکن نہیں، یہ افسوسناک امر ہے کہ ہم نے 2005ء کے قیامت خیز زلزلہ، 2011ء بعد ازاں 2022ء میں آنے والے تباہ کن سیلابوں سے حقیقی معنوں میں کوئی سبق نہیں سیکھا۔ آٹھ اکتوبر 2005ء کے تباہ کن زلزلہ میں آزاد کشمیر کے سات اضلاع میں 46574 قیمتی انسانی جانوں کی جدائی کا دکھ برداشت کرنے کے علاوہ، اربوں روپے مالیت کی تعمیر کی گئی نجی و سرکاری املاک آن واحد میں ملبے کا ڈھیر بن گئیں، رواں مالی سال شعبہ تعلیم کے ایسے منصوبے جن پر 80 فیصد تعمیراتی کام مکمل ہو چکا ہے ان کیلئے حکومت پاکستان کی طرف سے ایک ارب روپے فراہم کئے جا رہے ہیں جن سے ان منصوبوں کی تکمیل کی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار سیکرٹری سیرا خالد محمود مرزا نے سول سروسز اکیڈمی لالہ موسیٰ میں زیرتربیت لوکل گورنمنٹ پنجاب کے افسران کو زلزلہ متاثرہ علاقوں میں جاری تعمیرنو پروگرام کے بارے میں تفصیلات بتاتے ہوئے کیا۔ زلزلہ متاثرہ علاقوں میں جاری تعمیرنو پروگرام کے بارے میں مزید تفصیلات بتاتے ہوئے ایڈیشنل سیکرٹری سیرا عابد غنی میر نے کہا کہ حکومت پاکستان نے زلزلہ متاثرین کی بحالی اور تعمیرنو کے لیے وفاقی سطح پر ایراء اور آزاد کشمیر میں سیرا اور خیبر پختونخواہ میں پیرا کے نام سے ادارے قائم کر کے تعمیرنو پروگرام کے تحت آزاد کشمیر میں تعلیم، صحت، گورننس سمیت دیگر شعبوں میں 7608 منصوبہ جات مرتب کر کے تعمیرنو کا آغاز کیا، جن میں سے 5878 منصوبے مکمل کر کے سیرا نے متعلقہ محکموں کے سپرد کر دیئے۔ 919 منصوبوں پر کام جاری فنڈز نہ ملنے کے باعث ان منصوبوں پر تعمیراتی کام تعطل کا شکار ہے جبکہ 811 منصوبوں پر فنڈز کی قلت کے باعث کام شروع ہی نہیں کیا جا سکا، زلزلہ کی قدرتی آفت کو 20 سال گزر چکے ہیں ابھی تک آزاد کشمیر کے زلزلہ متاثرہ علاقوں میں دو لاکھ بچے اور بچیاں انتہائی گرم و سرد موسم میں کھلے آسمان تلے تعلیم حاصل کر رہے ہیں، زلزلہ متاثرہ علاقوں میں مرتب کیے گئے ان منصوبوں کے لیے 44.125 بلین روپے درکار ہیں 2010ء کے بعد وفاقی حکومت کی جانب سے منصوبوں کی تکمیل کے لیے فنڈز کی قلت کے باعث ابھی تک 1710 منصوبے مکمل کرنا باقی ہیں، سیکرٹری سیرا خالد محمود مرزا نے کہا کہ قدرتی آفات کو روکنے کے لیے بہتر منصوبہ بندی، محفوظ تعمیرات اور بروقت حفاظتی اقدامات کے ذریعے نقصانات کو نمایاں طور پر کم کیا جا سکتا ہے۔

88 ملین پرانے، غیرموثر پنکھوں کو توانائی بچانے والے ماڈلز سے تبدیل کرنے کے منصوبے کو حتمی شکل دیدی گئی

دیہاتوں، شہروں میں 8 کروڑ 80 لاکھ پنکھے تبدیل کئے جائیں، مجموعی طور پر ساڑھے 3 ارب سے زائد کی لاگت کا تخمینہ

لاہور (این این آئی) پاکستان میں 88 ملین پرانے اور غیرموثر پنکھوں کو توانائی بچانے والے ماڈلز سے تبدیل کرنے کے منصوبے کو حتمی شکل دیدی گئی جس پر مجموعی طور پر ساڑھے 3 ارب سے زائد کی لاگت کا تخمینہ ہے۔ رپورٹ کے مطابق مطابق نیشنل انرجی ایفیشنسی اینڈ کنزرویشن اتھارٹی کے مطابق اس پروگرام میں 5 کروڑ دیہی اور 3 کروڑ 80 لاکھ شہری گھروں کے پنکھے شامل ہیں جنہیں آئندہ 10 برس میں مرحلہ وار تبدیل کیا جائے گا۔ حکومت نے پنکھا تبدیلی پروگرام منظور کرتے ہوئے وزارت خزانہ کے ذریعے 2 ارب روپے کی ٹیکنیکل سپلائی گرانٹ فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق اس اقدام سے بجلی کی طلب میں 5 ہزار میگاواٹ تک کمی آئے گی، جو گرمیوں میں قومی پاور گرڈ پر پڑنے والے شدید دباؤ کو کم کرنے میں مددگار ہوگی۔ فنانسنگ ماڈل کے تحت صارفین قسطوں پر توانائی بچانے والے پنکھے خرید سکیں گے

ملک بھر کے میڈیکل طلبا کیلئے بی پی کیو نیشنل چیمپئن شپ 2026 کا کامیاب انعقاد

رپورٹ۔۔ افضا الیاس

طالبہ ایم بی بی ایس سال دوئم



پاکستان بھر کے میڈیکل طلبا کے لیے بولان فزیو کویسٹ (BPQ) نیشنل چیمپئن شپ 2026 کا کامیاب انعقاد کیا گیا، جس میں ملک کے مختلف میڈیکل کالجز سے تعلق رکھنے والی 60 سے زائد ٹیموں نے شرکت کی یہ قومی سطح کا منفرد تعلیمی مقابلہ مکمل طور پر آن لائن منعقد کیا گیا، جس میں پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا، آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان سمیت ملک کے مختلف علاقوں سے ایم بی بی ایس اور بی ڈی ایس کے طلبا نے شرکت کی یہ منفرد مقابلہ بولان میڈیکل کالج کے شعبہ فزیالوجی کی میزبانی میں منعقد کیا گیا، جس کا مقصد میڈیکل طلبا کو ایک مشترکہ قومی علمی پلیٹ فارم فراہم کرنا اور ان کے طبی و علمی تصورات کو جانچنے کے ساتھ Clinical Thinking، Critical Thanking اور Problem-Solving کی صلاحیتوں کو فروغ دینا تھا مقابلے میں فزیالوجی سمیت مختلف اہم طبی موضوعات سے متعلق سوالات شامل کیے گئے۔ طلبا کو اپنے علم کو عملی طبی صورتحال سے جوڑنے، محدود وقت میں فیصلہ کرنے اور مسائل کے حل کے لیے اپنی علمی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کا موقع فراہم کیا گیا۔ منتظمین کے مطابق BPQ روایتی تعلیمی سرگرمیوں سے ہٹ کر ایک جدید تعلیمی پلیٹ فارم ہے، جو طلبا کو صحت مند علمی مقابلے کے ذریعے اپنی صلاحیتیں جانچنے کا موقع فراہم کرتا ہے چیمپئن شپ کے کامیاب انعقاد میں بولان میڈیکل کالج کے پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر راز محمد کاکڑ کی سرپرستی اور بھرپور تعاون کو خصوصی اہمیت حاصل رہی۔ ان کی جانب سے اس تعلیمی اقدام کی مسلسل حوصلہ افزائی اور تعاون تک مقابلے کے کامیاب انعقاد اور اسے قومی سطح تک پہنچانے میں اہم کردار ادا کیا اس قومی اقدام کو جی۔ پروفیسر ڈاکٹر ثمینہ ملک، سربراہ شعبہ فزیالوجی یونیورسٹی آف لاہور اور صدر SAAP کی بھرپور حمایت اور حوصلہ افزائی بھی حاصل رہی۔ انہوں نے اس تعلیمی اقدام کی بھرپور پذیرائی کی اور اس کے فروغ و کامیابی کے لیے نمایاں تعاون فراہم کیا اس موقع پر پروفیسر ڈاکٹر الیاس بلوچ، وائس پرنسپل بولان میڈیکل کالج، پروفیسر ڈاکٹر عصمت اللہ، CASVAB کے پروفیسر ڈاکٹر زاہد مصطفیٰ اور BUMHS کے پروفیسر ڈاکٹر سید اورنگزیب کی معاونت اور حوصلہ افزائی بھی قابل ذکر رہی۔ اس قومی اقدام کو Bolan University of Medical Health Sciences (BUMHS) & Pakistan Physiological Society (PPS) اور CASVAB کی معاونت بھی حاصل رہی چیمپئن شپ کی قیادت اور مجموعی انتظامی و تعلیمی رہنمائی میں پروفیسر ڈاکٹر نرگس حیدر، ڈائریکٹر BPQ اور سربراہ شعبہ فزیالوجی، بولان میڈیکل کالج نے اہم کردار ادا کیا، جبکہ ڈاکٹر محمد عرفان اور ڈاکٹر محمد روحیل نے guidelines، planning، coordination اور انتظامی امور میں بھرپور خدمات انجام دیں۔ کامیاب ٹیموں کے لیے نقد انعامات، شیلڈز اور سرٹیفکیٹس رکھے گئے۔ پہلی پوزیشن کے لیے 50 ہزار، دوسری کے لیے 30 ہزار، تیسری کے لیے 20 ہزار، چوتھی کے لیے 10 ہزار اور پانچویں پوزیشن کے لیے 5 ہزار روپے نقد انعام مقرر کیا گیا۔ تمام نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والی ٹیموں کو شیلڈز اور سرٹیفکیٹس بھی دیے گئے۔ نقد انعامات کے اعلان اور فراہمی میں ایوب میڈیکل کالج کے شعبہ فزیالوجی کے چیئرپرسن پروفیسر ڈاکٹر محمد ایوب کا تعاون نمایاں رہا۔ بلوچستان میں پہلی مرتبہ منعقد ہونے والی اس قومی چیمپئن شپ کو ایک اہم تعلیمی پیش رفت قرار دیا گیا۔ منتظمین نے آئندہ سال کوئٹہ سے بین الاقوامی سطح کی BPQ چیمپئن شپ کے انعقاد کی کوششوں کا بھی اظہار کیا۔ منتظمین کے مطابق BPQ کا مقصد میڈیکل طلبا کو ایسے مستقل علمی پلیٹ فارمز فراہم کرنا ہے جہاں وہ اپنی تعلیمی استعداد کے ساتھ ساتھ طبی سوچ، تنقیدی فہم اور مسئلہ حل کرنے کی صلاحیتوں کو مزید بہتر بنا سکیں۔

ٹرمپ نے فیڈرل ریزرو کی گورنر لیزا کک کو عہدے سے برطرف کر دیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے فیڈرل ریزرو کی گورنر لیزا کک کو مبینہ رہن (مارگیج) فراڈ کے الزامات کی بنیاد پر عہدے سے برطرف کر دیا۔ چینی میڈیا کے مطابق اس فیصلے کا اعلان صدر ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم "ٹروتھ سوشل" پر جاری کیے گئے ایک خط کے ذریعے کیا۔ ٹرمپ نے اپنے خط میں لکھا

بھارت پر امریکی ٹیرف، آئی ٹی انڈسٹری بھرپور استفادہ کرنے کی حکمت عملی بنائے، علی عمران آصف

لاہور (این این آئی) سینئر ایگزیکٹو کمیٹی ممبر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری علی عمران آصف نے کہا ہے کہ عالمی تجارتی پالیسیوں میں تبدیلی اور امریکہ کی جانب سے بھارت سے سروسز کی فراہمی پر ممکنہ ٹیرف کے نفاذ سے کاروبار ابھرتی ہوئی مارکیٹس کی طرف منتقل ہو سکتا ہے اس لئے پاکستان کو اس سے بھرپور استفادہ کرنے کیلئے جنگی بنیادوں پر حکمت عملی بنانی چاہیے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ عالمی پالیسیوں میں تبدیلی پاکستان کی آئی ٹی انڈسٹری پر مثبت اثر ڈالے گی، اگست کے آغاز میں امریکی انتظامیہ نے پاکستانی مصنوعات پر 19 فیصد ٹیرف عائد کیا تھا، دوسری جانب بھارت پر 50 فیصد تک اضافی ٹیرف لگائے گئے ہیں، پہلے سے 25 فیصد ٹیرف نافذ ہو چکا ہے جبکہ باقی 25 فیصد 27 اگست سے نافذ ہوگا۔ حکومت آئی ٹی سے وابستہ کمپنیوں کی مکمل سرپرستی کرے، آئی ٹی اور سروسز کی ایکسپورٹ میں مزید آسانی پیدا کی جائے، حکومت اپنے وسائل کا رخ آئی ٹی انڈسٹری کی طرف موڑے اور آئندہ چند سالوں میں پاکستان آئی ٹی کی ایکسپورٹ سے اربوں ڈالر کما سکتا ہے۔ علی عمران آصف نے کہا کہ آئی ٹی اور سروسز کی ایکسپورٹ کے لئے اسٹیٹ بینک کو اپنی شرائط میں مزید نرمی کرنی چاہیے،

محکمہ اوقاف نے وقف اراضیات کا ریکارڈ ڈیجیٹائزڈ کر لیا، 14 ہزار پراپرٹیز کی آٹومیشن کر لی گئی، طاہر رضا بخاری

محکمہ اوقاف کے کرایہ داری یونٹس کے رینٹ کی ادائیگی "آٹو جنریٹڈ رینٹ ووچرز" کے ذریعہ ہوگی، سیکرٹری اوقاف

لاہور (این این آئی) سیکرٹری / چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے ایوان اوقاف میں وقف اراضیات کی ڈیجیٹائزیشن کے حوالے سے خصوصی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ اوقاف نے صوبہ بھر کی وقف اراضیات کا ریکارڈ ڈیجیٹائزڈ کر لیا، 14 ہزار پراپرٹی کی آٹومیشن کر لی گئی۔ اوقاف کے کرایہ داری یونٹس کے رینٹ کی ادائیگی "آٹو جنریٹڈ رینٹ ووچرز" کے ذریعہ ہوگی۔ عدالتی کیسز کی بروقت پیروی کے لیے موبائل ایپ بھی متعارف کروادی گئی ہے۔ 360 ویڈیو کیمروں سے وقف املاک کی جدید کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم کے ذریعے نگرانی ہوگی۔ انہوں نے بتایا کہ پنجاب بھر کی وقف پراپرٹیز کے آن لائن نمبرز جاری کر کے، اُن پر آویزاں کر دیے گئے ہیں۔ جاری شدہ نمبرز سے وقف زمین کا مکمل ریکارڈ چیک کیا جا سکے گا۔ جی پی ایس اور جی آئی ایس کی مدد سے وقف زمینوں کی مکمل مانیٹرنگ ہوگی۔ جیو میپنگ ٹیکنالوجی سے اراضی ریکارڈ محفوظ اور مستعد بنا دیا گیا ہے۔ سیکرٹری اوقاف نے کہا کہ جدید نظام سے غیرقانونی قبضوں کی بروقت نشاندہی ممکن ہوگی۔ گورننس کو بہتر اور وقف اثاثہ جات کو محفوظ و مفید بنانا بنیادی ترجیح ہے۔ اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری اوقاف نبیلہ جاوید، ڈائریکٹر جنرل مذہبی امور خالد محمود سندھو، ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن اوقاف محمد شاکر، ڈائریکٹر پراجیکٹس اوقاف رفیق نور وٹو، ڈپٹی ڈائریکٹرز اوقاف عظیم حیات، آصف اعجاز، چوہدری طاہر احمد، ایاز حبیب، اسسٹنٹ ڈائریکٹر قاضی عبدالرزاق و دیگر افسران بھی موجود تھے۔ مزید یہ کہ ایوان اوقاف لاہور میں پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کے ماڈل کو فالو کرتے ہوئے مالیتی 125 ملین کا ایک جدید کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم بھی تیار کیا جا رہا ہے،

ٹریفک پولیس پنجاب کے ڈرائیونگ سکولز کو جدید خطوط پر استوار کرنے کا فیصلہ

ڈرائیونگ ٹریننگ سینٹرز میں جدید ترین ڈرائیونگ سیمولیٹرز نصب کرنے کا عمل شروع

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت پنجاب ٹریفک پولیس جدید ٹیکنالوجی کی راہ پر گامزن ہے، ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر کی قیادت میں ٹریفک پولیس کے ڈرائیونگ سکولز کو جدید خطوط پر استوار کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ ترجمان ٹریفک پولیس کے مطابق ڈرائیونگ ٹریننگ سینٹرز میں جدید ترین ڈرائیونگ سیمولیٹرز نصب کرنے کا عمل شروع کر دیا گیا۔ پہلے مرحلے میں لاہور، راولپنڈی، فیصل آباد، گوجرانوالہ، ملتان ساہیوال اوکاڑہ اور گجرات میں سیمولیٹرز نصب کیے گئے ہیں، دوسرے مرحلے میں صوبے کے تمام شہروں کے ڈرائیونگ ٹریننگ سینٹرز میں سیمولیٹرز نصب کئے جائیں گے۔ اس حوالے سے ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر نے کہا کہ جدید سیمولیٹرز کی تنصیب روایتی ٹریننگ سسٹم کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی عملی کوشش ہے، جدید سیمولیٹرز نصب کرنے کا مقصد محفوظ اور معیاری تربیت فراہم کرنا ہے، دوسرے مرحلے میں زیرتربیت شہریوں کو شاہرات پر عملی ٹریننگ کروائی جاتی ہے۔ شاہرات پر عملی تربیت سے سٹوڈنٹس کو پراعتماد ڈرائیور بنایا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق ٹریفک پولیس کو جدید ٹیکنالوجی سے لیس کیا جا رہا ہے، جدید سیمولیٹرز کے استعمال سے ٹریفک قوانین کی پاسداری اور روڈ سیفٹی بارے عوامی آگاہی بہتر ہو گی، خواتین سیمولیٹرز پر محفوظ ماحول میں باآسانی ڈرائیونگ کی تربیت حاصل کر سکتی ہیں،

کراچی، وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ لاڑکانہ میں 600 بستروں پر مشتمل نئے ہسپتال کے قیام بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان کو اشرافیہ اور مفت خور طبقے نے نچوڑ کر رکھ دیا ہے، ملک محمد بوستان

روپیہ مضبوط پاکستان کی علامت ہے کہ ہم اپنے روپے پر اعتماد کرنا ہوگا، چیئرمین کرنسی ایکسچینج

کراچی (این این آئی) چیئرمین کرنسی ایکسچینج کمپنیز آف پاکستان ملک محمد بوستان نے کہا ہے کہ پاکستان کو اشرافیہ اور مفت خور طبقے نے نچوڑ کر رکھ دیا ہے اور انہوں نے ملکی خزانے کو "مال مفت دل بے رحم" سمجھ لیا ہے، ملک میں مفت خور طبقے نے پچھلے سال بجلی، گیس، گاڑیوں، پیٹرول، گھر، ہوائی جہاز اور ریلوے کے ٹکٹس، سیر سپاٹے پر 39 کھرب روپے خرچ کئے جبکہ اس سال کا ڈیٹا بتا رہا ہے کہ 58 کھرب کا خرچہ ہے، اتنی وسیع فالتو اخراجات کر کے پاکستان کیسے ترقی کر سکتا ہے۔ ملک محمد بوستان نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ پاکستان میں پہلے ایک کروڑ افراد 3 ڈالر (ایک ہزار روپے) روزانہ کما کر ایک وقت کا کھانا کھاتے تھے لیکن ملک میں غربت بڑھ جانے سے اب یہ تعداد 4 کروڑ تک پہنچ چکی ہے اور ان لوگوں کو ایک وقت کا ہی کھانا ملتا ہے، پاکستان کی آدھی آبادی 1200 سے 1500 روپے (4 ڈالر سے 5 ڈالر) روزانہ کماتی تھی اور پورے ملک کی آدھی آبادی کو بمشکل دو وقت کا کھانا مل پاتا ہے، غربت کا یہ عالم ہے کہ کروڑوں افراد کے جسم میں صرف جان ہی باقی ہے۔ ملک بوستان نے کہا کہ ملکی خزانے کو بے دردی سے خرچ کرنے والوں کو صرف الاؤنس دیا جائے اور انہیں مفت عیش نہ کرایا جائے تاکہ جب وہ خود بجلی، گیس کے بل بھریں اور پیٹرول خریدیں تو انہیں پتہ چلے کہ جیب سے خرچ کیسا ہوتا ہے۔ ملک محمد بوستان نے مزید کہا

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان محکمہ تعلیم کے ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں.

انڈونیشیا، بلند آواز میں لاؤڈ اسپیکر سے کھڑکیاں ٹوٹ گئیں

شدید عوامی ردعمل کے بعد مشرقی جاوا کی حکومت نے لاؤڈ اسپیکر پر پابندی عائد کر دی

جکارتہ (این این آئی) انڈونیشیا کے جزیرہ جاوا میں شادیوں اور تقریبات میں استعمال ہونے والے دیوہیکل لاؤڈ اسپیکر ٹاورز عوامی پریشانی اور سماجی تنازع کا باعث بن گئے، ان کے شور سے نا صرف گھروں کی کھڑکیاں اور دیواریں ٹوٹنے کی شکایات سامنے آئی ہیں بلکہ مقامی حکام اور مذہبی اداروں نے بھی اس پر سخت اقدامات کیے ہیں۔ مشرقی جاوا کے علاقے نگانترو گاؤں کے رہائشی احمد سلیات نے بتایا کہ دوپہر 1 بجے سے رات 3 بجے تک زوردار آواز میں میوزک بجتا رہتا ہے، لوگ شراب پیتے ہیں اور شور مچاتے ہیں، یہ واقعی بہت پریشان کن ہے۔ سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیوز میں دیواروں میں دراڑیں، چھت کی ٹائلیں گرنے اور دکانوں کو نقصان پہنچنے کے مناظر دیکھے جا سکتے ہیں، اس شور کو مقامی زبان میں ساؤنڈ ہورِگ کہا جاتا ہے جس کا مطلب ہے لرزش یا جھٹکا۔ شدید عوامی ردعمل کے بعد مشرقی جاوا کی حکومت نے نئے قوانین جاری کیے ہیں جس کے تحت آواز کی سطح 120 ڈیسی بیل تک محدود ہوگی، جلوس یا احتجاج میں استعمال ہونے والے موبائل اسپیکرز کی حد 85 ڈیسی بیل رکھی گئی ہے۔ اسکولوں، اسپتالوں اور عبادت گاہوں کے قریب اسپیکرز بجانے پر پابندی عائد ہے۔ مشرقی جاوا کی گورنر خوفیہ اندراپرواں سانے کہا

ٹرمپ نے امریکی وزارتِ دفاع کا نام بدلنے کا ارادہ ظاہر کر دیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ٹرمپ نے امریکی وزارتِ دفاع کا نام بدل کر ڈیپارٹمنٹ آف وار رکھنے کا ارادہ ظاہر کر دیا۔ صدر ٹرمپ نے وائٹ ہاؤس میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ دفاع سننے میں اچھا نہیں لگتا، ہم کس چیز کا دفاع کر رہے ہیں اور دفاع ہی کیوں کر رہے ہیں؟ ٹرمپ نے کہا کہ ماضی میں اس محکمے کا نام محکمہ جنگ ہوا کرتا ہے، یہ سننے میں بھی اچھا لگتا تھا اس دوران ہم نے جنگ عظیم اول جیتی، جنگ عظیم دوم جیتی اور بہت سی جنگیں جیتیں۔

پولیس ٹیموں کو ممکنہ بارشوں، سیلابی صورتحال میں ریسکیو آپریشنز میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی ہدایت

دریاؤں کے کنارے آباد دیہاتوں، آبادیوں میں پولیس کی امدادی ٹیموں کی پٹرولنگ باقاعدگی سے جاری رکھی جائے، ڈاکٹر عثمان انور

لاہور (اے ایف بی) لاہور سمیت پنجاب کے مختلف علاقوں میں بارش، ممکنہ سیلابی صورتحال کے پیش نظر پنجاب پولیس ہائی الرٹ ہے۔ ترجمان کے مطابق آئی جی پنجاب کی پولیس ٹیموں کو ممکنہ بارشوں، سیلابی صورتحال میں ریسکیو آپریشنز میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی ہدایت، دریاؤں ندی نالوں، دیہاتوں کے ارد گرد آبادی اور مویشیوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کے لئے جاری امدادی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ پنجاب پولیس سیلابی ریلے کی آمد کے پیش نظر آبادی کا بروقت انخلا یقینی بنانے میں متعلقہ اداروں کو بھرپور معاونت فراہم کر رہی ہے، آئی جی پنجاب کا قصور اوکاڑہ، پاکپتن، وہاڑی، بہاولنگر، لودھراں، مظفرگڑھ، ملتان اور دیگر علاقوں میں پولیس کو ہمہ وقت مستعد رہنے کا حکم، آئی جی پنجاب نے کہا

صاف پانی پروگرام فیز ون میں 49 ارب کی لاگت سے پانی کی 9 سکیمیں منظور

لاہور (این این آئی) پنجاب صاف پانی اتھارٹی کے تیسرے گورننگ باڈی کے اجلاس میں وزیراعلیٰ پنجاب کے صاف پانی پروگرام فیز ون میں 49 ارب کی لاگت سے پانی کی 9 سکیمیں منظور کر لی گئیں۔ پروگرام کی تکمیل سے پنجاب کی 27 ملین سے زائد کی آبادی مستفید ہو سکے گی

تہران، وفاقی وزیر قومی تحفظ خوراک رانا تنویر حسین ایرانی حکام کے ساتھ اعلیٰ سطحی تجارتی تعاون کے اجلاس میں شریک ہیں

لاہور، اسلام آباد موٹروے کے ٹول ٹیکس میں اضافے کا اعلان

کلاس ون کی ٹرانسپورٹ سے 1330، کلاس 6 کی ٹرانسپورٹ سے 7460 روپے وصول کئے جائینگے

لاہور (این این آئی) نیشنل ہائی ویز اتھارٹی نے لاہور، اسلام آباد موٹروے (ایم ٹو) کے ٹول ٹیکس میں اضافے کا اعلان کر دیا، اضافے کا فوری اطلاق کر دیا گیا جو 25 اگست 2026 تک نافذ العمل رہیں گے۔ سرکاری اعلامیے کے مطابق یہ اضافہ ہر سال ہونے والے 10 فیصد اضافے کا حصہ ہے جو 23 اپریل 2014 کو فرنٹیئر ورکس آرگنائزیشن کی ذیلی کمپنی موٹروے آپریشنز اینڈ ری ہیبلیٹیشن انجینئرنگ پرائیویٹ لمیٹڈ کے ساتھ طے پانے والے کنسیشن ایگریمنٹ کے تحت کیا جاتا ہے، یہ معاہدہ بی او ٹی بنیاد پر ہے اور اس میں دوسرے آپریشنل سال سے ہر سال شرح میں اضافہ لازمی قرار دیا گیا ہے۔ کار، جیپ اور ٹیکسی کلاس 1 کے لیے ٹول ٹیکس 1330 روپے مقرر کی گیا ہے، کار، جیپ اور ٹیکسی کے لیے فی کلومیٹر 3.72 روپے بنتے ہیں جبکہ ویگن کلاس 2 کے لیے ٹول ٹیکس 2240 روپے 6.24 روپے فی کلومیٹر وصول کیا جائے گا، کلاس 3 میں بسوں سے 3130 روپے 8.73 روپے فی کلومیٹر لیے جائیں گے، کلاس 4 میں 2 ایکسل ٹرکس سے 12.45 روپے فی کلو میٹر کے حساب سے 4460 روپے، کلاس 5 میں 3 ایکسل ٹرک سے 16.20 روپے فی کلو میٹر کے تناسب سے 5800 روپے ہے

ویتنام میں طوفان کاجیکی کی تباہ کاریاں، 3 افراد ہلاک، 10 زخمی

ہنوئی (این این آئی) ویتنام کے شمالی اور وسطی علاقوں میں طوفان کاجیکی کے باعث شدید بارشوں، تیز ہواؤں اور سیلاب نے تباہی مچا دی، جس کے نتیجے میں کم از کم 3 افراد ہلاک اور 10 زخمی ہو گئے۔ چین میڈیا کے مطابق ویتنام کی وزارتِ زراعت و ماحولیات کے مطابق، طوفان سے 6 ہزار 800 سے زائد مکانات کو نقصان پہنچا، جب کہ 28 ہزار 800 ہیکٹر سے زائد دھان کے کھیت اور 2,200 ہیکٹر دیگر فصلیں زیرِ آب آ گئیں۔

پاکستان پیپلز پارٹی ہی ملک اور عوام کی حقیقی نمائندہ جماعت ہے، سید نیئر حسین بخاری

محنت کشوں کے حقوق کی حقیقی ترجمان پاکستان پیپلز پارٹی ہی ملک اور عوام کو درپیش بحرانوں سے نکالنے کی صلاحیت رکھتی ہے؛ ندیم افضل چن

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرین کے سیکرٹری جنرل اور پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ندیم افضل چن نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی ہی عوام کی وہ نمائندہ جماعت ہے جو ملک اور قوم کے بہترین مستقبل کے لیے نہ صرف پروگرام رکھتی ہے بلکہ عملی میدان میں بھی سرگرم عمل ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی سنٹرل سیکرٹریٹ میں منعقدہ شمولیت پروگرام سے خطاب کر رہے تھے۔ اس شمولیت پروگرام میں میانوالی سے تعلق رکھنے والے پاکستان تحریک انصاف کے رہنماؤں شاہد عباسی، مقبول حسین، ملک بھی، ملک تجمل، ملک مظفر نیازی، محمد صدیم، محمد رمضان اور قیصر نیازی نے سید نیئر حسین بخاری اور ندیم افضل چن کے ساتھ پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کی۔ اس موقع پر سینیٹر چنگیز جمالی اور سکینہ عبداللہ بھی موجود تھے، مرکزی سیکرٹری جنرل پاکستان پیپلز پارٹی سید نیئر حسین بخاری نے شمولیت اختیار کرنے والوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ہی وہ واحد جماعت ہے عوام کی امنگوں کی حقیقی ترجمان اور ایک بہترین مستقبل کی نمائندہ جماعت ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی ہی عالمی دنیا میں پاکستان کی بہترین نمائندگی کرنے والی جماعت ہے۔ میں آپ لوگوں کو مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ آپ نے عوام کے حقیقی پلیٹ فارم کا انتخاب کیا۔ شمولیتی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ندیم افضل چن کا کہنا تھا

صحت کے شعبے کی اصلاحات گورننس روڈ میپ کے تحت اولین ترجیح: چیف سیکرٹری شہاب علی شاہ

حکومت ای پی آئی پروگرام کو مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ پولیو کے خاتمے کی کوششوں کو معمول کی حفاظتی مہمات میں شامل کرے گی

پشاور (این این آئی) چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا شہاب علی شاہ کی زیرصدارت محکمہ صحت کے "گڈ گورننس روڈ میپ" کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں انہوں نے صحت کے شعبے کو گورننس اور عوامی خدمت کی فراہمی کے حوالے سے صوبائی حکومت کی اولین ترجیح قرار دیا۔ اجلاس کے دوران محکمہ صحت کی جانب سے ایک تفصیلی بریفنگ دی گئی جس میں روڈ میپ میں شامل مختلف اقدامات پر روشنی ڈالی گئی جن کا مقصد تمام سطحوں پر صحت کی سہولیات کو بہتر بنانا ہے۔ چیف سیکرٹری نے بتایا کہ گڈ گورننس روڈ میپ کے نفاذ کے لیے آئندہ چند دنوں میں ایک اہم کانفرنس کا انعقاد کیا جائے گا۔ روڈ میپ کے اہم نکات میں 250 پرائمری ہیلتھ کیئر مراکز میں چوبیس گھنٹے زچگی اور نوزائیدہ بچوں کی ایمرجنسی خدمات کی فراہمی شامل ہے۔ پرائمری ہیلتھ کیئر کی سطح پر سہولیات بہتر بنانے کے لیے لازمی ادویات کی دستیابی اور انفراسٹرکچر و طبی آلات کی مکمل فعالیت کو یقینی بنایا جائے گا۔ حکومت ای پی آئی پروگرام کو مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ پولیو کے خاتمے کی کوششوں کو معمول کی حفاظتی مہمات میں شامل کرے گی۔ خاندانی منصوبہ بندی کی ادویات محکمہ بہبود آبادی کے ذریعے بنیادی صحت مراکز میں ان کی 100 فیصد دستیابی یقینی بنائی جائے گی۔ ریجنل ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتالوں میں لیول تھری ٹراما سینٹرز اور میموگرافی مشینوں کی فراہمی کے ذریعے صحت کی خدمات کو بہتر بنایا جائے گا۔ نوزائیدہ بچوں کی نگہداشت کو بہتر بنانے کے لئے صوبے کے مختلف اضلاع میں 10 نوزائیدہ انتہائی نگہداشت یونٹس اور نرسریاں قائم کی جائیں گی۔ ڈاکٹروں اور ڈینٹسٹس کی اعلیٰ تعلیم کے لیے قانونی فریم ورک تیار کیا جا رہا ہے تاکہ تربیت یافتہ عملے کی تعیناتی پرائمری سطح تک ممکن ہو سکے۔ محکمہ صحت ہیومن ریسورس مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کو مکمل طور پر نافذ کرے گا، جس سے تمام عملے کی معلومات اور کارکردگی کی بنیاد پر فیصلے ممکن ہوں گے۔ روڈ میپ میں یہ ہدف مقرر کیا گیا ہے کہ 90 فیصد مینجمنٹ پوزیشنز پر ایڈیشنل چارج کی بجائے باقاعدہ طور تعیناتیاں کی جائیں گی جبکہ ڈاکٹروں، دائیوں اور پیرا میڈیکل سٹاف کی حاضری کو بائیومیٹرک تصدیق کے ذریعے یقینی بنایا جائے گا۔ صوبے بھر میں صحت کے نظام کی ڈیجیٹل نگرانی کے لئے "کے پی ہیلتھ انفارمیشن اینڈ سروس ڈیلیوری یونٹ" قائم کیا جائے گا۔ ضم شدہ اضلاع تک انڈیپینڈنٹ مانیٹرنگ یونٹ کے عملے کو توسیع دی جائے گی

بنگلہ دیش کی اکثریت پاکستان کو بھارت سے بہتر دوست سمجھتی ہے، سروے میں انکشاف

سروے میں اس امر کی بھی تصدیق ہوئی کہ پاکستان، بنگلہ دیش کے دیگر دوست ممالک کی فہرست میں سرفہرست ہے، رپورٹ

ڈھاکا (این این آئی) گیلپ پاکستان کے حالیہ سروے نے حیران کن نتائج پیش کیے ہیں جن کے مطابق بنگلہ دیشی عوام کی بڑی تعداد بھارت کے بجائے پاکستان کو اپنا قریبی اور مخلص دوست سمجھتی ہے۔ سروے کے مطابق 46 فیصد بنگلہ دیشی شہریوں نے پاکستان کو قریبی دوست قرار دیا، صرف 11 فیصد شہریوں نے بھارت کو دوست کہا جبکہ 47 فیصد نے بھارت کو اپنا دشمن تصور کیا۔ یہ اعداد و شمار دونوں ممالک کے درمیان موجود کشیدگی کو ظاہر کرتے ہیں، خصوصا جب حالیہ پاک - بھارت تنازع کے دوران 54 فیصد بنگلہ دیشیوں نے پاکستان کی حمایت کی، جبکہ صرف 9 فیصد افراد نے بھارت کا ساتھ دیا۔

بلوچستان بھر میں آٹے کی قیمت رواں سال کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی

فلور ملز کا 7 ہزار 200 روپے میں دستیاب 100 کلو بوری فائن آٹا اب 9 ہزار 150 روپے میں مل رہا ہے

کوئٹہ (جی این ایم) چمن سمیت بلوچستان بھر میں آٹے کی قیمت رواں سال کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی ہے۔ بلوچستان میں پچھلے 10 روز کے دوران 7 ہزار روپے تک دستیاب 100 کلو بوری کی قیمت میں 2 ہزار روپے اضافے کے ساتھ ایک بوری 9 ہزار روپے کی ہوگئی۔ چمن میں ڈیلرز ایسوسی ایشن کے مطابق پنجاب ملز آٹے کی 6 ہزار 900 روپے میں دستیاب 100 کلو بوری کی قیمت 2 ہزار روپے اضافہ کے ساتھ اب 8 ہزار 900 روپے ہوگئی۔ اسی طرح مقامی فلور ملز کا 7 ہزار 200 روپے میں دستیاب 100 کلو بوری فائن آٹا اب 9 ہزار 150 روپے میں مل رہا ہے۔ ڈیلرز کا کہنا ہے کہ سندھ پنجاب میں طوفانی بارشیں، گندم کی قیمت میں اضافے سمیت کئی وجوہات کو جواز بنا کر مل مالکان خود ساختہ اضافہ کر رہے ہیں۔ فلور ایسوسی کا کہنا ہے کہ اوسط قیمت میں اضافے کا رجحان صرف چمن تک محدود نہیں بلکہ صوبے بھر میں ہے۔

دریاں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتحال

لاہور (این این آئی) تربیلا، منگلا اور چشمہ کے آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج، ان کی سطح اور بیراجوں میں پانی کے بہاؤ کی صورت حال حسب ذیل رہی۔ دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد 2 لاکھ 40 ہزار کیوسک اور اخراج 2 لاکھ 45 ہزار 400 کیوسک، دریائے کابل میں نوشہرہ کے مقام پر آمد 39 ہزار 400 کیوسک اور اخراج 39 ہزار 400 کیوسک، خیرآباد پل آمد 2 لاکھ 28 ہزار 800 کیوسک اور اخراج 2 لاکھ 28 ہزار 800 کیوسک، جہلم میں منگلا کے مقام پر آمد رہا

فیصل آباد میں نئے اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ نئے ائیرپورٹ کیلئے ڈیزائن، ماسٹر پلان کا خیرمقدم

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے قائم مقام صدر قیصر شمس گچھا نے پاکستان ائیرپورٹس اتھارٹی کی طرف سے فیصل آباد میں نئے اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ نئے ائیرپورٹ کیلئے ڈیزائن، ماسٹر پلان اور قابل عمل ہونے کی سٹڈی کرانے کیلئے پیشکشیں طلب کرنے کا خیرمقدم کیا ہے۔

دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتحال

لاہور (این این آئی) تربیلا، منگلا اور چشمہ کے آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج، ان کی سطح اور بیراجوں میں پانی کے بہاؤ کی صورت حال حسب ذیل رہی۔ دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد 32 ہزار 500 کیوسک اور اخراج 55 ہزار کیوسک، کابل میں نوشہرہ کے مقام پر آمد 7 ہزار 700 کیوسک اور اخراج 7 ہزار 700 کیوسک، خیرآباد پل پر آمد 18 ہزار 900 کیوسک اور اخراج 18 ہزار 900 کیوسک، جہلم میں منگلا کے مقام پر آمد 7 ہزار 600 کیوسک اور اخراج 35 ہزار کیوسک، رہا

رواں سال جوئے میں ملوث 2511 ملزمان گرفتار، 644 مقدمات درج

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس جوئے کے اڈوں، آن لائن گیمبلنگ میں ملوث عناصر کی سرکوبی کیلئے سرگرم ہے اور رواں سال جوئے کے خلاف کارروائیوں میں 2511 ملزمان گرفتار، 644 مقدمات درج کئے گئے۔ گرفتار ملزمان سے 1 کروڑ 20 لاکھ روپے سے زائد داؤ پر لگی رقم برآمد کی گئی۔ سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ نے جوئے میں ملوث عناصر کے خلاف بلاتفریق کارروائی کا حکم دے دیا۔ نوجوانوں کو جوئے کی ترغیب دینے والے سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر کڑی نظر رکھنے کا حکم بھی دیا گیا

بونیر، الخدمت فاؤنڈیشن کے رضا کار متاثرین کے لئے امدادی سامان لے کر جا رہے ہیں

ریاست تباہی کے دہانے پر سیاسی نظام ناکام ہو چکا ہے، محمد طاہر کھوکھر

آج ریاست افراتفری بدانتظامی معاشی تباہ حالی اور سیاسی دیوالیہ پن کی دلدل میں دھنستی جا رہی ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاسبان وطن پاکستان کے مرکزی صدر اور سابق وزیر سیاحت و ٹرانسپورٹ محمد طاہر کھوکھر نے کہا کہ ریاست کو دانستہ طور پر ایک ایسی نہج پر لا کھڑا کیا گیا ہے جہاں سے واپسی کا راستہ صرف شعور نیا سیاسی وژن اور باصلاحیت قیادت ہی فراہم کر سکتی ہے آج ریاست افراتفری بدانتظامی معاشی تباہ حالی اور سیاسی دیوالیہ پن کی دلدل میں دھنستی جا رہی ہے اور اس کی بنیادی وجہ روایتی سیاسی جماعتوں کی ناکامی مفاد پرستی اور عوام دشمن پالیسیوں کا تسلسل ہے۔ طاہر کھوکھر نے اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ریاست کا انتظامی و معاشی ڈھانچہ مفلوج ہو چکا ہے ریاست کے اندر ریاست کا تصور اب ایک حقیقت بنتا جا رہا ہے قانون کی عملداری ختم ہو چکی ہے طاقتور طبقے قانون سے بالاتر ہو چکے ہیں جبکہ عام شہری انصاف کے لیے در در کی ٹھوکریں کھا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں حکومتیں بدلتی رہیں چہرے بدلتے رہے لیکن عوام کے حالات نہیں بدلے عوام کو سبز باغ دکھائے گئے جھوٹے وعدے کیے گئے مگر عملی طور پر کچھ بھی نہ کیا گیا مہنگائی کا جن بے قابو ہے نوجوان بے روزگار ہیں تعلیم اور صحت جیسے بنیادی شعبے شدید بحران کا شکار ہیں لیکن حکمران طبقہ اب بھی خواب خرگوش کے مزے لے رہا ہے۔ طاہر کھوکھر نے کہا کہ موجودہ سیاسی جماعتیں صرف الیکشن جیتنے اور اقتدار حاصل کرنے کی مشینیں بن چکی ہیں ان جماعتوں کے منشور کھوکھلے نعرے بن چکے ہیں جن کا زمینی حقیقت سے کوئی تعلق نہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام اب ان جماعتوں سے مایوس ہو چکے ہیں کیونکہ یہ عوام کو ریلیف دینے معیاری زندگی فراہم کرنے اور ریاست کو ایک منظم نظام کے تحت چلانے میں مکمل ناکام ہو چکی ہیں جب عوام کا اعتماد اپنی قیادت سے ختم ہو جائے جب نظام انصاف مفلوج ہو جائے جب قانون صرف کمزور پر لاگو ہو اور جب ریاست کا کوئی سمت نہ ہو تو وہ ملک بحرانوں کا شکار ہو جاتا ہے جیسا کہ آج ہو رہا ہے۔ محمد طاہر کھوکھر نے کہا کہ موجودہ صورتحال میں ریاست کو ایک نئی سیاسی جماعت ایک نئی قیادت اور ایک واضح ویژن کی ضرورت ہے پاسبان وطن پاکستان صرف ایک سیاسی جماعت نہیں بلکہ ایک عوامی تحریک ہے

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
فون و فیکس 0853-310203
Mobile: 0336-5113760
قیمت 20 روپے

SPORTS سپورٹس

سعودی عرب میں ہونے والے 2029 ایشین ونٹر گیمز ملتوی

ریاض (سپورٹس نیوز) سعودی عرب میں شیڈول 2029 ایشین ونٹر گیمز کو ملتوی کر دیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اس فیصلے کا اعلان سعودی اولمپک و پیرااولمپک کمیٹی اور اولمپک کونسل آف ایشیا (او سی اے) نے ایک مشترکہ بیان میں کیا ہے۔ بیان کے مطابق دونوں اداروں کے درمیان تفصیلی مشاورت کے بعد مستقبل کی میزبانی کے لئے ایک نیا فریم ورک طے کیا گیا ہے، تاہم ایشین ونٹر گیمز کے انعقاد کی نئی تاریخ کا اعلان نہیں کیا گیا۔ نظر ثانی شدہ شیڈول کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔ مشترکہ بیان میں کہا گیا کہ یہ فیصلہ سعودی عرب اور مغربی ایشیا میں ونٹر سپورٹس کی طویل المدتی اور پائیدار ترقی کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ نظر ثانی شدہ منصوبے کے تحت سعودی عرب آئندہ برسوں میں مرحلہ وار بنیادوں پر مختلف علیحدہ ونٹر سپورٹس ایونٹس کی میزبانی کرے گا۔ ان مقابلوں کا مقصد ونٹر سپورٹس کو فروغ دینا، کھلاڑیوں کی شرکت میں اضافہ کرنا اور اتھلیٹس، آفیشلز اور سہولیات کی ترقی کو سپورٹ کرنا ہے۔ او سی اے کے مطابق یہ مرحلہ وار حکمتِ عملی مستقبل میں ایشین ونٹر گیمز کے کامیاب انعقاد کے لیے اضافی تیاری کا موقع فراہم کرے گی اور خطے میں وسیع تر شمولیت کو بھی فروغ دے گی۔ اولمپک کونسل آف ایشیا نے سعودی عرب کی جانب سے ونٹر سپورٹس کے پائیدار پروگرامز کی تعمیر کی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ نیا لائحہ عمل مغربی ایشیا میں منظم اور تدریجی ترقی کے ماڈل کی حمایت کرتا ہے اور ایشیا بھر میں سپورٹس کے فروغ کے اہداف سے ہم آہنگ ہے۔ ایشیا بھر میں سپورٹس کے فروغ کے اہداف سے ہم آہنگ ہے۔

چین کی چن یو فی نے انڈونیشیا ماسٹرز اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ جیت لیا

جکارتہ (سپورٹس نیوز) چین کی اولمپک چیمپئن بیڈمنٹن سٹار چن یو فی نے انڈونیشیا ماسٹرز اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ جیت لیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق بھارتی 27 سالہ چین کی بیڈمنٹن سٹار چن یو فی نے ویمنز سنگلز مقابلوں کے فائنل میچ میں تھائی لینڈ کی بیڈمنٹن کھلاڑی پچامن اوپٹنپوتھ کو شکست دی۔ بی ڈبلیو ایف ورلڈ ٹور پر انڈونیشیا اوپن بیڈ منٹن چیمپئن شپ کے کانٹے دار مقابلے انڈونیشیا کے دارالحکومت جکارتہ میں جاری تھے جس کے استورا سینیان سپورٹس سٹیڈیم میں کھیلے گئے خواتین کے سنگلز مقابلوں کیفائنل میچ میں چین کی اولمپک چیمپئن بیڈمنٹن سٹار چن یو فی نے انتہائی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے تھائی لینڈ کی بیڈ منٹن کھلاڑی پچامن اوپٹنپوتھ کو سٹریٹ سیٹس میں 0-2 سے شکست دی۔ ویمنز سنگلز ٹائٹل اپنے نام کرلیا۔ چین کی بیڈمنٹن سٹار چن یو فی کی فتح کا سکور 21-23 اور 13-23 تھا۔ بی ڈبلیو ایف سپر 500 ایونٹ کے فائنل میں چن یو فی نے خاص طور پر دوسرے گیم میں عمدہ اٹیکنگ کھیل اور بھرپور اعتماد کا مظاہرہ کیا۔ یہ رواں ماہ دونوں کھلاڑیوں کے درمیان دوسرا مقابلہ تھا، اس سے قبل ملائیشیا اوپن کے ابتدائی راؤنڈ میں چن یو فی نے تین گیمز کے سخت مقابلے کے بعد کامیابی حاصل کی تھی۔

نیو یارک، فٹبال لیگ میچ کے دوران کھلاڑی بال کے حصول کیلئے جدوجہد کر رہے ہیں

حارث رؤف کو ورلڈکپ اسکواڈ سے باہر کیوں کیا؟ سوشل میڈیا پر بھارتی شہریوں کے تبصرے

بھارت کے سوشل میڈیا کے صارفین کا خوشی کا اظہار حارث کو اپنی ٹیم کا ایجنٹ قرار دیدیا، رپورٹ

کنڈیشنز کے مطابق بہترین کمپوزیشن کیا ہوسکتی ہے اسی کو مدنظر رکھ کر ٹیم کا انتخاب کیا گیا ہے، عاقب جاوید

اسلام آباد / نئی دہلی (سپورٹس نیوز) پاکستان کے فاسٹ بولر حارث رؤف کو ٹی 20 ورلڈکپ کے اسکواڈ میں شامل نہیں کیا گیا ہے جس پر بھارت کے سوشل میڈیا صارفین نے خوشی کا اظہار کیا اور ان پر تنقیدی تبصرے کرتے ہوئے حارث کو اپنی ٹیم کا ایجنٹ قرار دیا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر بھارتی کرکٹ ٹیم کے شائقین نے حارث رؤف کی ٹیم میں عدم شمولیت پر فاسٹ بولر پر جملے کسے اور ایشیا کپ کے دوران بھارت کے خلاف میچ کے دوران طیارے گرنے کے اشاروں کا بھی حوالہ دیا۔ ایک صارف نے حارث رؤف کے ڈراپ ہونے کی خبر دیتے ہوئے لکھا کہ ہم ایونٹ میں اپنے خفیہ ایجنٹ کو مس کریں گے، وہ وہاں ہمارے لیے تھا جب ہمارے لیے مشکل وقت ہوتا تھا۔ بھارتی ایکس صارفین نے آپریشن معرکہ حق کے دوران بھارتی طیارے گرنے کے واقعے کی نشان دہی کا بھی حوالہ دیا اور ایک صارف نے جسپریت بمراہ کی جانب سے حارث رؤف کو آؤٹ کرنے کے بعد جشن کی مختصر ویڈیو کے ساتھ لکھا کہ 'بالآخر حارث رؤف کا طیارہ گر کر تباہ ہوگیا اور بمراہ نے گرا دیا۔ تجش نامی اکاؤنٹ نے لکھا کہ بھارت کے لیے بڑا نقصان ہے، حارث رؤف کو پاکستانی ٹی 20 ورلڈ اسکواڈ سے ڈراپ کردیا گیا، تلک ورما نے ایشیا کپ 2025 میں ان کا کیریئر باقاعدہ طور پر ختم کردیا، ویرات کوہلی نے ٹی 20 ورلڈکپ 2022 میں ایم سی جی میں شروع کیا تھا پھر روہت شرما نے ورلڈکپ 2023 میں۔ سرکل یونیورس نے لکھا کہ بھارتی فیورٹ حارث رؤف پاکستان کی ٹی 20 ورلڈکپ ٹیم سے ڈراپ ہوگئے ہیں کیونکہ انہوں نے ہمیشہ بھارت کو میچ جیتنے میں مدد کی ہے، جب ہم سمجھتے تھے کہ پاکستان جیتے گا تاہم وہ آتے اور بھارتی بیٹرز کو چند آسان گیندیں کراتے تھے۔ ایک صارف نے لکھا کہ آکاش چوپڑا نے نیوزی لینڈ اور بھارت کے درمیان میچ کے دوران پانی کے وقفے میں پاکستان کی ٹی 20 ورلڈکپ ٹیم پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے بگ بیش لیگ میں سب سے زیادہ وکٹیں لینے والے بولر کو منتخب نہیں کیا ہے ایسا لگتا ہے کہ ان کا طیارہ کریش کرچکا ہے۔ بھارتی کرکٹ مداحوں میں بنگلہ دیش کے احتجاج کا بھی ذکر کیا اور ہتھمین ہٹس نے لکھا کہ 'پاکستان نے بنگلہ دیش کی حمایت میں ٹی 20 ورلڈکپ 2026 کے بائیکاٹ کی دھمکی کے بعد اپنے 15 رکنی اسکواڈ کا اعلان کردیا ہے۔ ستیا پرکاش نے کہا کہ حارث رؤف نے بنگلہ دیش کی حمایت میں ٹی 20 ورلڈکپ کا بائیکاٹ کردیا۔ پریس کانفرنس کے دوران عاقب جاوید نے حارث رؤف کو ٹیم سے باہر کرنے کے سوال پر جواب دیا کہ ہم یہ سوچتے ہیں کہ ٹیم کس کنڈیشنز میں کھیل رہی ہے اور وہاں کمبی نیشن بہتر کیا ہوسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حارث رؤف کافی عرصے سے پاکستان کی طرف سے کھیل رہے ہیں تاہم ماضی قریب میں دیکھیں تو ایک مختلف کمبی نیشن بن رہا ہے تو کنڈیشنز کو دیکھ کر اور چونکہ سری لنکا میں زیادہ میچز ہو رہے ہیں تو وہاں آپ کی بہترین کمپوزیشن کیا ہوسکتی ہے، اس کو مدنظر رکھ کر یہ ٹیم بنائی گئی ہے۔ خیال رہے کہ پاکستان نے ٹی 20 ورلڈکپ کے لیے 15 رکنی اسکواڈ کا اعلان کیا ہے، جس میں سابق کپتان بابر اعظم کی واپسی ہوئی ہے جبکہ حارث رؤف اور محمد رضوان کو ٹیم میں شامل نہیں کیا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆☆

بنگلادیش سے متعلق ٹوئٹ کیوں ہٹائی؟ سابق آسٹریلوی کھلاڑی نے سچ بتا دیا

بھارت کو پاکستان سے باہر میچز کھیلنے کی اجازت مل گئی تھی، کیا کوئی یہ منطق سمجھا سکتا ہے: سابق آسٹریلوی کھلاڑی

آسٹریلیا کے سابق فاسٹ بولر اور پاکستان کے سابق ہیڈ کوچ جیسن گلیسپی نے ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ سے بنگلادیش کو نکالنے کے حوالے سے کی گئی پوسٹ ڈیلیٹ کرنے کے فیصلے کی وجہ بتا دی۔ سابق ٹیسٹ کرکٹر نے بتایا کہ انہوں نے ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر بدسلوکی کا نشانہ بننے کے بعد اپنی پوسٹ ڈیلیٹ کرنے کا فیصلہ کیا۔ یہ معاملہ اس وقت شروع ہوا جب بنگلادیش کا نکال کر میگا ایونٹ میں اسکاٹ لینڈ کو شامل کرنے کے بعد جیسن گلیسپی نے انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کے فیصلہ سازی کے عمل سے متعلق سوال پوچھا۔ ڈیلیٹ کی گئی پوسٹ میں جیسن گلیسپی نے پوچھا تھا کیا آئی سی سی بتائے گا کہ بنگلادیش انڈیا سے باہر اپنے میچز کیوں نہیں کھیل سکتا؟ ماضی میں بھارت نے پاکستان میں چیمپئنز ٹرافی کے میچز کھیلنے سے انکار کیا تھا تو ان کو پاکستان سے باہر میچز کھیلنے کی اجازت مل گئی تھی۔ کیا کوئی یہ منطق سمجھا سکتا ہے؟ پوسٹ کے بعد سابق فاسٹ بولر کو انتہائی منفی اور بدسلوکی پر مبنی کمنٹس موصول ہونا شروع ہوئے جس کے بعد انہوں نے اپنی پوسٹ ڈیلیٹ کردی۔ پوسٹ ڈیلیٹ کرنے کے بعد ایک سوشل میڈیا صارف نے پوچھا کہ انہوں نے ایسا کیوں کیا تو گلیسپی نے جواب دیا کہ انہیں ایک سادہ سا سوال پوچھنے پر بدسلوکی کا سامنا کرنا پڑا، اس لیے۔

☆☆☆☆☆☆☆

ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ: آئی سی سی نے بنگلادیشی صحافیوں کو کوریج سے روک دیا

بنگلادیش کے اسپورٹس سے تعلق رکھنے والے صحافیوں کی تنظیموں نے جلد آئندہ کے لائحہ عمل کے اعلان کا فیصلہ کیا ہے

آئی سی سی بنگلادیش کے درمیان کشیدگی مزید بڑھ گئی، بنگلادیشی صحافیوں کو ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کی کوریج سے روک دیا۔ تفصیلات کے مطابق آئی سی سی نے 100 سے زائد بنگلادیشی صحافیوں کو ایکریڈیشن دینے سے انکار کردیا ہے جس کے باعث وہ ایونٹ کی کوریج کے لیے بھارت اور سری لنکا نہیں جاسکیں گے۔ بنگلادیش کے سینئر صحافی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اگر ٹیم نہیں بھی کھیلتی ہے تب بھی آئی سی سی ایسوسی ایٹ ممبرز کے صحافیوں کو ایکریڈیشن جاری کرتا ہے۔ بنگلادیش کے اسپورٹس سے تعلق رکھنے والے صحافیوں کی تنظیموں نے جلد آئندہ کے لائحہ عمل کے اعلان کا فیصلہ کیا ہے۔ دوسری جانب بنگلادیش کرکٹ بورڈ کے میڈیا کمیٹی کے چیئرمین امزاد حسین نے صحافیوں کو ایکریڈیشن نہ ملنے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ بنگلادیش کے 130 سے 150 صحافیوں نے ایکریڈیشن کے لیے اپلائی کیا تھا۔ امزاد حسین نے کہا کہ جہاں تک مجھے معلوم ہے بنگلادیش کے تمام صحافیوں کے ایکریڈیشن مسترد کر دیے گئے ہیں۔ واضح رہے کہ بنگلادیش نے سیکیورٹی وجوہات کے باعث بھارت جانے سے انکار کردیا تھا اور اپنے میچز سری لنکا منتقل کرنے کا مطالبہ کیا تھا۔ تاہم آئی سی سی نے دوہرے معیار کا مظاہرہ کرتے ہوئے بنگلادیش کا مطالبہ ماننے سے انکار کردیا اور اسکاٹ لینڈ کو ورلڈکپ میں شامل کرلیا۔ بنگلادیش کا مطالبہ ماننے سے انکار کردیا اور اسکاٹ لینڈ کو ورلڈکپ میں شامل کرلیا۔

☆☆☆☆☆☆

بھارت اور جنوبی افریقا کے ٹاپ بالرز بھی پاکستانی نوجوان کھلاڑی خواجہ نافع کے معترف

23 سالہ خواجہ نافع نے رواں ماہ سری لنکا کے خلاف اپنا ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل ڈیبیو میچ کھیلا تھا

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) بھارت اور جنوبی افریقا کے ٹاپ بالرز بھی پاکستانی نوجوان کھلاڑی خواجہ نافع کے گن گانے لگے۔ سوشل میڈیا پر بھارتی اسپنر روی چندرن ایشون نے پاکستانی نوجوان کھلاڑی کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ خواجہ نافع ایسا کھلاڑی ہے جو ورلڈکپ میں قابل دید ہوگا۔ جنوبی افریقی اسپنر تبریز شمسی نے بھی خواجہ نافع کی تعریف کرتے ہوئے انہیں ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کا ممکنہ سرپرائز پیکج قرار دیا ہے۔ تبریز شمسی نے کہا کہ انہوں نے گلوبل سپر لیگ کے دوران نافع کے ساتھ وقت گزارا ہے، وہ ایک محنتی، خوش اخلاق اور بڑے عزائم رکھنے والا کھلاڑی ہے۔ واضح رہے کہ 23 سالہ خواجہ نافع کو پہلی بار ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کے اسکواڈ میں شامل کیا گیا ہے۔ خواجہ نافع نے رواں ماہ سری لنکا کے خلاف اپنا ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل ڈیبیو میچ کھیلا تھا جس میں 15 گیندوں پر 26 رنز بنائے تھے۔

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
فون و فیکس 0853-310203
Mobile: 0336-5113760
قیمت 20 روپے

SHOWBIZ شوبز

اداکارہ ثروت گیلانی کے ایک حالیہ انٹرویو نے سوشل میڈیا پر خوب ہلچل مچادی

ڈاکٹرز کے مشورے اور والدہ کے اصرار پر میں نے ہنگامی بنیادوں پر ناک کی سرجری کروائی تھی

لاہور (شوبز نیوز) اداکارہ ثروت گیلانی کے ایک حالیہ انٹرویو نے سوشل میڈیا پر خوب ہلچل مچادی۔ ثروت گیلانی نے اپنی پراثر اداکاری کے باعث جلد ہی ڈراما انڈسٹری میں اپنی الگ شناخت بنائی اور خود کو صف اول کی بہترین اداکاراوں میں کھڑا کیا۔ ثروت گیلانی جہاں اپنی اداکاری اور کردار پر خصوصی توجہ دیتی ہیں وہیں اپنی جلد اور فٹنس کا بھی بہت خیال رکھتی ہیں۔ ان کے مداح بھی سوشل میڈیا پر ان سے جڑے رہتے ہیں۔ یہی وجہ ہے ان کے چہرے کی شباہت میں آنے والی تبدیلی کو بھانپ گئے۔ ثروت گیلانی اپنے ایک وائرل ہونے والے ویڈیو کلپ میں بھی اسی تبدیلی پر بغیر لگی لپٹی تبادلہ خیال کرتی ہوئی نظر آتی ہیں۔ اداکارہ نے بتایا کہ انہوں نے کافی عرصہ پہلے ناک کی سرجری کروائی تھی لیکن اس کی وجہ محض خوبصورتی نہیں بلکہ ایک حادثہ تھا۔ ثروت گیلانی کے بقول کالج کے زمانے میں انھیں اکثر بے ہوشی طاری ہوجاتی تھی اور ایک روز وہ باتھ روم میں بے ہوش ہو کر سنک سے ٹکرا گئی تھیں۔ اداکارہ ثروت نے ہولناک حادثے کو یاد کرتے ہوئے مزید بتایا کہ اس چوٹ لگنے کی وجہ سے ان کی ناک کی ہڈی شدید متاثر ہوئی اور وہ زخمی ہوگئی تھیں۔ ثروت گیلانی مزید تفصیل بتائی کہ جب انھیں ہوش آیا، تو ناک سے خون بہہ رہا تھا اور پورے کپڑوں پر پھیل گیا تھا۔ اداکارہ نے بتایا کہ ڈاکٹرز کے مشورے اور والدہ کے اصرار پر میں نے ہنگامی بنیادوں پر ناک کی سرجری کروائی تھی۔ انھوں نے مزید بتایا کہ اس کے بعد سے نہ صرف میرے اعتماد میں اضافہ ہوا بلکہ بار بار بے ہوش کا معاملہ بھی ختم ہوگیا۔ یاد رہے کہ یہ پہلی بار نہیں کہ جب ثروت گیلانی نے اپنی ذاتی زندگی کے مشکل پہلوں پر کھل کر بات کی ہو۔ اس سے قبل وہ ذہنی صحت اور اپنی نجی جدوجہد کے حوالے سے بھی اعترافات کرچکی ہیں جس پر انہیں کافی توجہ ملی تھی۔

ٹرمپ کی پالیسی سے سخت نالاں ہالی ووڈ کی نامور اداکارہ نے بڑا فیصلہ کرلیا

میں یورپ میں فلمیں بنانا چاہتی ہوں اور پھر انہیں امریکی عوام کو دکھانا چاہتی ہوں، اداکارہ کرسٹن

نیویارک (شوبز نیوز) ہالی ووڈ اداکارہ کرسٹن اسٹیورٹ نے بڑا اعلان کرتے ہوئے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی پالیسیوں پر شدید تنقید کرتے ہوئے علم بغاوت بلند کردیا۔ کرسٹن سمجھتی ہیں کہ وہ امریکا میں آزادی سے کام نہیں کرسکتیں اس لیے اپنی ہدایتکاری کے کیریئر کے لیے یورپ منتقل ہونا بہتر ہے، ہالی ووڈ اداکارہ نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی پالیسیوں پر سخت تنقید کی ہے اور وہ ٹیکس پالیسی پر بھی نالاں نظر آتی ہیں۔ ٹرمپ نے چند ماہ پہلے امریکا سے باہر بننے والی فلموں پر 100 فیصد ٹیکس عائد کرنے کی تجویز دی تھی جس کا مقصد فلم سازی کو امریکا تک محدود کرنا تھا۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ فلموں پر 100 فیصد ٹیکس عائد کرنے سے متعلق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی تجویز اب تک عملی شکل اختیار نہیں کرسکی ہے۔ اس پالیسی پر ردعمل دیتے ہوئے ٹوئیلائٹ فلم کی مشہور اداکارہ نے برطانوی اخبار دی ٹائمز کو انٹرویو میں کہا کہ وہ صدر کے احکامات کی اندھی تقلید پر یقین نہیں رکھتیں خواہ وہ درست ہوں یا غلط ہوں۔ کام کی آزادی پر قدغن لگانے سے متعلق کرسٹن اسٹیورٹ نے کہا کہ پالیسیاں ایسی ہیں کہ وہ امریکا میں آزادانہ طور پر کام کرنے کے قابل نہیں رہیں اس لیے یورپ میں فلمیں بنانے کا فیصلہ کیا۔ کرسٹن نے امریکا سے باہر بننے والی فلموں پر 100 فیصد ٹیکس کے تصور کو فلم انڈسٹری کے لیے خوفناک قرار دیتے ہوئے کہا کہ موجودہ امریکی صدر کے دور میں حقیقت بکھرتی جارہی ہے مگر ہمیں اپنی مرضی کی دنیا تخلیق کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ میں وہاں آزادی سے کام نہیں کرسکتی لیکن ہار بھی نہیں ماننا چاہتی، اپنی ہدایتکاری میں بننے والی پہلی فلم دا کرنولوجی آف واٹر کے حوالے سے کرسٹن نے بتایا کہ امریکا میں ممکن نہ ہونے کی وجہ سے یہ فلم لاتویا میں شوٹ کی گئی۔ ڈونلڈ ٹرمپ کو سخت پیغام دیتے ہوئے اداکارہ نے کہ میں یورپ میں فلمیں بنانا چاہتی ہوں اور پھر انہیں امریکی عوام کو دکھانا چاہتی ہوں۔

☆☆☆☆☆☆

مشہور ٹک ٹاکر علینہ عامر کا اپنی نازیبا لیک ویڈیو پر ردعمل وائرل

ٹک ٹاکر کا ویڈیو کو ڈیپ فیک قرار دیتے ہوئے سی سی ڈی سے کارروائی کا مطالبہ

مشہور ٹک ٹاکر علینہ عامر نے اپنی نازیبا لیک ویڈیو پر ردعمل دیتے ہوئے اسے ڈیپ فیک ویڈیو قرار دیتے ہوئے وزیر اعلی پنجاب سے کارروائی کا مطالبہ کردیا۔ علینہ عامر کی ایک ڈیپ فیک ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی ہے، جس پر ٹک ٹاکر نے سخت ردعمل کا اظہار کیا ہے۔ ٹک ٹاکر نے اس معاملے پر ایک ویڈیو ریکارڈ کروائی جس میں ان کا کہنا تھا کہ میں اس موضوع پر بالکل بات نہیں کرنا چاہ رہی تھی اور گزشتہ ایک ہفتے سے خاموشی سے سب کچھ دیکھ اور سن رہی تھی، تاہم جب سینکڑوں ایسی پوسٹ دیکھی کہ علینہ عامر کی ویڈیو لیک ہوگئی ہے تو میں پھر میں نے سوچا کہ ایسے لوگوں کو انہیں کی زبان میں جواب دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ میں ایسے لوگوں کا مائینڈ سیٹ دیکھ کر حیران ہوتی ہوں کہ وہ کسی کو بدنام کرنے کے لیے کسی بھی حد تک جاسکتے ہیں، مطلب یہ کہ آپ ایک مس انفارمیشن پھیلا رہے ہیں، اس پر تحقیق تو کرلیں کہ جو کچھ آپ شیئر کر رہے ہیں وہ حقیقی ویڈیو بھی ہے یا نہیں۔ علینہ عامر کا کہنا تھا کہ سی سی ڈی اس وقت پنجاب میں بہترین کام کر رہی ہے، میں سہیل ظفر چٹھہ صاحب سے درخواست کرتی ہوں کہ وہ اس معاملے کو سنجیدگی سے لیں اور لڑکیوں کی اے آئی ویڈیوز بنانے والوں کو کڑی سے کڑی سزا دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ کسی لڑکی کی فیک ویڈیوز بنا کر اسے بدنام کرنا بھی ہراسانی سے زمرے میں آتا ہے، جب کہ یہ عناصر صرف اداکارں، ٹک ٹاکر، انفلوئنسر زیا مشہور شخصیات کی ویڈیوز نہیں بنارہے بلکہ بہت سے پرائیوٹ لڑکیوں کی ویڈیوز بھی بنائی جارہی ہیں اور ان کے گھر والوں کو بھیج کر ان کی زندگیاں برباد کی جارہی ہیں۔ ٹک ٹاکر نے مزید کہا کہ الحمداللہ میری فیملی پڑھی لکھی ہے جو مجھ پر پورا بھروسہ کرتے ہیں اور میں ان کا بھروسہ ایسی کوئی حرکت کرکے کبھی نہیں توڑوں گی۔ آخر میں علینہ عامر نے اعلان کیا کہ جس نے بھی مجھے یہ فیک ویڈیو بنانے والے کے بارے میں معلومات فراہم کیں میں اس کو کیش پرائز دوں گی جب کہ آج کے دور میں کسی بھی لڑکی کو خاموش نہیں رہنا چاہیے بلکہ اپنے لیے آواز اٹھانی چاہیے۔

بھارتی سنیما اپنی اصل شناخت اور جڑوں سے دور ہو چکا ہے، بالی ووڈ اداکار

بھارتی سنیما اپنی جڑوں سے کٹ چکا ہے، جہاں سب کچھ پلاسٹک جیسا لگتا ہے، پرکاش راج

ممبئی (این این آئی) معروف بالی ووڈ اداکار و بھارتی سیاستدان پرکاش راج نے بالی ووڈ پر کڑی تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارتی سنیما اپنی جڑوں سے کٹ چکا ہے، جہاں سب کچھ پلاسٹک جیسا لگتا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ایوارڈ یافتہ اداکار پرکاش راج نے بالی ووڈ پر کھل کر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ دور میں بھارتی سنیما اپنی اصل شناخت اور جڑوں سے دور ہو چکا ہے، جبکہ ملیالم اور تامل انڈسٹری اس وقت اچھی اور بامعنی فلمیں بنا رہی ہیں۔ پرکاش راج جو سنگھم، دبنگ 2 اور وانٹڈ جیسی کئی بالی ووڈ فلموں میں کام کرچکے ہیں، انہوں نے کیرالہ لٹریچر فیسٹیول کے دوران ان خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مین اسٹریم ہندی سنیما بتدریج مصنوعی اور صرف پیسے پر مبنی ہوتا جا رہا ہے۔ پرکاش راج کا کہنا ہے کہ موجودہ حالات میں مجھے لگتا ہے کہ ملیالم اور تامل فلم انڈسٹری بہت اچھی فلمیں بنا رہی ہیں، دوسری طرف بالی ووڈ انڈسٹری کی جڑیں کھوکھلی ہو چکی ہیں، سب کچھ خوبصورت اور شاندار دکھائی دیتا ہے، مگر پلاسٹک جیسا، بالکل مادام تساو میوزیم کی طرح کا لگتا ہے، جنوبی سنیما کے پاس اب بھی کہانیاں ہیں، تامل فلم انڈسٹری کے نوجوان ہدایت کار دلت مسائل پر بات کر رہے ہیں اور یہ بات بہت امید دلاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بمبئی کی فلم انڈسٹری نے صرف ملٹی پلیکس کے لیے فلمیں بنائیں جو بہت پیاری، ہلکی پھلکی تھیں کیونکہ وہ چل رہی تھیں، پھر وہ پیج تھری کلچر میں چلے گئے اور اس کے ساتھ ہی دیہی راجستھان اور بہار سے ان کا رابطہ ختم ہوگیا، آج سب کچھ پیسے اور دکھاوے کے گرد گھومتا ہے، ریلز، پیج تھری کوریج اور شور شرابے والی تشہیر کے اس عمل سے مجھے لگتا ہے کہ انڈسٹری نے فلم بینوں سے اپنا تعلق کھو دیا ہے۔ واضح رہے کہ پرکاش راج کو حال ہی میں ہندی فلم تیرے عشق میں میں دیکھا گیا جہاں انہوں نے دھنوش کے والد کا کردار ادا کیا، وہ جلد سیاسی ایکشن ڈراما جنا نائکن میں نظر آئیں گے، جو اداکار وجے کی بطور اداکار آخری فلم ہوگی۔ یہ فلم اسی ماہ ریلیز ہونا تھی، تاہم سینسر کے مسائل کے باعث اس کی ریلیز موخر کردی گئی، جبکہ نئی ریلیز کی تاریخ کا اعلان ابھی نہیں کیا گیا ہے۔

فلم دھریندھر کے اداکار ملازمہ سے زیادتی کے الزام میں گرفتار

گزشتہ 10 برسوں کے دوران اداکار نے شادی کے وعدے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے بارہا اس کے ساتھ جنسی زیادتی کی

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ فلم دھریندھر کے اداکار ندیم خان کو گھریلو ملازمہ کے ساتھ جنسی زیادتی کے سنگین الزامات کے بعد پولیس نے گرفتار کر لیا ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق، برسوں سے مختلف اداکاروں کے گھروں میں کام کرنے والی 41 سالہ گھریلو ملازمہ نے انکشاف کیا کہ وہ کئی سال تک ندیم خان کے گھر ملازمہ کے طور پر کام کرتی رہی، اس دوران دونوں کے درمیان ذاتی تعلق قائم ہوا اور اداکار نے اس سے شادی کا وعدہ کیا۔ متاثرہ خاتون کا الزام ہے کہ گزشتہ 10 برسوں کے دوران اداکار نے شادی کے وعدے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے بارہا اس کے ساتھ جنسی زیادتی کی۔ پولیس کو دیے گئے بیان میں اس نے کہا کہ طویل عرصے تک استحصال کے بعد، جب اداکار نے شادی سے صاف انکار کردیا، تو اس نے باضابطہ طور پر شکایت درج کروائی۔ پولیس رپورٹس کے مطابق ندیم خان کو 22 جنوری کو شکایت کے سلسلے میں گرفتار کیا گیا اور وہ اس وقت پولیس تحویل میں ہے۔ یہ ہولناک واقعہ بھارت اور پاکستان دونوں میں شدید ردِعمل کا باعث بنا، جہاں بالی ووڈ میں طاقت کے ناجائز استعمال، جنسی استحصال، اور جوابدہی کے بارے میں سوالات اٹھائے جا رہے ہیں۔

☆☆☆☆☆

معروف اداکارہ یشما گل کی ڈانس ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل

کچھ مداحوں نے یشما گل کے ڈانس اور اینرجی کو سراہا جبکہ وہیں کچھ صارفین نے ان کے ڈانس پر تنقید بھی کی

لاہور (شوبز نیوز) پاکستانی معروف اداکارہ یشما گل کا دوستوں کے ہمراہ ڈانس ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی جس پر صارفین نے ملا جلا ردِعمل دیا۔ یشما گل پاکستان کی معروف اداکارہ ہیں جن کے انسٹاگرام پر 1.6 ملین سےزائد فالورز ہیں، انہوں نے اب دیکھ خدا کیا کرتا ہے، کس دن میرا ویاہ ہوگا، صدقے تمہارے، بے باک، تیرے عشق کے نام، پھانس اور حق مہر جیسے کامیاب ڈراموں میں اداکاری کی ہے۔ حال ہی میں وہ اپنی قریبی دوست گلالئی اور علی کی میوزیکل نائٹ میں شریک ہوئیں جہاں انہوں نے زرمینے اور اداکارہ زویا ناصر سمیت دیگر دوستوں کے ساتھ پرفارم کیا۔ یشما گل اور زرمینے نے مقبول پاکستانی گانے گال سن پر ڈانس کیا، اس کے علاوہ اداکارہ نے گرورندھاوا کے گانے سیرا پر بھی پرفارمنس دی۔ سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ان کے ڈانس کی ویڈیوز نے ایک نئی بحث چھیڑ دی، کچھ مداحوں نے یشما گل کے ڈانس اور اینرجی کو سراہا جبکہ وہیں کچھ صارفین نے ان کے ڈانس پر تنقید بھی کی۔ ایک صارف نے لکھا کہ انہیں نہ ڈانس آتا ہے اور نہ شرم، ایک اور صارف کا کہنا تھا کہ پتا کرو یہ مخلوق کس چڑیا گھر سے بھاگی ہے، جبکہ ایک صارف نے لکھا کہ یہ کیسے مردانہ موو زہیں۔ کئی مداحوں نے اداکارہ کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ اس ڈانس کو تفریح کے طور پر ہی دیکھا جانا چاہیے۔ جبکہ ایک صارف نے لکھا کہ یہ کیسے مردانہ موو زہیں۔ کئی مداحوں نے اداکارہ کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ اس ڈانس کو تفریح کے طور پر ہی دیکھا جانا چاہیے۔

بقیہ نمبر 1

گھنٹوں کے دوران مزید 23 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ ضلع نوشکی میں انٹیلی جنس بنیاد پر کی گئی کارروائی کے دوران 11 دہشت گرد ہلاک ہوئے جبکہ مند میں فتنہ الہندوستان کے 6 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا۔کارروائیوں کے دوران بڑی تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ گزشتہ 96 گھنٹوں کے دوران آپریشن شعبان اور بلوچستان کے دیگر علاقوں میں 71 سے زائد دہشت گردوں کا خاتمہ کیا جا چکا ہے، جو دہشت گردی کے خلاف جاری کارروائیوں میں ایک اہم پیش رفت ہے۔وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو مؤثر انداز میں نشانہ بنا کر مقامی آبادی کو درپیش خطرات میں نمایاں کمی کی ہے۔دہشت گرد عناصر اپنے مذموم عزائم کے ذریعے بلوچستان میں بدامنی پیدا نہیں کر سکتے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام امن کے قیام اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ریاست دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں مکمل خاتمے تک جاری رہیں گی۔وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ قومی ایکشن پلان کے تحت ”عزم استحکام“ کے وژن کے مطابق دہشت گردی کے خلاف قومی عزم غیر متزلزل ہے۔سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیوں اور کاوشوں سے بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام کی کوششیں جاری رہیں گی۔

بقیہ نمبر 2

چوہدری نے افغان طالبان کے بے بنیاد الزامات کو رپورٹ کرنے والی رائٹرز کی خبر میں صحافتی ذمہ داری اور تصدیق کے حوالے سے سوالات اٹھاتے ہوئے کہا ہے کہ کنڑ اور نورستان میں ہلاک یا گرفتار افراد پاکستانی تھے تو ان کی شناخت، شہریت اور وابستگی کے ٹھوس شواہد سامنے لائے جائیں۔اتوار کو ایکس پر اپنے بیان میں وفاقی وزیر نے کہا کہ محض الزامات کو حقائق کے طور پر پیش نہیں کیا جا سکتا، پاکستان افغان سرزمین سے سرگرم دہشت گرد نیٹ ورکس کے خطرے کی مسلسل نشاندہی کرتا رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ سرحد پار دہشت گردی کے باعث پاکستان نے بھاری جانی نقصان اٹھایا ہے، تاہم ان حقائق کو اکثر کم توجہ ملتی ہے۔ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ پاکستان جانچ پڑتال سے نہیں گھبراتا، ہم شواہد کا مطالبہ کرتے ہیں۔عالمی میڈیا غیر مصدقہ الزامات کو آگے بڑھانے کے بجائے درستگی، آزادانہ تصدیق اور غیر جانب داری کے اصولوں کی پاسداری کرے۔

بقیہ نمبر 3

گنداؤ اور سرک میں نامعلوم سمت سے آنے والے مارٹر گولے آبادی پر گرنے کے نتیجے میں ایک جواں سال خاتون جاں بحق جبکہ دس سالہ بچہ زخمی ہو گیا۔موصولہ اطلاعات کے مطابق اتوار کو گنداؤ میں نامعلوم سمت سے آنے والا مارٹر گولہ ایک گھر پر آگرا اور زوردار دھماکہ سے پھٹ گیا۔دھماکے کے نتیجے میں شفیق نامی شخص کی جواں سال بیٹی موقع پر جاں بحق ہوگئی۔دوسری جانب سرک گاؤں میں گرنے والے مارٹر گولے کی زد میں آکر دس سالہ عمر ولد عبدالولی زخمی ہو گیا۔اسے فوری طور پر ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال پاراچنار منتقل کر دیا گیا جہاں اسے طبی امداد فراہم کی جارہی ہے۔واقعے کے حوالے سے فوری طور پر مزید تفصیلات یا سرکاری بیان سامنے نہیں آسکا۔

بقیہ نمبر 4

شہری کے معلومات تک رسائی کے حق کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈیجیٹل پلیٹ فارمز، مصنوعی ذہانت اور دیگر ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کے تیزی سے فروغ پذیر ماحول میں درست اور قابل اعتماد معلومات تک رسائی ایک باخبر جمہوریت کے لیے نہ صرف مزید کٹھن بلکہ انتہائی اہم بن گئی ہے جو اس امر کی متقاضی ہے کہ متعلقہ اداروں، عوام دوست صحافیوں، میڈیا اداروں، شعبہ ابلاغ سے وابستہ ماہرین، محققین اور دیگر ماہرین کے کردار پر زیادہ توجہ دی جائے تاکہ شہری تیزی سے تبدیل ہوتے ہوئے اطلاعاتی ماحول میں بہتر طور پر رہنمائی حاصل کر سکیں۔انہوں نے یہ بات معلومات تک ہمہ گیر رسائی کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہی جو 28 ستمبر کو منایا جارہا ہے۔صدر مملکت آصف علی زرداری نے معلومات تک ہمہ گیر رسائی کے عالمی دن پر ہر شہری کے معلومات تک رسائی کے حق بالخصوص عوامی اہمیت کے معاملات سے متعلق معلومات تک رسائی کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ جمہوریت میں شہری اس وقت ہی عوامی زندگی میں بامقصد طور پر حصہ لے سکتے ہیں جب انہیں بروقت، مستند اور قابل اعتماد معلومات تک رسائی حاصل ہو۔انہوں نے کہا کہ آئین پاکستان اس حق کے لیے واضح بنیاد فراہم کرتا ہے۔18 ویں آئینی ترمیم نے آزادی اظہار کے آئینی ڈھانچے کو مزید مضبوط کیا اور آرٹیکل-19 اے شامل کیا گیا جو ہر شہری کو قانون کے تحت متعلقہ ضوابط اور معقول پابندیوں کے تابع تمام عوامی اہمیت کے معاملات میں معلومات تک رسائی کا حق دیتا ہے۔صدر مملکت نے کہا کہ مزید برآں وفاقی سطح پر حق رسائی معلومات ایکٹ 2017 بھی معلومات تک رسائی کے لیے قانونی فریم ورک فراہم کرتا ہے۔تاہم آج معلومات جاننے کا حق مزید پیچیدہ ہو گیا ہے۔ڈیجیٹل پلیٹ فارمز، مصنوعی ذہانت اور دیگر ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کے تیزی سے فروغ نے معلومات کی تیاری، ترسیل اور استعمال کے طریقہ کار کو تبدیل کر دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ چیلنج اب صرف یہ نہیں رہا کہ معلومات دستیاب ہیں یا نہیں بلکہ یہ بھی ہے کہ شہری قابل اعتماد معلومات اور ایسے مواد میں فرق کر سکیں جو جھوٹا، تحریف شدہ یا دانستہ طور پر گمراہ کرنے کے لیے تیار کیا گیا ہو۔صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ ریاستی اور غیر ریاستی عناصر، دہشت گرد اور جرائم پیشہ نیٹ ورکس اور بے قابو اور حد سے زیادہ طاقتور ٹیکنالوجی کمپنیوں سمیت مختلف عناصر کی جانب سے معلومات کو مسخ یا ہتھیار کے طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔اس صورتحال میں درست اور قابل اعتماد معلومات تک رسائی ایک باخبر جمہوریت کے لیے نہ صرف مزید کٹھن بلکہ انتہائی اہم بن گئی ہے۔یہ صورتحال اس امر کی متقاضی ہے کہ عوام دوست صحافیوں، میڈیا اداروں، شعبہ ابلاغ سے وابستہ ماہرین، محققین اور دیگر ماہرین کے کردار پر زیادہ توجہ دی جائے تاکہ شہری تیزی سے تبدیل ہوتے ہوئے اطلاعاتی ماحول میں بہتر طور پر رہنمائی حاصل کر سکیں لہٰذا ہمارا عمل ایسا ہونا چاہیے کہ شہری کے معلومات جاننے کے حق کا تحفظ کیا جائے جبکہ تجارتی بنیادوں پر پھیلائی جانے والی غلط معلومات اور گمراہ کن اطلاعات سے نمٹنے کی کوششیں جائز عوامی مفاد کی صحافت، منصفانہ تنقید اور بامعنی عوامی مباحثے کو دبانے کا ذریعہ نہ بنیں۔صدر مملکت نے کہا کہ عوامی اداروں کی جانب سے شفافیت، جوابدہی اور ذمہ دارانہ ابلاغ بدستور ناگزیر ہیں۔شہریوں کو قابل اعتماد ذرائع سے مستند معلومات حاصل کرنے کے قابل ہونا چاہیے، بالخصوص ان معاملات پر جو براہ راست ان کی زندگیوں کو متاثر کرتے ہیں۔صدر آصف علی زرداری نے اس امر پر زور دیا کہ آئیے، اس دن اہم شہریوں کے معلومات تک رسائی کے حق کے تحفظ اور ان اداروں اور پیشہ ورانہ طریقہ ہائے کار کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کریں جو تیزی سے تبدیل ہوتے ہوئے اطلاعاتی ماحول میں اس حق کے تحفظ اور فروغ کے لیے ضروری ہیں۔

بقیہ نمبر 5

جبکہ کارروائی کے دوران بڑی تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد بھی برآمد کیا گیا۔آئی ایس پی آر کے مطابق گزشتہ 72 گھنٹوں کے دوران 23 دہشتگرد ہلاک کیے گئے اور سیکیورٹی فورسز نے وسیع علاقے کو دہشتگردوں سے کلیئر کر لیا۔آئی ایس پی آر کے مطابق مقامی آبادی کو فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے خطرے سے نجات دلائی گئی، نوشکی اور مند میں ہونے والی کارروائیوں کے دوران بھی بھاری تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کیا گیا۔آئی ایس پی آر کے مطابق گزشتہ 96 گھنٹوں کے دوران بلوچستان کے مختلف علاقوں میں 71 سے زائد دہشتگرد ہلاک کیے گئے۔آئی ایس پی آر کے مطابق آپریشن شعبان اور دیگر علاقوں میں کارروائیوں سے بھارتی حمایت یافتہ افغان پراکسیز کو بڑا دھچکا پہنچا ہے۔آئی ایس پی آر کے مطابق دہشتگردی کے خلاف جنگ عزم استحکام کے وژن کے تحت بھرپور عزم سے جاری رہے گی۔سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ملک سے غیر ملکی معاونت یافتہ دہشتگردی کے خاتمے کے لیے پرعزم ہیں۔

بقیہ نمبر 6

نہ بنایا، کامیاب فائرنگ سے ہنگور کے ویپن سسٹم اور جنگی تیاری کی توثیق ہوئی، ہنگور کی کامیاب فائرنگ پاک بحریہ کی زیر آب جنگی صلاحیتوں میں اہم سنگ میل ہے۔نیول چیف ایڈمرل نوید اشرف نے پی این ایس / ایم ہنگور کی جنگی صلاحیت اور عملے کی پیشہ ورانہ مہارت کو سراہا۔اس موقع پر نیول چیف نے کہا کہ زیر آب جنگی صلاحیتوں میں مسلسل اضافہ آپریشنل تیاری اور قابل اعتماد دفاعی صلاحیت کے لیے ناگزیر ہے، پاک بحریہ پاکستان کی بحری سرحدوں کے دفاع اور خطے میں امن واستحکام کے لیے پرعزم ہے۔دریں اثناء صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاک بحریہ کی نئی آبدوز ہنگور کی پہلی کامیاب لائیو ویپن فائرنگ پر پاک بحریہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے پاک بحریہ کی آپریشنل تیاری اور بحری دفاعی صلاحیتوں میں اضافے کو سراہا۔صدر زرداری نے کہا کہ جدید جنگی صلاحیتوں سے لیس پاک بحریہ قومی بحری حدود کے تحفظ اور خطے کے امن و سلامتی میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔صدر مملکت آصف علی زرداری نے چیف آف نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف کی قیادت میں پاک بحریہ کی آپریشنل تیاری اور بحری دفاعی صلاحیتوں میں اضافہ کی ...

امن کے قیام کے عزم کا عکاس ہے۔یاد رہے کہ صدر زرداری نے اس سال 30 اپریل کو اس آبدوز کے پاکستان سپرد کرنے کی تقریب کے مہمان خصوصی تھے جو چین کے شہر سانیا میں منعقد ہوئی تھی۔وزیراعظم نے پاکستان بحریہ کو آبدوز ”پی این ایس/ایم ہنگور“ کے پہلے کامیاب براہ راست ہتھیاروں کے تجربے (لائیو ویپن فائرنگ) پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے پاکستان بحریہ اور اس کی قیادت کو فلیٹ میں نئی شامل کی جانے والی آبدوز پی این ایس/ایم ہنگور کے پہلے کامیاب لائیو ویپن فائرنگ کے تجربے پر مبارکباد دی۔انہوں نے کہا کہ اینٹی شپ کروز میزائل کے ذریعے طویل فاصلے کے ہدف کو درستگی کے ساتھ نشانہ بنانا پاکستان بحریہ کی آبدوز فورس کی غیر معمولی آپریشنل تیاری، پیشہ ورانہ مہارت اور بلند جنگی صلاحیت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔وزیراعظم نے قومی سلامتی کو درپیش کسی بھی چیلنج سے نمٹنے کے لیے مسلح افواج کی مکمل تیاری کو یقینی بنانے کے لئے حکومت کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا۔وزیراعظم نے چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف اور پی این ایس/ایم ہنگور کی شمولیت اور آپریشنلائزیشن کے اس عمل سے وابستہ تمام عملے کی پیشہ ورانہ کارکردگی کو بھی سراہا۔

بقیہ نمبر 7

امیر حاتمی نے ایک فوجی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایران جنگ میں کامیاب رہا ہے، تاہم اس کامیابی کو مستحکم کرنا ضروری ہے۔ان کے بقول مخالف فریق کو شدید نقصان پہنچا ہے، لیکن ایرانی فوج کو آئندہ کسی بھی ممکنہ حملے کا جواب دینے کے لیے تیار رہنا ہوگا۔ایرانی آرمی چیف نے مزید کہا کہ ایران ایک ایسا ملک ہے جو امریکا اور اسرائیل کے خلاف کھڑا ہے اور اس کے مطابق ایرانی عوام نے اپنی خودمختاری اور سلامتی کے دفاع کا مظاہرہ کیا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ ایران کسی بھی بیرونی دباؤ یا خطے میں طاقت کے استعمال کو قبول نہیں کرے گا۔

بقیہ نمبر 8

ف ورزی پر شدید تحفظات سے آگاہ کیا گیا۔پاکستان نے افغان حکام پر واضح کیا کہ پاکستانی حدود میں دہشت گردی کے واقعات اور سرحدی خلاف ورزیوں کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔پاکستان نے افغان حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ اپنی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال ہونے سے روکے اور دہشت گرد عناصر کے خلاف موثر کارروائی کرے۔نجی ٹی وی کے مطابق ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر نے بھی پاکستان کی جانب سے افغان حکام کے سامنے دہشت گردی اور سرحدی صورتحال پر شدید احتجاج ریکارڈ کرائے جانے کی تصدیق کی ہے۔حالیہ ڈی مارش کے ذریعے دہشت گرد حملوں اور سرحدی واقعات پر پاکستان کے تحفظات افغان حکام تک پہنچائے گئے ہیں، جبکہ افغانستان سے پاکستان کے خلاف کارروائیوں کی روک تھام کے لیے موثر اقدامات کا مطالبہ کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 9

مزید تیز کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ آن لائن مالیاتی فراڈ، آن لائن ہراسانی میں ملوث عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے، سائبر کرائم کرنے والا چاہے کہیں بھی بیٹھا ہو، اسے قانون کی گرفت میں لانا ہے۔

بقیہ نمبر 10

م آباد کی جانب مارچ کیا جائے گا، مطالبات تسلیم نہ کیے گئے تو ملتان سے سپر لانگ مارچ شروع کریں گے۔5 اسٹار چورنگی نارتھ ناظم آباد میں قائم احتجاجی کیمپ کے دورے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ مہنگائی اور بے روزگاری نے عام آدمی کا جینا مشکل کر دیا ہے، تاجر برادری بھی مہنگائی سے شدید پریشان ہے، ہم ان تاجروں کے شکر گزار ہیں جنہوں نے 3 ستمبر کی ہڑتال میں جماعت اسلامی کا ساتھ دیا۔انہوں نے کہا کہ پٹرولیم لیوی اور قیمتوں میں اضافے کا اثر براہ راست ہر چیز پر پڑتا ہے اور عام شہری کے حالات مزید خراب ہو جاتے ہیں۔حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ جماعت اسلامی نے سیاست کا ایک نیا سفر شروع کیا ہے، جس میں عوام کے مسائل کو اجاگر کیا جارہا ہے، جماعت اسلامی جب بھی کسی مسئلے پر آواز اٹھاتی ہے تو اس کے حل کے لیے باقاعدہ مہم چلائی جاتی ہے۔کراچی میں کے الیکٹرک، نادرا اور بحریہ ٹاؤن سمیت مختلف عوامی مسائل پر آواز اٹھائی گئی جس کے نتیجے میں مسائل حل ہونا شروع ہوئے۔انہوں نے دعویٰ کیا کہ جماعت اسلامی کی جدوجہد کے نتیجے میں 90 فیصد لوگوں کے قومی شناختی کارڈ بنے۔امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ آئی پی پیز کے ساتھ ناجائز معاہدے کیے گئے جن کے باعث پاکستان کی معیشت کو نقصان پہنچا، آئی پی پیز کے معاملے میں حکمران جماعتوں سے وابستہ افراد بھی موجود ہیں۔جماعت اسلامی نے آئی پی پیز کے خلاف آواز اٹھائی جس کے نتیجے میں ان کے بقول بجلی کے بلوں میں عوام کو 30 فیصد ریلیف ملا۔انہوں نے کہا کہ ایران اور امریکا کی جنگ کو بہانہ بنا کر عوام کو ریلیف دینے کے بجائے پٹرولیم لیوی بڑھا دی گئی، آج بھی 80 روپے فی لیٹر لیوی کے نام پر وصول کیے جارہے ہیں۔حافظ نعیم الرحمٰن نے ایف بی آر پر بھی تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ادارہ بڑے پیمانے پر کرپشن روکنے اور اصل ٹیکس دہندگان کے بجائے عام شہری پر بوجھ ڈال رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ تنخواہ دار طبقہ 700 ارب روپے ٹیکس دیتا ہے جبکہ جاگیردار اور وڈیرے مناسب ٹیکس ادا نہیں کرتے۔آئی ایم ایف نے یہ نہیں کہا کہ پٹرولیم لیوی بڑھائی جائے، بلکہ آئی ایم ایف کی جانب سے جاگیرداروں اور وڈیروں سمیت دیگر شعبوں سے بھی ٹیکس لینے کی بات کی جاتی ہے۔عوام کو معلوم ہونا چاہیے کہ حکمران طبقہ کس طرح عوام پر بوجھ ڈال رہا ہے۔حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ ملک میں آئی پی پیز مافیا، آٹا مافیا، چینی مافیا اور بینک مافیا کے خلاف کوئی بات نہیں کرتا، حکمران ایک دوسرے کا تحفظ کرتے ہیں۔موجودہ بجٹ میں 17 سو ارب روپے کا ڈاکا پڑ رہا تھا لیکن اس وقت اپوزیشن جماعتوں نے بھی موثر احتجاج نہیں کیا۔انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کا ذاتی کوئی ایجنڈا نہیں، ہم صرف اور صرف عوام کے حقوق کی بات کرتے ہیں۔ہماری احتجاجی تحریک ختم نہیں ہوئی بلکہ اسے موخر کیا گیا ہے۔لاہور میں جماعت اسلامی کا جلسہ روکنے کی کوشش کی گئی، تاہم جب عوام بڑی تعداد میں نکلے تو حکومت کو پیچھے ہٹنا پڑا۔امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ ہمارا مطالبہ واضح ہے کہ پٹرولیم لیوی کا مکمل خاتمہ کیا جائے اور آئی پی پیز کے ظالمانہ معاہدوں سے قوم کو نجات دلائی جائے۔جماعت اسلامی کا احتجاج جاری رہے گا اور ملک کے دیگر صوبوں میں بھی جلسے کیے جائیں گے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان جب وطن واپس آئیں گے تو ان سے دوٹوک بات ہوگی۔اگر ہمارے مطالبات تسلیم کر لیے گئے تو ٹھیک، بصورت دیگر ملتان سے سپر لانگ مارچ شروع کریں گے۔جماعت اسلامی نے حالیہ دنوں میں بھی پٹرولیم لیوی کے خلاف ملک گیر احتجاج اور اسلام آباد مارچ کا اعلان کیا تھا۔حافظ نعیم الرحمٰن نے پنجاب میں تعلیم کے حوالے سے وزیراعلیٰ مریم نواز کی پالیسیوں پر بھی تنقید کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ پنجاب کی سرکاری تعلیم کو تباہ کیا جارہا ہے اور خاندانی ناموں سے اسکول چلانے کا سلسلہ شروع کر دیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ چاروں صوبوں میں تعلیم کے شعبے کو تباہ کرنے کا مقابلہ جاری ہے، سندھ میں ایک اسکول میں 23 بچے اور 50 اساتذہ کی مثالیں موجود ہیں۔انہوں نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ جماعت اسلامی کا محضر نامہ لے کر گلی گلی اور بازاروں میں جائیں، عوام سے رائے حاصل کریں اور انہیں موجودہ مسائل سے آگاہ کریں۔ان کا کہنا تھا کہ ملک کو مسلط مافیاز سے نجات دلانے کے لیے عوام کو میدان میں نکلنا ہوگا۔

بقیہ نمبر 11

1 دسمبر تک ریلوے سسٹم میں موجود تمام سکریپ کو ڈسپوز کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔وزیر ریلوے حنیف عباسی نے وے برجز پر اوورلوڈنگ کا سخت نوٹس لیتے ہوئے شکایت پر فوری کارروائی کی ہدایت جاری کیں۔اجلاس میں ڈویژنز میں جاری منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لئے اہم فیصلے کئے گئے جس کے تحت ہیڈکوارٹرز آفس ڈویژنوں کی ڈیمانڈ کا 72 گھنٹے میں جواب دینے کا پابند ہوگا۔حنیف عباسی نے کہا کہ تجاوزات کے خلاف آپریشن میں عملے کے ساتھ کھڑا ہوں، کسی دباؤ کو خاطر میں نہیں لایا جائے گا۔تجاوزات کے خلاف کامیابی کے لئے نیب اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مدد لی جارہی ہے۔وزیر ریلوے نے ہدایت کی کہ اپ گریڈ ہونے والی ٹرین کا ریک کسی صورت تبدیل نہ کیا جائے۔وزیر ریلوے نے پہلی سہ ماہی میں 26 ارب آمدن حاصل کرنے پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے انتظامیہ کو شاباش دی۔

بقیہ نمبر 12

پی ٹی آئی مارچ کی تاریخ پھر تبدیل ہوگی، یہ تاریخ پر تاریخ والا معاملہ ہے۔میڈیا سے گفتگو میں گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ سہیل آفریدی جارہے ہیں یا کوئی اور آرہا ہے، پارٹی ترجمان ہی بتا سکتے ہیں، گزشتہ دو سال میں کئی مرتبہ گورنر راج لگانے کی بات ہوئی، اگر کسی کا استعفیٰ آیا تو اسے منظور کروں گا۔فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ روزانہ لاشیں اٹھا رہے ہیں، ایسے حالات میں اسلام آباد پر چڑھائی مناسب نہیں، اسلام آباد پر چڑھائی کا نتیجہ صفر ہوگا۔انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کو مشورہ ہے مارچ ختم کردیں، امن وامان کی صورتحال وفاق اور صوبہ دونوں کی ذمہ داری ہے، صوبے کے مفاد کیلیے سب کا مل کر کام کرنا ضروری ہے، سب مل بیٹھ کر کام کریں گے تو صوبے میں امن قائم ہوجائیگا، امن کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کو ساتھ لیکر کام کرنا ہوگا۔گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ افغانستان دہشت گردوں کی سہولت کاری کر رہا ہے، صوبے کے مفاد کے لیے وزیر اعظم سے ملاقات کرکے پشاور آنے کی دعوت دی،

نادرا کا خواتین کے شناختی کارڈ بنوانے کیلئے خصوصی سہولت کا اعلان

شادی شدہ خواتین کمپیوٹرائزڈ نکاح نامہ کے ساتھ شناختی کارڈ بنوا سکیں گی

درخواست گزار کے شوہر یا والدین میں سے کسی ایک کا بائیو میٹرک لازمی قرار دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) نادرا کی جانب سے شادی شدہ اور غیر شادی شدہ خواتین کیلئے خصوصی سہولت کا اعلان کیا گیا ہے۔ نادرا کے مطابق 18 سال سے زائد عمر کی خواتین 31 دسمبر تک اپنا شناختی کارڈ بنوا سکیں گی ... (بقیہ 31 صفحہ 7پر)

صوبائی وزیر سردار کوہیار خان ڈومکی سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

حب پولیس کی کاروائی، تین کلو سے زائد چرس برآمد، ایک ملزم گرفتار

ملزم کو مزید قانونی کارروائی اور تفتیش کے لیے پولیس تھانہ حب سٹی کے حوالے کردیا گیا ہے

حب (نمائندہ بولان) حب سٹی پولیس کی کاروائی، تین کلو سے زائد چرس برآمد، ایک ملزم گرفتار ... (بقیہ 32 صفحہ 7پر)

حب پولیس کی کاروائی، سیمنٹ چوری کا بڑا کیس ٹریس، 843 بوریاں سیمنٹ برآمد

حب (نمائندہ بولان) حب پولیس کی کاروائی، سیمنٹ چوری کا بڑا کیس ٹریس، 843 بوریاں ... (بقیہ 33 صفحہ 7پر)

وفاقی حکومت کیساتھ تحفظات کے باوجود پیپلز پارٹی کا وفاق کے ساتھ اتحاد قائم ہے، سید نوید قمر

وفاقی حکومت عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے پٹرولیم مصنوعات پر عائد لیوی ختم کرے، سابق وفاقی وزیر

پی ٹی آئی اپنے احتجاجی اعلانات میں تبدیلی لاکر ایک بار پھر کشیدگی میں اضافہ کررہی ہے، رکن قومی اسمبلی کی صحافیوں سے گفتگو

ٹنڈو محمد خان (این این آئی) سابق وفاقی وزیر اور رکن قومی اسمبلی سید نوید قمر نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت کے ساتھ پیپلز پارٹی کے تحفظات کے باوجود پیپلز پارٹی کا وفاق کے ساتھ اتحاد قائم ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ٹنڈو محمد خان کے گردوارہ مندر میں پیپلز پارٹی منارٹی ونگ کے رہنما سریش کمار کی جانب سے دیے گئے عشائیے اور گلشن فیض کالونی میں سی سی بلاک کے افتتاح کے بعد صحافیوں سے (بقیہ نمبر 34 صفحہ 7پر)

بلوچستان کی شاہراہیں غیر محفوظ، عوام کی نقل و حرکت محدود ہو گئی ہے

کھڈ کوچہ، قلات اور نوشکی میں باغات کاٹنے اور لوگوں کو علاقوں سے بےدخل کرنے کی پالیسی عوام دشمن اقدام ہے

چیک پوسٹوں میں بھتہ خوری ... بلوچستان کو شدید معاشی مشکلات سے دوچار کیا گیا ہے، نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر کا اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے ... (بقیہ 35 صفحہ 7پر)

بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

PIA میزبانوں کے سگریٹ اسمگلنگ میں ملوث ہونے کا انکشاف

انتظامیہ نے فضائی میزبانوں کو جہاز پر روانگی سے قبل بریفنگ میں بھی آگاہی کی ہدایت کردی، سرکلر جاری

چند روز قبل ملتان سے جدہ جانے والی پرواز کے 5 فضائی میزبانوں سے بڑی تعداد میں سگریٹ کے پیکٹس ملے تھے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز (پی آئی اے) کی انتظامیہ نے فضائی میزبانوں پر فلائنگ ڈیوٹی کے دوران سگریٹ لے جانے پر نئی پابندی عائد کرتے ہوئے خلاف ورزی پر سخت کارروائی کی تنبیہ کردی ہے۔ پی آئی اے کی جانب سے جاری سرکلر کے مطابق فضائی میزبانوں کو دوران فلائنگ ڈیوٹی صرف ایک سگریٹ پیکٹ لے جانے کی اجازت ہوگی۔ سرکلر میں کہا گیا ہے کہ ایک فضائی میزبان صرف 20 سگریٹ دوران ٹریول لے جاسکتا ہے، ایک پیکٹ یا 20 سگریٹ سے زیادہ لے جانے پر فضائی میزبانوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائیگی۔ پی آئی اے اعلامیے کے مطابق خلاف ورزی پر فضا (بقیہ 37 صفحہ 7پر)

لسبیلہ کے سینئر صحافی رفیق تبسم کے والد محترم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

والد کا سایہ سر سے اٹھنا ایک بہت بڑا صدمہ ہے جس کی تلافی ممکن نہیں، برکت علی نادر

حب (نمائندہ بولان) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر رہنما برکت علی نادر نے لسبیلہ کے سینئر صحافی رفیق تبسم کے والد محترم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے تعزیتی بیان میں برکت علی نادر نے کہا کہ والد کا سایہ سر سے اٹھنا ایک بہت بڑا صدمہ ہے جس کی تلافی ممکن (بقیہ نمبر 36 صفحہ 7پر)

لودھراں، پشاور سے کراچی جاتے ہوئے حادثے کا شکار ہونیوالی عوام ایکسپریس کی تباہ حال بوگی

فیصل آباد میں زیرِ تعمیر پلازے کے پلرز گرنے سے 18 سالہ مزدور جاں بحق

فیصل آباد (این این آئی) فیصل آباد میں زیرِ تعمیر پلازے کے پلرز گرنے سے 18 سالہ مزدور جاں بحق ہوگیا۔ واقعہ گٹ والا کے قریب پیش آیا جہاں زیرِ تعمیر پلازے کے پلرز اچانک گرگئے جس کے نتیجے میں ملبے تلے دب کر 18 سالہ مزدور موقع پر ہی دم توڑ گیا۔ حادثے کی اطلا (بقیہ 40 صفحہ 7پر)

خان پور میں ریلوے لائن عبور کرتے 70 سالہ بزرگ ٹرین کی زد میں آکر جاں بحق

خان پور (این این آئی) پنجاب کے شہر خان پور میں ٹرین کی زد میں آکر 70 سالہ بزرگ جاں بحق ہو گیا۔ عینی شاہدین کے مطابق حادثہ سجھ ریلوے سٹیشن کے قریب پیش آیا (بقیہ 41 صفحہ 7پر)

گینگ ریپ کا شکار غیر ملکی خاتون کی پنجاب اسمبلی میں موجودگی کی تصاویر سامنے آگئیں

غیر ملکی خاتون جوہر ٹاؤن اور ڈیفنس کے چائے کیفے میں جاتی رہتی تھی، متعدد لوگوں سے ملنا جلنا تھا

دو ملزمان کی شناخت کرلی گئی، تیسرے کی شناخت نہ ہوسکی، تین سہولت کاروں کو گرفتار کرلیا گیا ہے

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقے ڈیفنس سی میں غیر ملکی خاتون سے مبینہ اجتماعی زیادتی کے واقعے میں پولیس نے وقوعہ میں استعمال ہونے والی گاڑی برآمد کرلی ہے جسے تھانہ ڈیفنس سی منتقل کردیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق آذربائیجان کی رہائشی خاتون ڈیانا کا میڈیکل کروا لیا گیا ہے، میڈیکل رپورٹ میں مزید حقائق سامنے آئیں گے۔ گاڑی کی مدد سے مرکزی ملزمان کی تلاش جاری ہے۔ پولیس کے مطابق زیادتی کرنے والے ملزمان کی شناخت کرلی گئی ہے۔ ایس پی کینٹ عاصم افتخار کی سربراہی میں بنائی (بقیہ 38 صفحہ 7پر)

ضلع کیماڑی تھانہ جیکسن پولیس کی خفیہ اطلاع پر کاروائی، 24 کلوگرام چرس برآمد

ملزم کے خلاف مقدمہ درج کرکے مزکورہ نیٹ ورک کے بابت تفتیش و مزید گرفتاریوں کے لئے کوششیں کی جارہی ہیں

کراچی (نمائندہ بولان) ضلع کیماڑی تھانہ جیکسن پولیس کی خفیہ اطلاع پر کاروائی، 24 کلوگرام چرس برآمد، ایک ملزم گرفتار اس حوالے سے کیماڑی پولیس جانب سے جاری پریس ریلیز کے مطابق ضلع کیماڑی تھانہ جیکسن پولیس نے دوران تلاشی رکشہ کی سیٹوں کے نیچے اور دیگر حصوں سے 20 (بقیہ نمبر 39 صفحہ 7پر)

ڈیرہ مراد جمالی: گٹر میں گرنے سے ایک ہی خاندان کی دو بچیاں جاں بحق

جعفر آباد (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی میں ایک ہی خاندان کی دو بچیاں گٹر میں گر کر جاں بحق ہوگئیں، پولیس (بقیہ 43 صفحہ 7پر)

برطانیہ، فیئر فورڈ ایئر بیس کے علاقے سے کئی مشتبہ افراد گرفتار

برطانیہ میں امریکی فضائیہ کے زیرِ استعمال فیئر فورڈ ایئر بیس پر سیکیورٹی ہائی الرٹ کردی گئی

لندن (این این آئی) برطانیہ میں امریکی فضائیہ کے زیرِ استعمال فیئر فورڈ ایئر بیس کے علاقے سے کئی مشتبہ افراد گرفتار کرلیے گئے۔ برطانیہ میں امریکی فضائیہ کے زیرِ استعمال فیئر فورڈ ایئر بیس پر سیکیورٹی ہائی الرٹ کردی گئی ہے۔ پولیس کے مطابق جنوب مغربی انگلینڈ میں فیئر فورڈ ایئر بیس کیعلاقے سے کئی مشتبہ افراد کو گرفتار کیا گیا ہے، مشتبہ افراد کو دھماکا خیز مواد سے متعلق قانون کے تحت گرفتار کیا گیا۔ فیئر فو (بقیہ نمبر 42 صفحہ 7پر)

اوستہ محمد، ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

کوہاٹ میں ڈینگی بے قابو، 800 سرکاری کیسز رپورٹ

نجی مراکز اور گھروں میں زیرِ علاج مریضوں کے باعث اصل تعداد کہیں زیادہ ہونے کا خدشہ

گڑھی جات، اندرونِ شہر اور مضافاتی علاقوں میں بھی ڈینگی کے متعدد کیسز رپورٹ ہونے کی اطلاعات ہیں

کوہاٹ (این این آئی) کوہاٹ شہر اور ملحقہ علاقوں میں ڈینگی کے بڑھتے ہوئے کیسز نے شہریوں میں شدید تشویش پیدا کردی ہے۔ محکمہ صحت کے مطابق رواں سیزن میں اب تک 788 کیسز رپورٹ ہوچکے ہیں جبکہ ذرائع کے مطابق نجی کلینکس اور گھروں میں زیرِ علاج مریضوں کی بڑ (بقیہ 44 صفحہ 7پر)

بی آر ٹی منصوبے پر کام کی رفتار کو مزید تیز کیا جائے، شرجیل میمن

شرجیل انعام میمن کا ریڈ لائن بی آر ٹی منصوبے کے اہم حصے موسمیات فلائی اوور کا افتتاح

کراچی کے دو بڑے مسائل پانی اور ٹریفک کے ہیں اور ان دونوں مسائل کے حل کے لیے کام جاری ہے، سینئر صوبائی وزیر

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر اور صوبائی وزیر برائے اطلاعات، ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن نے ریڈ لائن بی آر ٹی منصوبے کے اہم حصے موسمیات فلائی اوور کا افتتاح کردیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر سعید غنی اور ڈپٹی میئر کراچی سلمان عبداللہ مراد بھی ان کے (بقیہ 47 صفحہ 7پر)

خیر پور، پنجاب سے کراچی جانیوالی مال بردار ٹرین کی بوگی پٹری سے اتر گئی

خیر پور (این این آئی) خیر پور میں ریلوے اسٹیشن کے قریب مال بردار ٹرین کی بوگی پٹری سے اتر گئی۔

بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائی قابلِ تحسین ہے، مراد علی شاہ

بھارتی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی پاکستان کے امن اور استحکام کے لیے سنگین خطرہ ہے

دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک قومی سطح پر مربوط اور موثر کارروائیاں جاری رہنی چاہئیں، وزیر اعلیٰ سندھ

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کو قابلِ تحسین قرار دیتے ہوئے جوانوں کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے اپنے بیان میں کہا کہ بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز نے موثر کارروائی کی ہے، بلوچستان میں بھارتی سرپرستی (بقیہ 48 صفحہ 7پر)

محلہ میر بالاچ اور برفت اسٹریٹ مونڈرہ کالونی سمیت شہر کے متعدد علاقوں کی گلی محلوں میں سیوریج لائنوں کی خرابی

گندے پانی کے جمع ہونے اور جگہ جگہ کچرے کے ڈھیروں کے باعث مچھروں کی افزائش میں اضافہ ہوگیا ہے

حب (نمائندہ بولان) محلہ میر بالاچ اور برفت اسٹریٹ مونڈرہ کالونی سمیت شہر کے متعدد علاقوں کی گلی محلوں میں سیوریج لائنوں کی خرابی، گندے پانی کے جمع ہونے اور جگہ جگہ کچرے کے ڈھیروں کے باعث مچھروں کی افزائش میں اضافہ ہوگیا ہے، جس سے ڈینگی، ملیریا سمیت مختلف موذی امراض پھیلنے کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے، علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ مذکورہ علاقوں کو طویل عرصے سے ترقیاتی منصوبوں میں نظرانداز کیا جاتا رہا ہے، جس کے باعث بنیادی شہری سہولیات کا فقدان بدستور برقرار ہے (بقیہ 50 صفحہ 7پر)

حمزہ شہباز کی سینئر لیگی کارکن خالد مصطفیٰ کی عیادت کیلئے انکی رہائشگاہ آمد

لاہور (این این آئی) سابق وزیر اعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف نے مسلم لیگ (ن) کے سینئر کارکن خالد مصطفیٰ سے ان کی (بقیہ 46 صفحہ 7پر)

اوورسیز پاکستانیوں کیلئے مفت قانونی خدمات کا معاہدہ

او پی سی پنجاب اور بار کونسل کا قانونی مسائل کے فوری حل کیلئے تعاون پر اتفاق

پنجاب بار سے تعاون کا معاہدہ بروقت انصاف کی فراہمی میں اہم سنگ میل ثابت ہوگا' صوبائی وزیر بیرسٹر امجد ملک

لاہور (این این آئی) اوورسیز پاکستانیز کمیشن پنجاب اور پنجاب بار کونسل نے اوورسیز پاکستانیوں کو درپیش قانونی مسائل کے حل اور انہیں مفت قانونی سہولیات کی فراہمی کیلئے باہمی تعاون پر اتفاق کیا ہے جس کے تحت پنجاب کے تمام اضلاع میں سول، فوجداری، خاندانی اور جائیداد سے متعلق مقدمات میں بلا معاوضہ قانونی خدمات فراہم کی جائیں گی جبکہ مقدمات کی جلد سماعت اور بروقت (بقیہ نمبر 45 صفحہ 7پر)

شمالی چھاؤنی پولیس نے مغوی کو بحفاظت بازیاب کرالیا، مرکزی ملزم گرفتار

لاہور (این این آئی) شمالی چھاؤنی پولیس نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے اغواء کے مقدمے میں مطلوب مغوی سلمان کو بحفاظت بازیاب کروا کر مرکزی ملزم کمال سبحانی کو گرفتار کرلیا۔ ایس پی کینٹ کے مطابق ملزم کمال سبحانی (بقیہ 56 صفحہ 7پر)

معاویہ ڈیجیٹل زون بیلا کا شاندار افتتاح

افتتاح رونجھا قبیلے کی ممتاز قبائلی شخصیت اور بڑاباغ کے معروف زمیندار واجہ غلام نبی موسیٰ رونجھو نے فیتہ کاٹ کر کیا

بیلا (نمائندہ بولان) معاویہ ڈیجیٹل زون بیلا کا شاندار افتتاح رونجھا قبیلے کی ممتاز قبائلی شخصیت اور بڑاباغ کے معروف زمیندار واجہ غلام نبی موسیٰ رونجھو نے فیتہ کاٹ کر باقاعدہ افتتاحی تقریب میں معززینِ علاقہ اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کے اختتام پر مولوی محمد عمران نے کاروبار میں برکت اور کامیابی کے لیے خصوصی دعا کرائی۔ اس موقع پر مہراللہ نمانی رونجھو، محمد ہاشم رونجھو، عبدالواحد موسیٰ رونجھو، ایڈووکیٹ اشرف بیزان، مسلم خان میروانی، واجہ محمد حیات رونجھو، (بقیہ 51 صفحہ 7پر)

اکتوبر کو اسلام آباد موٹر سائیکلوں پر جائیں گے، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی

مالاکنڈ (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ اکتوبر کو اسلام آباد موٹر سائیکلوں پر جائیں گے۔ مالاکنڈ میں پی ٹی آئی کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا کہ ہمارے راستے روکے جا رہے ہ

وفد نے نوابزادہ میر زرین خان مگسی سے کراچی میں ملاقات کی

تحصیل وندر کے انچارج محمد عباس سوری، شاکر حسین جاموٹ، ایاز علی جاموٹ، جاوید سومرو، فقیر مہر حسین اور سمیر واہورہ بھی موجود تھے

حب (نمائندہ بولان) پاکستان نوجوان اتحاد کے وفد نے چیئرمین پاکستان نوجوان اتحاد و رکن صوبائی اسمبلی نوابزادہ میر زرین خان مگسی سے کراچی میں ملاقات کی۔ وفد کی قیادت پاکستان نوجوان اتحاد ضلع حب کے صدر ساحر مگسی نے کی، جبکہ تحصیل وندر کے انچارج محمد عباس سوری، شاکر حسین (بقیہ 46 صفحہ 7پر)

حاجی نوید احمد ہاشمی نے اپنے ہاتھ سے مسجد کے کام کا آغاز کیا

مولوی شیر دل مولوی محمد رحیم سلیمانی عبدالغفور قادری سلیمانی اور سید نعیم شاہ سمت علاقہ معززین کی بڑی تعداد موجود تھی

بیلا (نمائندہ بولان) جامعہ فیضان حبیبیہ صدیقیہ صدوری کی تعمیر آغاز لسبیلہ کی معروف روحانی شخصیت و بزرگ ہستی سید حسن شاہ قریشی علامہ قاضی محمد اسحاق قریشی اور حاجی نوید احمد ہاشمی نے اپنے ہاتھ سے مسجد کے کام کا آغاز کیا تفصیلات کے مطابق تحصیل لاکھڑا علاقے صدوری میں (بقیہ 49 صفحہ 7پر)

تحصیلدار صحبت پور اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں کا جائزہ لے رہے ہیں

کراچی: فائرنگ سے 3 افراد زخمی، لڑکی چھت سے گر کر جاں بحق

کراچی (این این آئی) کراچی کے مختلف علاقوں میں فائرنگ اور دیگر واقعات کے دوران ایک لڑکی جاں بحق اور 20 سالہ نوجوان سمیت 3 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق تھانہ بغدادی کی حدود لیاری، حاجی پیر محمد روڈ پر ذاتی رنجش کے دوران فائرنگ کے نتیجے میں 20 سالہ ثاقب ولد حنیف زخمی ہوگیا، جسے طبی امداد کے لیے سول اسپتال منتقل کردیا گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہیں

حکومت پی آئی اے کیلئے طیارے خرید رہی ہے نہ ہی، خرم شہزاد

دنیا کے کسی بھی EXIM بینک کی طرح، امریکی ایکسپورٹ امپورٹ بینک کا بنیادی مقصد بھی اپنے ملک کی برآمدات اور روزگار کو فروغ دینا ہے

پی آئی اے اور برآمدی قرض دینے والے امریکی ایکسپورٹ امپورٹ بینک کے حوالے سے معاملات کو درست نہیں سمجھا گیا، خرم شہزاد

اسلام آباد (این این آئی) مشیر وزیر خزانہ خرم شہزاد نے کہا ہے کہ حکومت نہ تو نجکاری کے بعد پی آئی اے کے لیے طیارے خرید رہی ہے اور نہ ہی اس مقصد کے لیے کسی حکومتی ضمانت یا ٹیکس دہندگان کے پیسوں سے قرضے کا اعلان کیا گیا ہے۔ اپنے بیان میں خرم شہزاد نے کہا ہے کہ پی آئی اے اور امریکی ایکسپورٹ امپورٹ بینک کے حوالے سے حقائق واضح کرنا ضروری ہیں، گردش کرنے والے بعض تبصروں میں نجکاری اور برآمدی قرضہ فراہم کرنے والے ادارے کے کردار کو درست طور پر نہیں سمجھا گیا۔ خرم شہزاد نے کہا ہے کہ حکومت نہ تو نجکاری کے بعد پی آئی اے کے لیے طیارے خرید رہی ہے اور نہ ہی اس مقصد کے لیے کسی (بقیہ 52 صفحہ 7پر)

تحصیلدار ماجھی پور حبیب اللہ اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں کا جائزہ لے رہے ہیں

ٹیکس چوری پکڑنے کیلئے آرٹیفیشل انٹیلی جنس سے مدد لینے کا فیصلہ

انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی آخری تاریخ 30 ستمبر ہے، ترجمان

اسلام آباد (این این آئی) ایف بی آر نے ٹیکس چوری روکنے کیلئے پلان تیار کرلیا، مصنوعی ذہانت پرمبنی خود کار آڈٹ نظام غلط فراہم کردہ معلومات کی نشاندہی کرے گا، انکم ٹیکس ریٹرن میں غلط معلومات دینے والوں کے خلاف کاروائی کی جائے گی۔ ٹیکس چوری پکڑنے کیلئے آرٹیفیشل انٹیلی جنس سے مدد لینے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ ترجمان ایف بی آر کے مطابق انکم ٹیکس گوشواروں میں غلط معلومات فراہم کرنے والے زد میں آئیں گے۔ ٹیکس دہندگان کو مالی لین دین کا ریکارڈ احتیاط سے مرتب کرنے کی ہدایت کردی گئی۔ واضح کیا گیا کہ تمام معلومات درست اور دستاویزی ثبوت کے ساتھ درج ہونی چاہیے۔ انکم ٹیکس (بقیہ 53 صفحہ 7پر)

اے ڈبلیو لاسی کی صحافتی میراث کو آگے بڑھانے کا عزم

میرے لیے صحافت محض ایک پیشہ نہیں بلکہ میرے بزرگ کی دی ہوئی میراث ہے، طفیل طاہر مونڈرہ



حب (پ ر) اے ڈبلیو لاسی کی صحافتی میراث کو آگے بڑھانے کا عزم، نوجوان سوشل ایکٹیوسٹ طفیل طاہر مونڈرہ کو "ارمابیل" کے مشن کی اجازت، سینئر صحافی، قلم کار اور سہ ماہی رسالہ "ارمابیل" کے بانی اللہ ورایا لاسی المعروف اے ڈبلیو لاسی نے صحافت کے میدان میں طویل عرصہ خدمات (بقیہ 55 صفحہ 7پر)

کراچی: گھارو پمپنگ اسٹیشن کی بجلی بحال، پانی کی فراہمی شروع

کراچی (این این آئی) گھارو گرڈ ٹرانسمیشن پر کے الیکٹرک کا تکنیکی کام مکمل ہوگیا۔ ترجمان واٹر کارپوریشن کے مطا (بقیہ 63 صفحہ 7پر)

نصیر آباد، ڈپٹی کمشنر وریندر لعل اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کراچی: شاہراہِ بھٹو پر ٹریفک حادثہ، پولیس اہلکار جاں بحق

کراچی (این این آئی) کراچی میں شاہراہِ بھٹو پر ٹریفک حادثے میں موٹر سائیکل سوار پولیس اہلکار جاں بحق ہوگیا۔

ایک دن میں ایک کروڑ خرچ، ڈکی بھائی اور عروب جتوئی کو تنقید کا سامنا

سوشل میڈیا صارفین نے دولت کی نمائش کو نامناسب قرار دیدیا، وی لاگ پر ملا جلا ردعمل

لاہور (این این آئی) پاکستان کے معروف یوٹیوبر ڈکی بھائی اور ان کی اہلیہ عروب جتوئی ایک نئے وی لاگ کے بعد سوشل میڈیا پر شدید تنقید کی زد میں آ گئے ہیں، جس میں عروب نے ایک ہی دن میں ایک کروڑ روپے خرچ کرنے کا چیلنج لیا۔ وی لاگ میں عروب جتوئی نے بتایا کہ انہوں نے (بقیہ 56 صفحہ 7پر)

ہاکس بے کے قریب سمندر میں نوجوان نہاتے ہوئے ڈوب گیا

کراچی (این این آئی) ہاکس بے کے قریب سمندر میں نہاتے ہوئے نوجوان ڈوب کر جاں بحق ہوگیا۔

لاہور ہائیکورٹ میں 28 ججز کیسوں کی سماعت کرینگے

11 ڈویژن بینچ سول اور فوجداری اپیلوں پر سماعت کریں گے

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں آج (پیر) سے پرنسپل سیٹ پر 28 ججز کیسوں کی سماعت کریں گے جبکہ 11 ڈویژن بینچ سول اور فوجداری اپیلوں پر سماعت کریں گے۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کی منظوری کے بعد ایڈیشنل رجسٹرار جوڈیشل نے ترمیمی ججز روسٹر جاری کر دیا۔ (بقیہ 54 صفحہ 7پر)

کراچی، این سی آئی اے کا کال سینٹر پر چھاپہ، 70 افراد گرفتار

کراچی (این این آئی) کراچی میں نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی نے کال سینٹر پر چھاپہ مار کر 70 افراد کو گرفتار کرلیا۔

کاہنہ میں تیز رفتار ٹریکٹر ٹرالی نے گلی میں کھیلتے دو بچوں کو کچل دیا

12 سالہ انس ہسپتال میں دم توڑ گیا، آیان کا علاج جاری ہے' پولیس

لاہور (این این آئی) کاہنہ کے علاقے نکڑ پھاٹک میں تیز رفتار ٹریکٹر ٹرالی ڈرائیور نے گلی میں کھیلنے والے دو بچوں کو کچل دیا۔ پولیس کے مطابق حادثے میں 12 سالہ انس او (بقیہ 57 صفحہ 7پر)

ون ویلرز کیخلاف کریک ڈاؤن، 12 منچلے گرفتار

لاہور (این این آئی) رنگ روڈ پولیس کی جانب سے ون ویلنگ کرنے (بقیہ 62 صفحہ 7پر)

زمینداروں اور کاشتکاروں کے لیے بیلا کراس پر واقع پیر بخش مارکیٹ میں لسبیلہ ایگرو مارٹ کا باقاعدہ افتتاح

افتتاحی تقریب میں لسبیلہ ایگرو مارٹ کے مالک معروف ایڈووکیٹ فیصل کریم رونجھو سمیت علاقائی معززین زمینداروں اور دیگر معزز شخصیات نے شرکت کی

بیلا (نمائندہ بولان) لسبیلہ میں زرعی شعبے سے وابستہ زمینداروں اور کاشتکاروں کے لیے بیلا کراس پر واقع پیر بخش مارکیٹ میں لسبیلہ ایگرو مارٹ کا باقاعدہ افتتاح لسبیلہ کے ممتاز عالم دین قاضی محمد اسماعیل قریشی نے اتوار کے روز علاقائی معززین اور زمینداروں کی موجودگی میں کیا افتتاحی تقریب میں لسبیلہ ایگرو مارٹ کے مالک معروف ایڈووکیٹ فیصل کریم رونجھو سمیت علاقائی معززین زمینداروں اور دیگر معزز شخصیات نے شرکت کی، افتتاح کے موقع پر شرکا نے لسبیلہ ایگرو مارٹ کے قیام کو علاقے (بقیہ نمبر 59 صفحہ 7پر)

ایف آئی اے کی کاروائی، یو کے اسٹوڈنٹ ویزہ فراڈ کا ملزم گرفتار

دیگر ملزمان سلمان، ذوالقرنین اور مسما سعدیہ کے کردار کا تعین تفتیش کے دوران کیا جائے گا

گرفتاری کے دوران شکایت کنندہ سے وصول کی گئی سولہ لاکھ روپے کی مکمل رقم بھی برآمد کرلی گئی.

اسلام آباد (این این آئی) ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل اسلام آباد نے یو کے اسٹوڈنٹ ویزہ فراڈ کے ملزم کو گرفتار کرکے 16 لاکھ روپے برآمد کرلیے۔ حکام کے مطابق ایف آئی اے نے ملزم کے خلاف فروری 26 میں زیر دفعات 18 اور 22 ایمیگریشن آرڈیننس 1979 بمع دفعات 420، 506 اور 109 پی پی سی کے تحت مقدمہ نمبر AHTC-ICT-753/26 درج کر رکھا تھا جس میں ملوث مرکزی ملزم نجی کمپنی آئی ای آئی ایس کے چیف ایگزیکٹو آفیسر واصل آزاد، سی ای او/مالک IEIS کنسلٹنٹس اسلام آباد کو نجی ہاسنگ سوسائٹی کے فیز 7 سے گرفتار کیا گیا۔ گرفتاری کے دوران شکایت کنندہ سے وصول کی گئی سولہ لاکھ روپے کی مکمل رقم بھی برآمد کرلی گئی۔ تحقیقات سے ثابت ہوا کہ ملزم واصل آزاد نے اپنے ساتھیوں ڈ (بقیہ 58 صفحہ 7پر)

نوجوان کسی بھی معاشرے کا قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں، ہدایت الرحمٰن

جماعت اسلامی بلوچستان میں دینی و عصری تعلیم اور ہنر سے لیس باصلاحیت تعلیمیافتہ نوجوان تیار کریں گے

بلوچستان کے نوجوان باصلاحیت اور محنتی ہیں تعلیم و ٹیکنالوجی سے لیس ہوکر جدید چیلنجز کا مقابلہ کیا جاسکتا ہے، امیر جماعت اسلامی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکنِ صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کوئٹہ میں قائم الخدمت فاؤنڈیشن بنو قابل کے مختلف کمپیوٹر لیبس کا خصوصی دورہ کیا جہاں انہوں نے طلبہ و طالبات اور ٹیچرز سے ملاقات کی اور ان کی تعلیمی و فنی سرگرمیوں کا جا (بقیہ نمبر 61 صفحہ 7پر)

صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ، صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ زہری سے رکن قومی اسمبلی عادل بازئی ملاقات کر رہے ہیں

خیبر میں فائرنگ کا واقعہ، زخمی ایس ایچ او ریاض حسین آفریدی شہید

ڈی پی او وقار احمد کے مطابق شہید ایس ایچ او ریاض حسین آفریدی تھانہ ملاگوری میں تعینات تھے

خیبر (این ین آئی) خیبر میں زخمی ایس ایچ او ریاض حسین آفریدی زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے ہسپتال میں دم توڑ گئے۔ ڈی پی او وقار احمد کے مطابق شہید ایس ایچ او ریاض حسین آفریدی تھانہ ملاگوری میں تعینات تھے۔ ڈی پی او کے مطابق ایس ایچ او ریاض حسین آج نان کسٹم پیڈ گاڑیوں کے اسمگلروں کے ساتھ فائرنگ کے تبادلے میں شدید زخمی ہوگئے تھے، جنہیں طبی امداد کے لیے (بقیہ 60 صفحہ 7پر)

حب۔ چیئرمین پاکستان نوجوان اتحاد و رکن صوبائی اسمبلی نوابزادہ میر زرین خان مگسی سے پاکستان نوجوان اتحاد ضلع حب کے صدر ساحر مگسی تحصیل وندر کے انچارج محمد عباس سوری، شاکر حسین جاموٹ، ایاز علی جاموٹ، جاوید سومرو، فقیر مہر حسین اور سمیر واہورہ کا ملاقات کے موقع پر لیا گیا گروپ فوٹو